ماہنامہ

# راہنمائے عملیات

لاہور

فروری

Rs.20

دنی، عملیاتی اور نجومی دنیا کی حقیقی روایتوں کا امین ۔۔ ایک پاکیزہ ماہنامہ

طلسمات بروج




دلو

حاضرات

رمل

ماہنامہ حالات

freecopy
khalidrathore.com
Document Processing Solutions



# لوح خوش قسمتی

آپ اگر خوش قسمتی کے طالب ہیں اور زندگی میں درپیش مختلف مسائل کے حل کے لیے موثر اور زود اثر روحانی و عملیاتی مدد حاصل کرنا چاہتے ہیں تو ماہر عملیات و نجوم **خالد اسحاق راٹھور**، ایڈیٹر ماہنامہ **راہنمائے عملیات** سے خاص کوکبی حالتوں یعنی کواکب کی سعد نظرات، شرف، اوج اور بعض خاص یوگ بننے کے اوقات میں لوح خوش قسمتی تیار کروالیں۔

**ہدیہ چاندی پر 1700 روپے**

free copy
khalidrathore.com
Document Processing Solutions

ماہ فروری 2000
قیمت 20 روپے

جلد 2
شمارہ 12


# وقت ملاقات

شام 5 تا رات 8 بجے صرف

**وقت کی پابندی کریں**


پبلشر و چیف ایڈیٹر
شائستہ خالد راٹھور

ایڈیٹر
خالد اسحاق راٹھور

فون
6374864 صرف شام 5 تا رات 8 بجے تک

**email**
kirathor@pimail.com.pk

آفس
مکان 2، گلی 11، محمد نگر، نزد جامعہ نعیمیہ،
گڑھی شاہو، لاہور



قیمت
فی شمارہ 20 روپے
زر سالانہ 230 روپے — بیرون ملک 20 ڈالر

ترسیل زر
اندرون ملک بذریعہ منی آرڈر،
خالد اسحاق راٹھور، مکان 2، گلی 11، محمد نگر، نزد جامعہ نعیمیہ، گڑھی شاہو، لاہور

بیرون ملک **For bank draft**
Khalid Ishaq Rathor, Account No.8735-6, National Bank of Pkistan, Civil Secretariat, Lahore, Pakistan
**Phone 92-42-6374864**

پبلشر و چیف ایڈیٹر شائستہ خالد راٹھور نے الامین ٹریڈرز پرنٹرز ۲۵ ملک جلال دین وقف کمپٹ روڈ سے چھپوا کر شائع کیا


## فہرست مضامین


| | | | |
|---|---|---|---|
| نظرات کوکب اور عملیات | ۲ | من ایک کائنات | ۲۳ |
| شمس المعارف | ۳ | محفل حاضرات | ۲۵ |
| تسخیر ہمزاد | ۶ | بحر الجفر = خواص اسمائے برھتیہ | ۲۸ |
| بارہ ماسے سولہ سنگار | ۸ | حقائق نجوم | ۳۱ |
| ضرب رمل | ۱۲ | فن دست شناسی | ۳۲ |
| انکشافات رمل | ۱۵ | ناخنوں کی ساخت اور بیماریاں | ۳۵ |
| امید و دعا | ۱۶ | راہنمائے دست شناسی | ۳۸ |
| عمل عظیم | ۱۷ | برج دلو | ۴۰ |
| حاضرات کا چراغ | ۱۹ | ماھانہ حالات | ۴۵ |
| ہبوط عطارد | ۲۰ | بسمہ اللہ الرحمٰن الرحیم | ۵۲ |
| نقش بسم اللہ شریف اور زکات | ۲۱ | کوکبی تقویم ماہ فروری | ۵۳ |
| | | نظرات | ۵۴ |
| علاج بالقرآن | ۲۲ | خالد روحانی جنتری | ۵۵ |



free copy
ماہنامہ راہنمائے عملیات لاہور
khalidrathore.com
Lunatech Document Processing Solutions

# نظرات کوکب اور عملیات

(ماہ فروری)

از خالد اسحاق راٹھور۔

## قمر تثلیث مشتری

### ازدواجی معاملات

نظراتی اعتبار سے سعد اکبر ہے اور ماہ فروری میں اس نظر کے واقع ہونے کا وقت مورخہ یکم فروری شام چھ بج کر نو منٹ ہے۔ وہ لوگ جو گھریلو مسائل کا شکار ہوں۔ میاں بیوی میں عداوت، نفرت، لڑائی جھگڑا رہتا ہو ان کو درج ذیل نقش مثلث کو اس وقت بمطابق چال تحریر کر کے میاں بیوی کو پانی میں گھول کر پینے کے لیے دیں۔ ایسی تین مثلث ایک ہی وقت لکھ لیں اور تین ہفتے تک استعمال کریں نقش و چال یوں ہے۔ یہ اسم الٰہی شکور کا نقش ہے۔

نقش

| | | |
|---|---|---|
| 176 | 178 | 172 |
| 171 | 175 | 180 |
| 179 | 173 | 174 |

چال

| | | |
|---|---|---|
| 6 | 7 | 2 |
| 1 | 5 | 9 |
| 8 | 3 | 4 |

## عطارد تسدیس زحل

### انتظامی امور میں کامیابی

گیارہ فروری بوقت رات گیارہ بج کر تیس منٹ پر یہ نظر واقع ہو گی۔ اس وقت وہ لوگ جو انتظامی امور میں کامیابی کے خواہش مند ہوں یا کوئی کاروبار وغیرہ یا کوئی اور ذاتی یا دفتری کام ہو اور معاملات باآحسن طریقے سے طے نہ ہوتے ہوں درج ذیل نقش کو مطابق چال تحریر کر کے ہمہ وقت اپنے پاس یا دفتر میں رکھیں۔

نقش

| | | | |
|---|---|---|---|
| 1092 | 1088 | 1081 | 1095 |
| 1082 | 1094 | 1093 | 1087 |
| 1097 | 1083 | 1086 | 1090 |
| 1085 | 1091 | 1096 | 1084 |

چال

| | | | |
|---|---|---|---|
| 11 | 8 | 1 | 14 |
| 2 | 13 | 12 | 7 |
| 16 | 3 | 6 | 9 |
| 5 | 10 | 15 | 4 |

## زہرہ تربیع مشتری

## ذلت، بدنامی

یہ نظر اٹھارہ فروری بوقت دس بج کر چھ منٹ پر واقع ہو گی۔ اس نظر کے تحت تیار کیے گئے اعمال فرد کو ذلت، بدنامی اور بری شہرت دینے کا باعث بنتے ہیں۔ ایسا ہی کوئی امر درپیش ہو اور کسی بدبخت کو سزا دینا لازم ہو جائے تو درج ذیل نقش بمعہ چال تحریر کر کے کسی پرانے بوسیدہ کپڑے میں لپیٹ کر فرد کی گزرگاہ یا چوکھٹ میں دفن کر دیں۔

نقش

| | | | |
|---|---|---|---|
| 240901 | 240915 | 240912 | 240908 |
| 240913 | 240907 | 240902 | 240914 |
| 240906 | 240910 | 240917 | 240903 |
| 240916 | 240904 | 240905 | 240911 |

چال

| | | | |
|---|---|---|---|
| 1 | 41 | 11 | 8 |
| 12 | 7 | 2 | 13 |
| 6 | 9 | 16 | 3 |
| 15 | 4 | 5 | 10 |

## شمس تسدیس مشتری

### خوش قسمتی، عزت مرتبہ، حکومت، عہدہ

مندرجہ بالا مقاصد کے لیے درج ذیل عمل بیس فروری کو صبح دس بج کر انسٹھ منٹ پر بوقت تکمیل نظر تیار کریں۔ درج ذیل نقش بمعہ چال تحریر کر کے ضرورت مند ہمہ وقت اپنے پاس رکھے۔ زیادہ بہتر ہے کہ بیک وقت دو یا تین نقش یا چاندی کی لوح پر ان کو کندہ کرے۔ ایک نقش یا لوح گھر دوسری دفتر یا فیکٹری وغیرہ میں رکھے۔ اس کے ساتھ ساتھ اپنے نام کے اعداد کے مطابق اسم الٰہی یا مالک کا ذکر کریں۔ اللہ سے دعا کریں بالیقین حصول مقصد ہو گا۔

نقش

| | | |
|---|---|---|
| 2757 | 2763 | 2761 |
| 2765 | 2760 | 2756 |
| 2759 | 2758 | 2764 |

چال

| | | |
|---|---|---|
| 2 | 7 | 6 |
| 9 | 5 | 1 |
| 4 | 3 | 8 |

نوٹ: جو خواتین حضرات خود تیار کر سکیں، کر لیں عام اجازت ہے۔ جو ادارے سے تیار کروانا چاہیں چھ سو ہدیہ ادا کر کے متعلقہ نقش تیار کروا سکتے ہیں۔

free copy
khalidrathore.com
Document Processing Solutions

# شمس المعارف

**عملیات اور وظائف کی دنیا میں ایک روشن مینار حضرت ابوالعباس محمد بن علی بونی" کا ہے۔ آپ کی تحریر کردہ کتاب شمس المعارف اپنی مثال آپ ہے۔**

چنانچہ جبرائیل علیہ اسلام کے اس قدر ماتحت فرشتے ہیں جن کا شمار ممکن نہیں۔ پھر ان چاروں فرشتوں میں سے ہر ایک کے اذکار و اعمال علیحدہ ہیں۔ اور ہر ایک کا روز بھی علیحدہ ہے۔ چنانچہ جبرائیل کا روز دو شنبہ اور مزاج سرد تر ہے۔ اور اسرافیل کا روز پنج شنبہ اور مزاج گرم تر ہے۔ اور عزرائیل کا روز شنبہ اور مزاج سرد تر اور طبیعت خاکی اور موت اور فنا۔ اور میکائیل کا روز چہار شنبہ اور مزاج چار مزاجوں سے ممتزج۔

ان چاروں موکلات کے چار اوفاق الگ الگ ہیں۔ چنانچہ جبرائیل کا مسبع اور اسرافیل کا مربع اور عزرائیل کا مثلث اور میکائیل کا مثمن ہے۔ صورت ان کی یہ ہے۔

مسبع جبرائیل

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ۲۲ | ۳۳ | ۶۱ | ۲۴ | ۹ | ۲۶ | ۱ |
| ۲۰ | ۲۲ | ۲۳ | ۷۴ | ۲۵ | ۱۰ | ۲۱ |
| ۴۱ | ۳ | ۲۲ | ۳۴ | ۳۶ | ۵۶ | ۲۱ |
| ۴۱ | ۴ | ۲۳ | ۳۴ | ۳۶ | ۵۶ | ۲۱ |
| ۳۶ | ۳۰ | ۱۲ | ۲۸ | ۵ | ۴ | ۷ |
| ۲۷ | ۱۴ | ۹ | ۶ | ۲ | ۷ | ۵۸ |
| ۱۵ | ۲۶ | ۷ | ۱۸ | ۸ | ۹ | ۴۱ |

مربع اسرافیل

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۲ | ۱۲ | ۵ | ۱ |
| ۹ | ۷ | ۶ | ۱۲ |
| ۵ | ۱۱ | ۱۰ | ۸ |
| ۱۶ | ۶ | ۳ | ۳ |

مثلث عزرائیل

| | | |
|---|---|---|
| ۴ | ۹ | ۲ |
| ۳ | ۵ | ۷ |
| ۸ | ۱ | ۶ |

مثمن میکائیل

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۲۷ | ۶ | ۸ | ۵ | ۵ | ۵۴ | ۱۲ | ۱ |
| ۲۰ | ۲۰ | ۸۰ | ۶ | ۷ | ۵۲ | ۲ | ۲ |
| ۵ | ۲ | ۳۵ | ۲ | ۹ | ۴۳ | ۲ | ۲۰ |
| ۱۱ | ۱۸ | ۱۷ | ۲ | ۸ | ۱۰ | ۲ | ۸ |
| ۱۹ | ۱۲ | ۳۲ | ۲۲ | ۹ | ۲۶ | ۷ | ۸ |
| ۹ | ۱ | ۹ | ۶۱ | ۷۵ | ۸ | ۲۱ | ۱۰ |
| ۸ | ۵ | ۲۲ | ھے | ۸ | ۵۲ | ۹ | ۲ |
| ۴ | ۷ | ۱۶ | ۶ | ۷ | ۴ | ۷۲ | ۲۲ |

معلوم ہوا کہ اوفاق میں بہت بڑی تاثیر ہے جو شخص ترکیب سے کرے گا۔ ان کو صحیح پائے گا اور ان سے جو چاہے گا کام لے سکتا ہے۔ مگر خدا سے ڈرتا رہے کہ کسی کو تکلیف نہ پہنچائے۔

ترکیب ان کے لکھنے کی یہ ہے کہ جو وفق لکھنا چاہے اس کے اعداد میں عدد مطلوب زیادہ کر کے نہایت صحت کے ساتھ لکھے مطلب پورا ہو گا۔ اور مسبع کو اس طرح لکھے کہ پیر کے روز طلوع آفتاب کے وقت قمر کی ساعت میں خالص چاندی یا سپید کاغذ کے ٹکڑے پر نقش کرے۔ اگر بھلائی کے واسطے لکھتا ہے تو عروج ماہ یا شرف قمر میں جب کہ وہ نحوست سے سالم ہو لکھے۔ مگر چاہیے کہ جہاں تک ممکن ہو۔ درگزر کرے۔ کسی کو ستاوے نہیں۔ خداوند تعالے فرماتا ہے۔ **فَمَن عفا وَ اَصلَحَ فَاَجزہ عَلَے اللہِ** یعنی جس نے معاف کیا اور صلح کر لی۔ اس کا اجر خدا پر ہے۔ اور جب بھلائی کے واسطے لکھے تو

عملیاتی اور نجومی راہنمائی کے لیے مکمل یقین کے ساتھ رجوع کریں

عمدہ خوشبو روشن کرے۔ اور جب برائی کے واسطے لکھے تو بدبو روشن کرے۔ اور اگر اس وقت برج ہوائی میں ہو تو اس نقش کو ہوا میں لٹکائے۔ اور اگر برج آتشی میں ہو تو آگ میں دفن کرے۔ اور اگر برج خاکی میں ہو تو خاک میں۔ اس کے دروازے کی چوکھٹ کے نیچے دفن کرے۔

## کسی کو بلانے کا عمل

اگر اس کو بلانا چاہے تو اپنے دروازہ میں دفن کرے۔ کیسا ہی بڑا شخص ہو آجائے گا۔ اور اگر برج آبی میں ہو تو گزرگاہ آب میں دفن کرے۔ اور اگر بہانا چاہے تو ایک نرسل کی نلکی میں بند کر کے موم لگا کر پانی بہاوے۔ اور اس دعا کو پڑھ کر نقش پر دم کرے۔ دعا یہ ہے **اللھم انی اسالك باسمائك الحسنی کلھا الحمیدة التی اذا وضعت علی شی ذل وخضح واذاطلبت بھن الحسانات حصلت واذا صرفت بھن السیات صرفت و کلمات الله التامات التی لو ان ما فی الارض میں شجرة اقلام والبحر یمدہ من بعدہ سبعتہ احجر ما نفدت کلمات الله ان الله عزیز حکیم یا کافی یا ولی یا روئوف یا لطیف یا رزاق یا ودود یا قیوم یا علیم یا واسع یا کریم یا وھاب یا باسط یاذالطول یا معطی یا مغنے یا رحمن یا رحیم یا غنی یا مغیت یا حنان یا جواد یا محسن یا منتقم اللھم اغننی بحلاالك عن حرامك وبطاعتك عن معصیلتاك و بفضلك عمن سوالا یا ارحم الراحمین و اسالك اللھم باسمك الذی لا اله الا ہو الجلیل الرحمن الرحیم اللطیف العظیم الرزاق الغفور المومن المھین الممیت المجیب القریب السمیع السریع الکریم ذوالجلا والاکرام ذوالطول المنان۔**

## عمدہ اخلاق اور باطن درستگی کی دعا

ان اسماء کو جو شخص پڑھے یا اپنے پاس رکھے اس کے اخلاق عمدہ ہو جائیں گے اور لوگ اس پر مہربان ہوں گے اور کثرت سے نذر دیں گے۔ اور عجیب و غریب معانی کا اس پر انکشاف ہو گا۔ اور ظاہر و باطن اس کا درست ہو جائے گا۔ کیونکہ اس دعا میں وہ اسم اعظم ہے جس کے ساتھ تو کچھ دعا کی جائے قبول ہو اور جو کچھ مانگا جائے۔ وہ مل جائے۔ اور بہت بڑا بزرگ وظیفہ ہے، جو شخص آدھی رات کو ان اسما کا ورد کرے۔ اپنی ہمت کے موافق عجائبات ملاحظہ کرے۔ اس کی مداومت پوشیدہ اسرار کو کھول دیتی ہے۔ جو ان کو پڑھتا ہے۔ عالم علوی کے معاملات اس پر منکشف ہو جائیں اور ملائکہ اس کے مسخر ہوں اور جو شخص اسم کافی کے ساتھ ان اسماء کا ذکر کرے۔ اور کسی چیز کی تمنا رکھتا ہو تو اس کو اس طرح وہ چیز حاصل ہو گی کہ اس کو خیال تک بھی نہ ہو گا۔ اور جو کوئی ادنے درجہ کا آدمی ہو اور ترقی کرنا چاہے تو اللہ تعالیٰ بلا مشقت اس کو ترقی نصیب کرے گا۔ اگر کسی کی کوئی چیز گم ہو گئی ہے اور وہ اسم کافی اور جامع کا ورد کرے وہ چیز اس کو واپس آجائے گی اور یا عفو کا ورد بڑے بڑے الم و رنج کو دفع کرتا ہے۔ یا روف پڑھنے سے خوف دور ہو کر اطمینان حاصل ہوتا ہے۔ اس اسم کو جو خلوت اور روزہ کے ساتھ اس قدر ورد کرے کہ اس کا حال اس پر طاری ہو جائے تب اگر وہ شخص آگ کو ہاتھ میں لے لے گا تو کچھ ضرر نہ پہنچائے گی۔ اور اگر پکتی ہوئی ہنڈیا پر پھونک مارے گا۔ تب اس کا جوش جاتا رہے گا۔ اور اگر اس کے ساتھ یا حلیم یا رب یا منان اور ملا لے تو بہتر ہے۔ اس طرح پڑھے یا حلیم یا رب یا روف یا منان۔ اگر ان اسماء کو ساعت قمر میں لکھ کر دشمن سے مقابلہ کرے تو فتح مند ہو۔

## شہوت دور دشمن مغلوب

جس کو شہوت بہت ستاتی ہو وہ ان کو پڑھے تو شہوت اس کی زائل ہو جائے۔

اب ہم اپنے مقصد یعنی فوائد بسم اللہ کی طرف رجوع کرتے ہیں۔ جب یہ آیت نازل ہوئی تو اہل آسمان از حد خوش ہوئے اور عرش عظیم ہلنے لگا اور بے انتہا فرشتے جن کی گنتی خدا ہی کو معلوم ہے۔ اس کے ساتھ نازل ہوئے اور ملائکہ کا ایمان بڑھ گیا اور افلاک نے حرکت کی۔ اور اس کی عظمت کے آگے سلاطین ذلیل ہوئے۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم آدم علیہ السلام کی پیشانی پر لکھی ہوئی تھے۔ ان کی پیدائش سے بھی پانسو برس پہلے۔ اور جبرائیل علیہ السلام کی پیشانی پر لکھی ہوئی تھی۔ جب وہ حضرت ابراہیم علیہ السلام کے واسطے آگ کو گلزار بنانے آئے تھے۔ اور آگ سے انہوں نے کہا بسم اللہ اے آگ تو ابراہیم علیہ السلام پر ٹھنڈک اور سلامتی ہو جا۔ اور بسم اللہ ہی حضرت موسیٰ علیہ السلام کے عصا پر سریانی زبان میں لکھی ہوئے تھی۔ کیونکہ اگر بسم اللہ نہ ہوتی تو دریائے نیل عصا مارنے سے نہ پھٹ جاتا۔ اور بسم اللہ ہی حضرت عیسیٰ کی زبان پر لکھی ہوئی تھی۔ جب کہ انہوں نے پیدا ہوتے ہی کلام کیا۔ اور



free copy khalidrathore.com Document Processing Solutions

مردہ پر پڑھتے تھی تو زندہ ہو جاتا تھا۔ اور بسم اللہ ہی حضرت سلیمان کی انگوٹھی پر لکھی ہوئے تھی اور بسم اللہ کے ہی ساتھ مخصوص ہے کہ ہر صورت پر لکھی ہوئی ہے۔ اس کے خواص یہ ہیں۔ جو شخص اس کے عدد و حروف کے موافق اس کو ساتھ سو چھیاسی مرتبہ سات روز برابر پڑھے۔ جو کچھ نیت رکھتا ہو۔ وہ پوری ہو گی۔ بھلائی کے حاصل کرنے یا برائی کے دفع کرنے یا کسی تجارت کے چلنے وغیرہ کی اور جو شخص سوتے وقت اس کو اکیس بار پڑھے اس رات میں شیطان سے محفوظ رہے اور چوری اور ناگہانی موت اور ہر ایک بلا سے محفوظ رہے اور جب کسی ظالم کے سامنے پچاس مرتبہ بسم اللہ کو پڑھے۔ اس ظالم کے دل میں اس کی ہیبت پیدا ہو اور اس کے شر سے محفوظ رہے۔

## ایک سال میں امیر ہونے کا عمل

اگر طلوع آفتاب کے وقت آفتاب کے مقابل ہو کر تین سو مرتبہ بسم اللہ اور اسی قدر درود شریف پڑھے۔ خدا اس کو ایسی جگہ سے رزق دے جہاں سے اس کا گمان بھی نہ ہو اور ایک سال گزرنے نہ پائے کہ امیر کبیر ہو جائے۔

**اکسیر محبت:** محبت کے واسطے جس شخص کو سات سو چھیاسی بار پڑھ کر پانی پر دم کر کے پلائے وہ دوست ہو جائے۔

## ذہن کی تیزی کا عمل

اور اسی پانی کو اگر کند ذہن نہار منہ پیے۔ تو ذہن اس کا بہت تیز ہو جائے اور جو بات سنے یاد رہے۔ اگر باران طلبی کی نیت سے اکسٹھ مرتبہ پڑھی جائے تو اللہ تعالی بارش نازل کرے جو شخص صبح کے وقت دل اور سچی نیت سے ڈھائی ہزار مرتبہ چالیس روز تک پڑھے اللہ تعالے اس پر عجائب اور اسرار منکشف کرے اور عالم میں جو کچھ بات ہونے والی ہو۔ وہ اس کو خواب میں پہلے ہی معلوم ہو جایا کرے۔ مگر اس کے واسطے ریاضت اور رازداری شرط ہے۔ تاکہ کامیابی نصیب ہو۔ اگر کسی کو حاکم یا بادشاہ کے پاس جانا ہو تو جمعرات کو روزہ رکھ کر کھجور اور روغن زیتون سے افطار کرے اور مغرب کی نماز کے بعد ایک سو اکیس مرتبہ گن کر بسم اللہ پڑھے۔ پھر بے گنتی پڑھتا جائے۔ یہاں تک کہ اس کو نیند آجائے۔ پھر جمعہ کو صبح کے وقت اٹھ کر نماز کے بعد ایک سو اکیس مرتبہ پڑھے اور مشک و زعفران و گلاب سے ایک کاغذ پر ایک سو اکیس بار لکھے اور عود و عنبر کی خوشبو روشن کرے۔ پس قسم ہے خدا کی جو شخص اس کو اپنے پاس رکھے گا وہ لوگوں کی نگاہوں میں ایسا ہو گا جیسے چودھویں رات کا چاند۔ ہر ایک اس کی عزت و اطاعت کرے گا۔ اور اس کی ہیبت میں آجائے گا۔ اور جس کی اس پر نگاہ پڑے گی۔ وہی اس سے محبت کرے گا۔ اس کے لکھنے کی صورت یہ ہے۔ ب س م ن ل ہ ا ل ر ح ی م

## تنگی دور کرنے کا عمل

اور اگر تنگ معاش آدمی کو ایک سو اکیس بار ہرن کی جھلی پر مشک و زعفران و گلاب سے لکھے اور قسط بیعہ سائلہ۔ لبان جادی کی دھونی روشن کرے تو اللہ تعالے رزق اس پر کشادہ کرے۔

## قرض سے نجات کا عمل

اگر قرض دار اس کو اپنے پاس رکھے اللہ تعالی اس کا قرض ادا کرے اور ہر ایک برائی سے محفوظ رہے۔ اور اگر اس کو شیشے کے گلاس میں لکھ کر آب زم زم یا میٹھے کوئیں کے پانی سے دھو کر جس مریض کو پلائیں اس کو شفا ہو گی۔

## بچہ کی پیدائش میں سہولت

اور اگر عورت دردزہ میں مبتلا ہو اس کو پلائیں فوراً بچہ پیدا ہو۔ اور اگر ایک کاغذ پر ۳۵ مرتبہ لکھ کر گھر میں لٹکائیں تو شیطان کا گزر نہ ہو۔ اور برکت کی زیادتی ہو۔ اور اگر اس کاغذ کو دکان پر لٹکائیں تو نفع بہت ہو۔ اور خریداروں کی نگاہیں اندھی ہو جائیں گی۔ اور جو شخص پہلی محرم کو ایک سو تیس مرتبہ لکھ کر اپنے پاس رکھے تمام عمر اس کو یا اس کے گھر میں کوئی برائی نہ پہنچے۔ اور جس عورت کے بچے نہ جیتے ہوں یا اس کو حمل نہ رہتا ہو تو لازم ہے کہ ایک سو دس مرتبہ بسم للہ کر حیض کے پاک ہونے کے تین روز بعد اس کی کمر سے باندھے اور صحبت کرے۔ حکم الہی سے ضرور حاملہ ہو گی۔ اور نیک بخت صاحب عمر بچہ پیدا ہو گا۔ اور حمل کا کچھ دکھ درد اس کو معلوم نہ ہو گا۔ اور پھر وہ دو مہینے کے بعد اس تعویذ کو کھول کر رکھ دے اور جس کی اولاد نہ جیتی ہو وہ اس کو اکسٹھ مرتبہ لکھ کر اپنے پاس رکھے۔ اولاد اس کی زندہ رہے گی۔ اس کا تجربہ کیا اور درست پایا۔ اور اگر اس کو ایک سو مرتبہ لکھ کر کھیتی میں دفن کریں تو کھیتی خوب پھولے پھلے اور کل آفات سے محفوظ رہے اور اگر ستر مرتبہ لکھ کر مردہ کیساتھ کفن میں رکھ دیں تو منکر نکیر کی تکلیف سے محفوظ رہے۔

جاری ہے

free copy
khalidrathore.com
UrduTech Document Processing Solutions
ماہنامہ راہنمائے عملیات لاہور

# تسخیر ہمزاد

## المعروف پُر اثر جادو

یہ قسط وار مضمون دراصل محترم ریاض الدین احمد عرف ریاض دہلوی کی کتاب سے لیا گیا ہے۔ یہ کتاب ۱۹۲۱ء میں شائع ہوئی تھی۔

### طریقہ معمول کو پیچھے کی طرف گرانے کا

طریقہ حسب مذکورہ بالا طور پر کرنا ہوگا۔ صرف بجائے چہرہ کے آنکھوں کی پتلیوں سے پتلیاں عامل معمول کی ملے رہنی چاہئیں۔ اور آنکھ نہ جھپکے۔ اور سنبھالنے والا آدمی بجائے آگے کے پیچھے ہونا چاہئے اور عمل پڑھتے وقت تم بھی اپنے دل میں اسی خیال کو جگہ دو کہ میں معمول کو پیچھے کی طرف دھکیل رہا ہوں۔ اور یہ اب گرا چاہتا ہے۔ اور معمول کو بھی یقین دلا دو کہ تم پیچھے کی طرف بیہوش ہو کر گرو گے۔ اس کے بعد طریقہ مذکورہ پر عمل پڑھنا شروع کرو۔ فوراً اثر کا ظہور ہوگا۔ اور معمول پیچھے کی طرف گر کر بیہوش ہو جائے گا۔ جو آدمی سنبھالنے کے واسطے تم نے مقرر کر دیا ہے۔ اسے لازم ہے کہ فوراً سنبھال لے ورنہ معمول گر کر چوٹ کھا ویگا۔

### معمول کے ہاتھ باندھ دینے کا عمل

معمول کو اچھی طرح اس بات کا یقین دلا دو کہ ہم تیرے ہاتھ باندھ دیتے ہیں۔ اس کے بعد معمول کو اپنے سامنے ایک کرسی پر بٹھا دو۔ اور دوسری پر خود بیٹھ جاؤ۔ معمول کی آنکھوں کو اپنے ہاتھوں کی طرف قائم کرا دو۔ اور خود معمول کے ہاتھوں کو دیکھتے جاؤ۔ اور دل میں یہ خیال کرلو کہ میں قوت مقناطیسی کی نوری رسی سے اس کے ہاتھ نظر کے ذریعہ باندھ رہا ہوں۔ مگر شرط یہ ضروری ہے کہ قلب کو یکسوئی حاصل ہو۔ اور اس کے سوا جو تمہارا مطلب ہے۔ کوئی دوسرا خیال تمہارے دل میں پیدا نہ ہونے پائے۔ اور نہ کوئی شخص تمہارے عمل پڑھنے کے وقت مخل ہو۔ عمل یہ ہے (ثمنا مصلدون الا انسان معمو لو عاملین ظھورا) پس فوراً تمہاری مرضی کے موافق اثر ہوگا۔ اور معمول کے دونوں ہاتھ ایسے بند ہو جائینگے جیسے رسی سے جکڑ دے۔ ہزار در ہزار کوشش سے بھی نہ کھلیں گے۔ تاوقتیکہ تم خود ان کو نہ کھولو۔

### آنکھوں کے ذریعہ خواب طاری کرنا یا آنکھیں بند کرنا

مذکورہ بالا طریقہ سے معمول کو کرسی پر بٹھا کر قلب کو یکسو کر کے اس خیال کو دل میں خوب طور سے یقین کرلو کہ میں صرف آنکھوں کے ذریعہ اس کی یعنی معمول کی آنکھیں بند کر دونگا۔ اور معمول کو بھی یقین دلا دو کہ میں آنکھوں کی کشش سے تجھے سلا دونگا۔ تیری آنکھیں بند کر دونگا۔ اس کے بعد معمول سے آنکھیں لڑاؤ۔ اور خیال رکھو کہ دونوں میں سے کبھی ایک بھی آنکھ جھپکنے نہ پائے۔ اور دیگر خیال بھی دونوں کے دلوں میں نہ آنے پائے۔ دونوں کے دل میں یہی خیال موجیں مار رہے ہوں اور عامل اپنا عمل شروع کر دے۔ اور یہ اسم پڑھے (یا ابو صل چشمتاً خواب ھا) ایک سو چالیس مرتبہ پڑھو۔ یا جب تک اثر نہ ہو پڑھتے جاؤ ضرور اثر ہوگا۔ جاننا چاہیئے ہر ایک اسم کا ورد بے تعداد اس وقت تک رکھنا چاہئے جب تک معمول حسب مرضی کام نہ کرنے لگے۔ یا جیسا تم چاہتے ہو ویسا نہ ظاہر ہو۔ اگر دیر لگے تو مایوس نہ ہونا چاہئے کیونکہ مسمریزم کا دارومدار معمول کی طبیعت پر ہے۔ جیسی معمول کی طبیعت ہوگی۔ ویسا اثر ہوگا۔ اگر طبیعت ہلکی ہے تو فوراً ظہور ہوگا۔ اگر طبیعت سخت ہے تو بہت عرصہ کی ضرورت ہے۔ عامل کو لازم ہے کہ گھبرائے نہیں استقلال سے کام لے۔ بعض معمول ایسے بھی ہوتے ہیں جو عامل کو کئی کئی روز حیران کرتے ہیں۔ جب مرضی کے مطابق کام دیتے ہیں۔ عامل کو مستقل

عملیاتی اور نجومی راہنمائی کے لیے مکمل یقین کے ساتھ رجوع کریں

مزاج ہونا چاہیئے۔ اگر گھبرائے گا تو کام خراب ہو جائے گا۔

## معمول کو ملکوں کی سیر کرانے کا طریقہ

معمول کو اسلیپ میں لانے کے لیے اس بات کی سخت ضرورت ہے کہ اسے کرسی پر بٹھایا جائے۔ اور اس طریقہ سے بٹھایا جائے کہ اس کے دونوں کندھے سیدھے رہیں۔ اور آپ خود داہنی طرف کھڑے ہو جائیں۔ اپنے انگوٹھے اور پہلی تین انگلیوں سے معمول کی کنپٹی کو آہستہ آہستہ سہلانا شروع کریں اور بائیں ہاتھ سے اس کی گدی کو پکڑلیں۔ جس سے اس کو تکلیف محسوس نہ ہو۔ مگر پہلے جو آپ نے کرنا ہے۔ اسکو اس کے دماغ میں اچھی طرح بیٹھا دو اس کو اس بات کا یقین دلا دیں کہ میں تجھ کو جس ملک کی تو چاہتا ہے سیر کراتا ہوں۔ جب تم سب کچھ کر چکو گے جو اوپر بیان کیا گیا ہے تو اس کے دماغ میں خون گردش کرنے سے رک جائے گا۔ یہ عام قاعدہ ہے کہ انسان کے دماغ میں بیداری کے وقت خون زیادہ ہوتا ہے اور سوتے وقت کم پس تو یقین کرنا لازمی ہے کہ جس وقت خون کا دوران بند ہو تو نیند کا آنا لازمی ہے اور جس وقت نیند آئی تو اس کے دماغ میں وہی خیالات بھرے ہونگے جس کی تم اسے امید دلا چکے ہوں۔ پس تم اپنی مقناطیسی سے اس کی آنکھوں کی خیال میں وہی نقشہ پیدا کرنے کا خیال کرو۔ جس کا وہ خواہش مند تھا ضروری بات ہے کہ اس کو حالت خواب میں وہی نظارہ نظر آئے گا جس کا وہ طالب تھا۔ یعنی جس ملک کی وہ سیر کرنا چاہے ہے وہ ملک اس کو معلوم ہو گا بلکہ وہ یہ معلوم کرے گا کہ میں اس وقت اسی شہر میں ہوں۔ اس عرصہ میں تم اس سے جو سوال کرو گے۔ اس کا عین جواب دے گا۔ تمام حالات بتائے گا جو کچھ آنکھوں سے خیال میں اس کو نظر آئے گا۔ زبان کی مدد سے تم کو بتائے گا۔ تمام حال سنائے گا۔ ایک یہ بات بھی یاد رکھنے کے قابل ہے کہ اگر کسی جگہ تمہیں ناکامی ہو یا تم سے کوئی غلطی سرزد ہو جائے تو تم شرمندہ ہو کر ہمت نہ چھوڑ دو بلکہ پہلے سے زیادہ مستعدی سے کام کرو گے۔ اس مرتبہ ضرور کامیاب ہو جاؤ۔ یہ معلوم کر کے مت شرماؤ کہ معمول کو تمہاری غلطی معلوم ہو گی ہے ہرگز نہیں۔ اگر تم ہزار غلطیاں کرو گے تب بھی تمہارا معمول ان کو برائے نام بھی محسوس نہیں کر سکتا کیونکہ وہ اس علم سے ناواقف محض ہے۔ البتہ تم خود کوشش کرو کہ دوبارہ تم سے ویسی غلطی پھر نہ سرزد ہو۔

## معمول کو میدان جنگ کا مشاہد الہی آنا

جب عامل معمول پر اپنی توجہ مبذول کرتا ہے تو معمول کی آنکھیں بند ہونا شروع ہو جاتی ہیں اور اس پر ایک خمار سا چھا جاتا ہے۔ اور معمول اس قدر محفوظ ہوتا ہے اور چاہتا ہے کہ اس کو اس حالت سے بیدار نہ کیا جائے۔ بلکہ ہمیشہ اور ہر وقت یہی حالت طاری رہے۔ یہ عمل نہایت آرام دہ اور راحت بخش ہے۔ تم کو لازم ہے کہ معمول کو اچھی طرح اس امر کا یقین دلا دو کہ اگر کوئی شخص دنیا میں جادوگر یا مسمریزم کا عامل ہے تو وہ تم ہو اور جو کچھ تم کہتے ہو۔ ضرور اس سے بھی زیادہ دکھاؤ گے۔ مگر اس قدر مبالغہ نہ کرو کہ معمول تم کو دروغ گو خیال کرے۔ اور تمہاری بات کا اثر نہ ہو۔ اگر معمول کی یہ خواہش ہے کہ میدان جنگ کا نظارہ دیکھے تو اس سے دریافت کرو کہ کونسی جنگ دیکھنا چاہتا ہے کہ کس وقت کی اور کس شخص کی۔ کیونکہ تم کو عمل میں وہی نام اور اسی جنگ کا نظارہ طلب کرنا پڑیگا جس نظارہ جنگ کا عامل طالب ہو۔ تم کو لازم ہے کہ عامل کو ایک پلنگ پر دراز کرو۔ اور چت لٹاؤ دونوں ہاتھ معمول کے سینہ پر رکھ دو۔ اور اس کو کہو کہ آنکھیں بند کر۔ میں تجھے وہی سین دکھاتا ہوں مگر تو اپنا خیال صرف اسی طرف جمع کر کہ میں نظارہ جنگ دیکھ رہا ہوں۔ اور تمام خیالات اپنے دل سے دور کرے۔ اس کے بعد تم خود اپنے دل کو تمام خیالات سے پاک کر کے معمول کے سرہانے پر کھڑے ہو اور معمول کے سینہ کو اپنی نظر کی کشش سے پاس کرو۔ یعنی برابر ٹکٹکی باندھ کر معمول کے سینہ کو اس طرح دیکھنا شروع کرو کہ تمہاری آنکھ نہ جھپکے اور اپنے دل میں یہ خیال پختہ طور پر جمع کہ میں عامل کی روح کو وہی نظارہ دیکھا رہا ہوں۔ جوں جوں تمہاری نظر گیری اور قوت دار ہوتی جائے گی۔ اسی قدر معمول کو کامیابی ہوتی جائے گی۔ تم اس وقت یہ عمل پڑھنا شروع کرو۔

**یا ایوصل اثرانیکا نظارہ تون قتلو وجدانوھا**

جب تک تمہارا معمول خوف اور دہشت سے لرز جائے اس وقت تک برابر پڑھتے جاؤ۔ اور معمول سے دریافت کرتے جاؤ کہ اب کیا نظر آتا ہے وہ سب بیان کرے گا کہ فلاں شخص نے فلاں سردار کو قتل کیا۔ فلاں سوار بھاگا جاتا ہے۔ فلاں لشکر نے شکست کھائی۔ فلاں آدمی گرفتار ہو گیا۔ وہ توپ چھوٹی۔ اسی قسم کی باتیں کرے گا۔ اس کے بعد جب وہ بیدار ہونے کی درخواست کرے۔ اسے یقین دلا کر بیدار کر دو۔

(جاری ہے)

free copy
khalidrathore.com
Document Processing Solutions

عملیاتی اور نجومی راہنمائی کے لیے مکمل یقین کے ساتھ رجوع کریں

# بارہ مسالے سولہ سنگار

## تبسم نبوی

### بارش آنے پر صحابہ کے بھاگنے پر مسکرانا

ام المومنین سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا سے ہے کہ لوگوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں قحط اور بارش نہ ہونے کے بارے میں عرض کیا، آپ منبر پر تشریف فرما ہوئے اللہ تعالے کی تکبیر و حمد کی اور فرمایا تم بارش میں تاخیر اور قحط کی شکایت کر رہے ہو اللہ تعالے تمہیں حکم دیتا ہے اس سے دعا کرو وہ تمہاری دعا قبول فرمائے گا پھر آپ نے دعا کے لئے ہاتھ اٹھا دیئے۔

**ترجمہ: انہیں بلند فرماتے رہے حتی کے آپ کی مبارک بغلیں دکھائی دی جانے لگیں۔**

پھر آپ نے لوگوں کی طرف پشت کر دی اور اپنی چادر انور کو پلٹا، پھر لوگوں کی طرف متوجہ ہوئے آپ نے دو رکعت نماز ادا فرمائی۔

**ترجمہ: اللہ تعالی نے بادل بھیج دئیے جو کڑکے اور گرجے پھر اللہ کے حکم سے برسے ابھی نماز کے لیے اترے نہیں تھے کہ گلیاں نالے بہنے لگے جب آپ نے صحابہ کا تیزی سے بھاگنا دیکھا تو مسکرائے حتی کہ داڑھیں دکھائی دینے لگیں۔** اس کے بعد فرمایا: **ترجمہ: میں گواہی دیتا ہوں اللہ تعالی ہر شی پر قادر ہے اور میں اس کا بندہ اور رسول ہوں۔**

## معلومات قرآن قرآنی سورتیں

پہلے سوالات دیئے جا رہے ہیں ان کے جوابات کے لیے ذہن پر زور دیں۔ ان سوالات کے جوابات اس مضمون کے آخر میں دیئے گئے ہیں۔

۱) کیا آپ 'سورۃ' کے لغوی معنی بتا سکتے ہیں؟

۲) قرآن مجید میں 'سورۃ' کا لفظ کتنی مرتبہ استعمال ہوا ہے؟

۳) قرآن مجید میں سورتوں کی مجموعی تعداد کیا ہے؟

۴) کلام پاک کی سب سے بڑی اور سب سے چھوٹی سورت کا نام بتائیے؟

۵) ایسی سورتوں کی تعداد کتنی ہے جو ایک سے زائد پاروں میں ہیں؟

۶) قرآن مجید کی کتنی سورتوں کا نام صرف ایک ایک حرف تہجی پر مشتمل ہے؟

۷) کونسی دو سورتوں کے نام میں ایک ایک حرف تہجی استعمال ہوا ہے۔

۸) قرآن مجید کی تین سورتوں کے نام دو دو حروف تہجی پر مشتمل ہیں کیا آپ ان سورتوں کے نام بتا سکتے ہیں؟

۹) کس سورہ مبارکہ کا نام حروف تہجی کے اعتبار سے سب سورتوں سے زیادہ طویل ہے؟

۱۰) بہ اعتبار نزول قرآن مجید کی پہلی اور آخری سورتوں کے نام بتائیے؟

۱۱) قرآن مجید کی کتنی سورتیں بددعا سے شروع ہوتی ہیں؟

۱۲) قرآن کریم کی کتنی سورتیں لفظ سبحان سے شروع ہوتی ہیں؟

۱۳) لفظ سبحان سے شروع ہونے والی کوئی سی تین سورتوں کے نام بتائیے۔

۱۴) ان سورتوں کی تعداد بتائیے جن کا آغاز جملہ خبریہ سے ہوا ہے؟

۱۵) قرآن مجید کی صرف ایک سورہ کو تعلیل سے شروع کیا گیا ہے۔ بتائیے یہ سورہ کونسی ہے؟

## گھریلو دوائیں

### گلے کا درد، گلے کا ورم، گلٹیاں

۱) نیم کے پتے پیس کر شیرہ نکال کر تھوڑا سا شہد ڈال کر نیم گرم کر کے تین دن تک مناسب وقفوں کے ساتھ غرارے کریں گلے کا درد چلا جائے گا۔

۲) ارہر کی دال پانی میں بھگو کر اس کے پانی کو گنگنا کر غرارے کریں۔

۳) ارنڈ کے پتوں کو پیس کر جو کے آٹے میں ملا کر لیپ کریں۔

free copy
khalidrathore.com
UrduTech Document Processing Solutions

۴) گلٹیاں کہیں بھی ہوں گیہوں چاب کر گلٹیوں پر باندھنے سے مواد پک جاتا ہے یا تحلیل ہو جاتا ہے۔

۵) سرکہ اور گلاب میں شربت شہتوت ملا کر نیم گرم غرارہ کریں۔

۶) ببول کی پتی یا پھلی کے جوشاندے کا غرارہ کریں۔

۷) میتھی کے لعاب میں روغن بادام ملائیں اور نمک ڈال کر غرارہ کریں۔

۸) ریٹھے کو سرکے میں حل کر کے لیپ کریں۔

## گورنری

حضرت سلمان فارسیؓ کو سیدنا عمر فاروقؓ نے مدائن کا گورنر مقرر کیا تھا اور پانچ ہزار درہم سالانہ حضرتؓ کو گورنری کا معاوضہ ملتا تھا۔ حضرتؓ اپنا تمام معاوضہ راہ خدا میں خرچ کر دیتے اور بوریا بانی سے اپنی گزر اوقات کرتے تھے، حضرتؓ نے باوجود گورنر ہونے کے اپنا کوئی مکان نہ بنوایا تھا، دیواروں اور درختوں کے سائے میں رہا کرتے تھے۔ ایک شخص نے حضرتؓ کی خدمت میں درخواست کی کہ میں آپؓ کے لئے گھر بنا دیتا ہوں۔ حضرتؓ نے فرمایا مجھے گھر کی ضرورت نہیں۔ اس نے اصرار کیا کہ میں آپؓ کے لئے آپؓ کے حسب منشاء گھر بناؤں گا۔ حضرتؓ نے فرمایا تم میرے لئے کس قسم کا مکان بناؤ گے، بیان کرو۔ اس شخص نے کہا میں آپؓ کے لئے ایسا گھر بناؤں گا کہ جب آپؓ کھڑے ہوں تو سر مبارک اس کی چھت سے لگے اور جب آپؓ پاؤں پھیلائیں تو پاؤں کی انگلیاں دیوار سے جا لگیں، مکان کی ہیت سے آگاہ ہو کر حضرتؓ نے اپنی رضامندی کا اظہار فرمایا۔ چنانچہ اس شخص نے حضرت کے لئے حضرتؓ کے حسب منشاء مکان تیار کرا دیا۔

حضرتؓ کا کل سرمایہ ایک دھاری دار کملی تھی، جس کا کچھ حصہ آپؓ اوڑھ لیتے اور کچھ حصہ نیچے بچھا لیتے۔ گورنری کے دور میں بھی کملی حضرتؓ کے پاس رہتی تھی۔ بعض ناواقف لوگ حضرتؓ کی ظاہر حالت دیکھ کر حضرتؓ کو مزدور سمجھتے اور اپنا مال و اسباب اٹھواتے، جب راستے میں انھیں اس بات کا علم ہوتا کہ حضرتؓ مزدور نہیں، بلکہ امیر شہر ہیں تو مارے شرم کے حضرتؓ سے معذرت کرتے کہ ہمیں معلوم نہ تھا، آپؓ یہ تکلیف نہ اٹھائیں ہم خود اٹھا لیتے ہیں، مگر حضرتؓ فرماتے کہ حسب وعدہ میں یہ سامان منزل تک پہنچا کر آؤں گا۔

## پراسرار اعداد

یہ ایک ایسا شعبدہ ہے جس سے آپ دوسروں کو بے وقوف اور خود کو مسرور بنا سکتے ہیں۔

کسی چھوٹے سے عدد کا دھیان کیجئے۔ اب اسے دگنا کیجئے۔ اس میں چار شامل کر کے دو پر تقسیم کر دیں۔ اس سے وہ عدد نکال دیں جس کو آپ نے شروع میں سوچا تھا۔ آپ کا جواب دو (۲) ہوگا۔ یہ خودکار سوال ہے

| | | |
|---|---|---|
| فرض کیا شروع میں سوچا | = | 3 |
| دگنا کریں | = | 6 |
| 4 جمع کریں | = | 10 |
| 2 پر تقسیم کریں | = | 5 |
| پہلا عدد نکال دیں | = | 2 جواب |

جب آپ یہ بار بار اور اعداد سے جواب نکالیں گے تو یہ پہلے سے جمع کردہ عدد کا نصف ہوگا۔ اگر آپ اس سوال کو دوبارہ کرنے پر غور کیے جائیں تو پہلا عدد ضرور تبدیل کر دیں۔ جواب مختلف آئے گا۔ یاد رکھیں۔ اگر آپ 10 جمع کریں گے تو جواب 5 آئے گا۔

| | | |
|---|---|---|
| پہلا عدد جو سوچا گیا | = | 8 |
| دگنا | = | 16 |
| جمع کریں 8 | = | 24 |
| 2 پر تقسیم کریں | = | 12 |
| پہلا عدد نکال دیں (۸) | = | 4 جواب |

دوسری مثال:

| | | |
|---|---|---|
| پہلا عدد جو سوچا گیا | = | 12 |
| دگنا کریں | = | 24 |
| جمع کریں 12 | = | 36 |
| 2 پر تقسیم کریں | = | 18 |
| پہلا عدد نکالیں (12) | = | 6 جواب۔ |

## جنسی مسائل اور پامسٹری

٭ابھار قمر کو اگر چھوٹی چھوٹی لکیریں کاٹ رہی ہوں تو بلحاظ جنس یہ زنانہ اور مردانہ امراض کا پتا دیتی ہیں۔ جو جنسی افعال اور اولاد کے سلسلے میں مسائل کا

free copy khalidrathore.com Document Processing Solutions

پیش خیمہ ہو سکتی ہیں۔

☆ انگشت عطارد اگر اندر کی طرف مڑی ہو تو جہاں جنسی رویے کی مظہر ہے وہاں عورتوں میں ماہواری اور مردوں میں اولاد کے جرثومے کے امراض کا پتا دیتی ہے۔ شدید نوعیت بے اولادی بھی لا سکتی ہے۔

## ازدواجی نجوم - اہل ہند

| | |
|---|---|
| سرطان، عقرب اور حوت | برہمن بروج ہیں |
| اسد، میزان اور قوس | ویش بروج ہیں |
| حمل، جوزا اور دلو | کھشتری بروج ہیں |
| ثور سنبلہ اور جدی | شودر بروج ہیں |

شادی کرتے ہوئے ہندو اس بات کا خاص خیال رکھتے ہیں کہ خاوند کا قمری طالع بیوی سے اعلی نسب سے ہو یا کم از کم اس کے برابر کا ہو۔ اگر الٹ ہو تو یہ عورت بیوہ یا شادی کے خاتمے کی علامت خیال کیا جاتا ہے۔

## منہ سے بدبو دور کرنے کا طریقہ

سات سے اکیس دانے منقی پانچ سات چھوٹی الائچی اور آدھا تولہ سونف پانی میں رگڑ کر چھان کر میٹھا ملا کر پی لیں۔ آپ کے منہ سے بدبو ختم ہو جائے گی۔

## چشمہ خریدنے سے قبل شیشے کی پہچان

چشمے کو عمودی انداز میں پکڑیں اور اسے آنکھوں سے تقریباً ایک فٹ کے فاصلے پر رکھ کر ایک سمت میں آہستہ آہستہ گھمائیں اور بالکل اسی طرح دوسری جانب بھی گھمائیں اگر آپ کے ایسا کرنے سے شیشے میں چیزیں ہلتی یا ٹیڑھی نظر آئیں تو ایسا چشمہ ہرگز نہ خریدیں کیونکہ ایسا چشمہ لگانے سے آپ کے سر میں درد شروع ہو سکتا ہے۔ جو آگے جا کر آپ کی آنکھوں کی بینائی کو کمزور کرتا ہے۔

## پیٹ چھوٹا کرنے کی ورزش

پیٹ کے بل لیٹ جائیں ٹانگوں میں فاصلہ رکھیں مگر پاؤں نزدیک ہونے چاہئیں اپنے ہاتھوں کی انگلیوں کو باہم ملائیں مگر گردن کو پیچھے رکھیں، آہستہ آہستہ مگر گہرا سانس لیں اس کے ساتھ ہر سر شانے اور ٹانگیں فرش سے اٹھائیں مگر یاد رہے آپ کے گھٹنے سیدھے رہیں جب تک مکمل طور پر سانس اندر نہ کھینچ لیں اسی پوزیشن میں رہیں اب روکے ہوئے سانس کو آہستہ آہستہ اصلی پوزیشن میں لائیں۔

## چاول

چاول میں نشاستہ دار اجزاء گندم سے بھی زیادہ پائے جاتے ہیں چاول جسم کو فربہ کرتا ہے۔ دبلے پتلے افراد اس کی غذائیت سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔ مگر زیادہ وزن رکھنے والے افراد کو چاول سے پرہیز کرنا چاہئیے۔ چاول بادی افراد کو ریح بھی کرتا ہے اور اس سے جوڑوں کا درد اور قبض کی شکایت پیدا ہو سکتی ہے۔ چاول دیر سے ہضم ہوتے ہیں۔ البتہ میٹھے چاول نمکین چاولوں کی نسبت جلدی ہضم ہوتے ہیں۔ شوگر کے مرض میں مبتلا افراد کو چاولوں سے مکمل پرہیز کرنی چاہئیے۔ بچوں کی بہتر نشوونما میں چاول خصوصی اہمیت رکھتے ہیں۔ شیر خوار بچوں کو چاول مختلف طریقوں سے پکا کر کھلانے سے ان کی صحت بہت اچھی ہو جاتی ہے۔ بلڈ پریشر اور امراض دل کے مریضوں کو چاول سے مکمل پرہیز کرنا چاہئیے۔

## جوابات

(۱) شہر پناہ، رفعت بلندی (۲) سات دفعہ (۳) ایک سو چودہ (۴) بالترتیب سورہ بقرہ اور سورہ کوثر (۵) بیس (۶) دو سورتوں کا (۷) سورہ ص اور سورہ ق (۸) سورہ حج، سورہ صف اور سورہ جن (۹) سورہ بنی اسرائیل (۱۰) بالترتیب سورہ علق اور سورہ توبہ یا واضح رہے کہ سب سے پہلے مکمل نازل ہونے والی سورت سورہ فاتحہ ہے اور آخری مکمل سورت نصر ہے (۱۱) تین تطفیف، ہمزہ اور لہب (۱۲) سات (۱۳) بنی اسرائیل، اسری حدید، حشر وغیرہ (۱۴) ۲۳ سورتیں (۱۵) سورہ قریش۔

free copy
khalidrathore.com
Document Processing Solutions

# روحانی اور نجومی خدمات

## بچے کا نام

علم نجوم کی روشنی میں بچے کا نام استخراج کروا کر آپ اپنے بچے کو کوکب کے نحس اثرات سے محفوظ اور سعد اثرات کے تحت کر سکتے ہیں۔ آپ کے بچے کے بہت سے مسائل حل ہو سکتے ہیں۔ فیس: ۲۰۰ روپے۔ کوائف وقت، تاریخ اور مقام پیدائش

## پتھر اور جواہرات

☆ خوش قسمتی کا پتھر کون سا ہے؟
☆ کس پتھر کا استعمال آپ کے لیے موزوں ہے؟
☆ کس پتھر کا استعمال نحوست کا باعث ہے؟
☆ کوائف: نام، وقت، تاریخ اور مقام پیدائش
☆ فیس ۲۰۰ روپے

## نجومی روحانی راہنمائی

☆ اگر آپ پریشان ہیں اور منزل کھو بیٹھے ہیں۔
☆ اگر آپ دنیا سے لڑ جھگڑ رہے ہیں اور آگے بڑھنا چاہتے ہیں۔
☆ اگر آپ ناکام زندگی بسر کر رہے ہیں اور کامیابی چاہتے ہیں

تو خالد اسحاق راٹھور، ایڈیٹر راہنمائے عملیات آپ کے زائچے کی روشنی میں اپنی وجدانی قوتوں اور ارتکاز توجہ کے ذریعے آپ کے معاملے کے تمام پہلوؤں کا جامع جائزہ لینے کے بعد آپ کی مکمل اور درست راہنمائی کریں گے۔ جس کے نتیجے میں آپ جہاں کامیابی اور اور حصول منزل میں کامیاب ہوں گے وہاں آپ خود اور اپنے ملنے والوں، دوستوں اور عزیز و اقارب کو بھی خالد اسحاق راٹھور، ایڈیٹر، راہنمائے عملیات سے نجومی اور روحانی راہنمائی حاصل کرنے کا مشورہ مکمل یقین اور اعتماد سے دے سکیں گے۔ اس خدمت کے لیے آپ کو ادا کرنے ہوں گے صرف پانچ سو روپے۔ کوائف نام بمعہ نام والدہ تاریخ پیدائش، وقت پیدائش، مقام پیدائش، درپیش مسئلہ۔

## انگوٹھیاں

کاروبار اور تجارت میں اضافے، رزق میں برکت، حصول روزگار، حصول اولاد، تسخیر درجوع خلقت، شادی، محبت، صحت، خصوصی امراض، رد سحر، جادو، مقدمے میں کامیابی وغیرہ کے لئے آپ ادارے کی تیار کردہ خصوصی انگوٹھی حاصل کر سکتے ہیں۔ ہدیہ: ۵۰۰ روپے (ڈاک خرچ ۵۰ روپے)

**ہمیشہ جوابی لفافہ ارسال کریں**

## لوح خوش قسمتی

آپ اگر خوش قسمتی کے طالب ہیں اور زندگی میں درپیش مختلف مسائل کے حل کے لیے موثر اور زود اثر روحانی و عملیاتی مدد حاصل کرنا چاہتے ہیں تو ماہر عملیات و نجوم خالد اسحاق راٹھور، ایڈیٹر ماہنامہ راہنمائے عملیات سے خاص کوکبی حالتوں یعنی کواکب کی سعد نظرات، شرف، اوج اور بعض خاص یوگ بننے کے اوقات میں لوح خوش قسمتی تیار کروالیں۔ اپنے کوائف بذریعہ ڈاک اور ہدیہ ۷۰۰ روپے بذریعہ منی آرڈر ارسال کریں۔

## طلسم تسخیر و حاجت

یہ لوح ایک طویل عرصے سے تیار کر رہا ہوں۔ یہ ایک خاص روحانی و عملیاتی طریقہ کار کے تحت تیار کی جاتی ہے۔ اس کی تیاری میں مختلف کوکبی حالتوں کو بھی مدنظر رکھا جاتا ہے۔ آپ بھی رزق، دولت، شادی، تسخیر مطلوب، تسخیر خلق، حصول عہدہ، انعامی بانڈ، تسخیر دشمن، حصول اولاد، صحت، جادو و سحر سے حفاظت، حفظ امن یا کسی بھی مطلب کے لیے یہ خصوصی عمل تیار کرا سکتے ہیں۔ ہدیہ ۵۹۹ روپے۔ کوائف نام بمعہ نام والدہ تاریخ پیدائش، وقت پیدائش، مقام پیدائش، درپیش مسئلہ

## تفصیل زائچہ جات

| | |
|---|---|
| ایک سوال | 100 روپے |
| ایک مکمل امر / سوال | 500 روپے |
| پیدائشی زائچہ | 200 روپے |
| پیدائشی زائچہ بمعہ تفصیلی حالات | ذاتی رابطہ |

## خط لکھنے والے

ایک خط میں ایک سوال تحریر کریں۔ زیادہ ہونے کی صورت میں ایک کے سوا باقی کا جواب دینا ممکن نہ ہوگا۔ جوابی لفافہ جس پر آپ کا مکمل پتہ تحریر ہو ضرور ارسال کریں۔

free copy
khalidrathore.com

از: عابد جعفری، کھوڑ۔

# ضرب رمل

## طالع کا بستہ ہونا یا کشادہ ہونا

**قاعدہ:**

طالع کو دیکھیں اس میں نقطہ آب موجود ہے تو طالع کشادہ ہے اور اگر نقطہ آب موجود نہیں ہے تو طالع بستہ ہے۔ طالع کی تکرار سے امورات بستگی وکشادگی کا بیان کیا جاتا ہے۔


### طالع اور ستارہ

**قاعدہ:**

زائچہ کے تمام نقاط کو جمع کر کے ۷ پر تقسیم کریں باقی نمبر ۱ زحل، نمبر ۲ مشتری، نمبر ۳ مریخ، نمبر ۴ شمس، نمبر ۵ زہرہ، نمبر ۶ عطارد، نمبر ۷ قمر ہوا کرتا ہے۔

زائچہ کے کل نقاط جمع کیے تو ۲۶ ہوئے ان کو سات پر طرح دی تو باقی ۵ بچے۔ ۵ کے تحت زہرہ کا دور نکلتا ہے۔ اس کے بعد شمس کا دور شروع ہوگا۔ جبکہ پہلے ایک قاعدہ سے ہم نے ازواج الرمل سے شمس کا دور نکالا تھا۔ لیکن قاعدہ ہذا سے زہرہ کا دور نکلتا ہے۔ اس لیے زرہ کا دور اب ختم ہونے والا ہے اس کے بعد شمس کا دور شروع ہوگا۔ اس قاعدہ کی مزید تفصیل یہ ہے کہ کل نقاط ۲۶ ہیں۔ ۷ کی طرح سے تین دور مکمل ہو چکے ہیں۔ اور چوتھے دور میں اس وقت زہرہ کا دور نکلتا ہے۔ اب زائچہ کو دیکھیں طالع میں پہلی شکل نصرۃ الداخل ہے۔

اس میں دو نقاط ہیں۔ ایک آبی اور ایک خاکی۔ آبی نقطہ کمزور ہے اس لیے سال کا سال اول جب سائل پیدا ہوا سائل کی صحت بوجہ سردی متاثر ہوئی اور سائل کو مرض نمونیا ہوا۔ کیونکہ آب کا تعلق سردی سے ہے۔ یہ نقطہ شکل قمر کے تحت ہے۔




دوسرا نقطہ عطارد کے تحت ہے گویا اس شکل میں ایک نقطہ کا تعلق قمر سے ہے۔ اور دوسرے کا تعلق عطارد سے دوسرا نقطہ عطارد کا مضبوط ہے قوت مسالمت رکھتا ہے۔ اور بلندی چاہتا ہے۔ اس لیے سال دوم پہلے سال سے بہتر رہا اب تیسرا نقطہ خانہ دوم کا نقطہ باد ہوگا۔ یہ مرکز باد میں مضبوط ہے۔

یہ دور زہرہ کا تیسرا دور ہے۔ اس لیے پرورش کا تیسرا سال بھی صحت کے لحاظ سے اور ناز و نعم کے لحاظ سے اچھا گزرا اب چوتھا نقطہ شمس کا ہے۔ جو زندگی کے ابتدائی چوتھے سال پر حکمران ہے۔ اور موجودہ شکل بھی شمس کی ہے اس لحاظ سے یہ سال بھی موافقت رکھتا ہے اور شکل خانہ سوم کا بادی نقطہ ہے۔ بہتر ہے اسی طرح چھٹا نقطہ اسی شکل کا خاکی نقطہ ہے جو مشتری کا ہے۔ اور خاکی نقطہ مرکز آب میں مضبوط ہے۔ اس لیے چھٹے سال میں تعلیمی دور کا آغاز ہوا۔ چھٹے کے سال بعد ساتواں سال شروع ہوا جو نقطہ خاک انکیس خانہ چہارم کا ہے۔ اس پر زحل کی حکمرانی ہے اس لیے اس عمر میں سائل پر والدین کی خاص توجہ نہ ہونے کے باعث ذہن میں کشادگی نہ ہوئی اور چند بد خصلتوں نے ذہن میں جگہ پائی۔ یہ دور پانچویں شکل پر مشتمل ہے۔

اور اشکال پر بالترتیب قمر کا دور رہا یہ قمر کا دور اکبر ہے اور جن ادوار کی تفصیل بیان کی گئی ہے۔ یہ دور اصغر ہیں۔ علی ھذا القیاس۔

### کسی کام کی ابتداء کرنا

ایسے سوال جن میں یہ دیکھنا ہو کہ میں کوئی کام شروع کرنا چاہتا ہوں وہ میرے لیے بہتر ثابت ہوگا۔ سوال کا جواب لینے کے لیے یہ ضروری ہے کہ اس بات کو معلوم کر لیا جائے کہ اس کام کا تعلق کس خانہ کے ساتھ ہے۔ اب اس خانہ کی شکل کو زائچہ کی شکل چہارم سے ضرب دے کر ایک شکل حاصل کریں۔ اگر یہ شکل سعد ہو تو سائل کو فوراً نفع ملتا ہے۔ ثابت شکل سے بدیر نفع ملتا ہے۔ سعد خارج اور منقلب اشکال اتصال کے سوال میں بے سود ہونگی۔

**دیگر قاعدہ:**



free copy
khalidrathore.com
Document Processing Solutions

ابتدائے کار میں خانہ تیرہ کی شکل کو دیکھیں اگر وہ سعد داخل ہو اور باقوت ہو تو دلیل مبارک ہونے کی ہے۔ سعد خارج شکل حکم اوسط کا رکھتی ہے۔ باقی اشکال بد ثمرہ دیتی ہیں۔

**قاعدہ:**

زائچہ کی اشکال ایک اور پندرہ کی ضرب سے ایک شکل حاصل کریں۔ پھر خانہ پانچ اور گیارہ کو ضرب دے کر دوسری شکل حاصل کریں۔ پھر ان دو نتائج کو ضرب دے کر متحصلہ حتمی حاصل کریں۔ اور اس کی سعادت اور نحوست دخول و خروج کو دیکھ کر کام کی ابتداء و انتہا کے بارے میں حکم لگائیں۔

**قاعدہ:**

شکل اول کو شکل دہم سے ضرب دے کر شکل متحصلہ حاصل کریں۔ اگر یہ شکل سعد داخل ہو ابتداکار از حد نیک ہوتی ہے۔ سعد خارج سے جزوی نیک ہوا کرتی ہے۔ سعد ثابت بھی نیک ہوتی ہے۔ دیگر ایک آسان اور عمدہ قاعدہ کے تحت خانہ طالع اور خانہ مقصد کا سعد ہونا اور باقوت ہونا ابتدائے کار کے عمدہ ہونے کی دلیل ہے۔ ناقص ہونے کی صورت میں کام شروع نہیں کرنا چاہیئے۔ سائل کا سوال خانہ دوم کے بارے میں ہے سائل کاروبار جدید شروع کرنا چاہتا ہے۔

۱) اب خانہ اول کی شکل سعد مقلب ہے اور خانہ مقصد کی شکل مقلب اس لیے یہ کام شروع نہیں کرنا چاہیئے۔

۲) شکل خانہ دوم کو شکل خانہ چہارم سے ضرب دی × = شکل سعد مقلب ہے جو خانہ دہم اور خانہ بارہ میں ہے یہ دوسری دلیل ابتداء نہ کرنے کی ہے۔


۳) شکل خانہ تیرہ نحس مقلب ہے۔ یہ تیسری دلیل ہے۔

۴) شکل اول ضرب پندرہ × =

شکل پنجم ضرب گیارہ × =

شکل اول اور کو شکل دوم سے ضرب دی

× = یہ شکل خانہ یازدھم میں مضبوط ہے جو تیسری کی دلیل ہے۔




اس کام کا حتمی نتیجہ اخذ کیا کہ اس کام کی ابتداء اچھی ہے۔ لیکن اس میں منافع بہت ہے۔ اس لیے شروع کرنے سے پہلے اچھی طرح سوچ سمجھ لینا ضروری ہے۔ یہاں یہ سوچ سمجھ کر جواب اخذ کرنا ہوتا ہے۔ کیونکہ تین قواعد سے ثابت ہوا کہ اس کام کی ابتدا اچھی نہیں لیکن ایک قاعدہ کی رُو سے ثابت ہوا کہ اچھا ہے۔ اور اگر کام کو صحیح طریقہ پر کیا جائے تو منافع ہوگا۔ سوال نیکی و بدی طالع کے لیے استادوں کے مختلف قواعد آپ کی نظر سے گزرے۔ یہ سب قواعد اپنی اپنی جگہ ہر استاد نے آزمائے ہیں لیکن علم رمل کا تعلق عقل سے ہے۔ اسی لیے رمال کی اپنی سوجھ بوجھ جہاں پر کام کرتی ہے۔ وہاں پر قواعد اتنے کار آمد نہیں ہوتے۔ طالع کی نیک و بدی دیکھنے کے لیے ایک قاعدہ اور کار آمد ہے۔ اس قاعدہ سے ہر مشکل کا مطلوب دیکھا جاتا ہے۔ طالب اور مطلوب کی رو سے زائچہ کو پڑھا جاتا ہے۔ اس قاعدہ کی شرح کے لیے عطاء اللہ لاہور کا پڑھا ہوا زائچہ پیش خدمت ہے۔

سوال: دریافت نیکی و بدی طالع و دریافت حال بہبودی نفس و ابتدائے کار۔

اس زائچہ کے خانہ اول میں شکل طالع فرح ہے۔ یہ شکل دائرہ کی رو سے خانہ پنجم کی مالکہ ہے۔ قاعدہ کی رو سے خانہ مقصد بھی خانہ اول ہی ہے۔ اب یہاں پر دیکھنا ہے کہ یہ شکل قوی ہے یا کمزور سعد ہے یا نحس وتد میں ہے۔ یا مائل وتد میں اس کی اپنے مطلوب کے ساتھ کیسی نظر ہے۔ اس کی تکرار کہاں ہے اور اس کا عکس کس خانہ میں پڑا ہے۔ گواہاں کی گواہی اور ہم مزاج اشکال کی موجودگی کے علاوہ ظاہر و باطن نتائج کو ملاحظہ کرنا یہ سب امور ضروری ہیں۔

خانہ اول میں شکل فرح بادی عنصر سے تعلق رکھتی ہے اور خانہ اول مرکز آتش ہے۔ باد کا مرکز آتش میں آنا قوت وتد الوتد کہلاتا ہے۔ باد کا مرکز آب میں آنا مائل وتد باد کا مرکز خاک میں ہونا زائل وتد اور باد کا مرکز آتش میں آنا وتد الوتد جبکہ باد کا مرکز باد میں آنا وتد کہلاتا ہے۔ اس طرح تمام عنصر کی آمد اپنے مرکز وتد کہلاتی ہے۔ مابعد عنصر میں مائل وتد اس کے بعد زائل وتد اور چوتھے مرکز میں وتد الوتد کہلاتا ہے۔ تشریح اس کی مزید کی جاتی ہے۔




free copy khalidrathore.com UrTech Document Processing Solutions


۱) شکل یا نقطہ خانہ آتشی میں وتد بادی میں مائل وتد آبی میں زائل وتد خاکی میں وتد الوتد۔

۲) شکل یا نقطہ باد خانہ باد میں وتد آب میں مائل وتد خاک میں زائل وتد اور آتش میں وتد الوید۔

۳) شکل یا نقطہ آپ مرکز آب میں وتد خاک میں مائل وتد آتش میں زائل وتد اور مرکز باد میں وتد الوتد۔

۴) شکل یا نقطہ خاک مرکز خاک میں وتد مرکز آتش میں مائل وتد باد میں زائل وتد اور مرکز آب مین وتد الوتد ہوا کرتا ہے۔

یہ شکل سعد اصغر ہے اور کوکب زہرہ سے تعلق رکھتی ہے۔ خانہ اول میں شکل فرح کو ۴ طاقتیں حاصل ہیں۔ ایک قوت مرکز دوست کیونکہ یہ گھر اس شکل کے دوست عنصر کا گھر ہے۔ دوسری قوت وتد تیسری قوت سعادت اور چوتھی قوت مساویت ستارہ اور دائرہ عدد کی رو سے بھی یہ پہلے گھر کی مالک ہے۔ اب اس کے مطلوب کو دیکھا مطلوب ہر شکل کا دائرہ عدد کی رو سے ساتویں شکل ہوا کرتی ہے۔ صورت دائرہ عدد کی یہ ہے۔



ہمارے زائچہ کی شکل اول کا مطلوب دائرہ عدد کی رو سے ساتویں شکل قسرہ ہے۔

یہ شکل بے حد نحوست کی حامل ہے۔ اور زائچہ کے خانہ ۱۶ میں ہے جس کا تعلق خاک سے ہے۔ جبکہ شکل بادی ہے باد اور خاک میں دشمنی ہے۔ اب یہاں پر اس مطلوب کی حالت سے اندازہ ہوا کہ طالع سائل کا زبردست ہے۔ لیکن اس پر نحوست طاری ہے کیونکہ ایک تو اس کا مطلوب نحس ہے۔ دوسرا اس کی موجود مرکز مخالف میں ہے۔ تیسرا کسی قسم کی طالع سے نظر نہیں رکھتا۔ اب شکل طالع کو دیکھیں کہ یہ سعد منقلب ہے۔ اور سعد منقلب شکل کسی ایک نوع پر قائم نہ رہنے کی علامت ہے۔ اس سے تردد ظاہر ہوتا ہے۔ سائل متردد اور متفکر ہے۔ اس شکل نے خانہ ۳ میں تکرار کی ہے۔ اس تردد کی وجہ سائل کی ہمشیرہ۔ کیونکہ خانہ سوم میں شکل مونث کو ظاہر کرتی ہے۔ یہ شکل و صورت عورت کی ہے۔

جاری ہے

## باقی = امید اور دعا

سے ہر ایک کی دعا قبول ہوتی ہے۔ اگر تم جلد بازی نہ کرو۔ دعا کرنے والا کہتا ہے کہ میں نے دعا کی مگر میری دعا قبول نہیں ہوئی۔

ان احادیث کو تحریر کرنے کا مقصد یہ ہے کہ دعا کرنے والا یقین کے ساتھ مسلسل دعا کرے اس کی دعا ضرور باضرور شرف قبولیت کو پہنچے گی۔

## انتہائی اعلی دعا

یہ دعا قبولیت دعا کے لیے نہایت مجرب ترین ہے۔ یہ دعا ہمیں اللہ اور اس کے رسول محمد ﷺ نے سکھائی ہے۔ حضرت محمد ﷺ نے فرمایا کہ

**'دعوة ذی النون اذ دعا وهونی بطن الحوت لا اله الا انت سبحانك انی کنت میں الظالمین' انه لبریدع بها مسلم فی شیء قطا الا استجاب له'** (ترجمہ) حضرت ذولنون (حضرت یونس) نے مچھلی کے پیٹ میں جو دعا کی تھی وہ یہ ہے **لا اله الا انت سبحانك انی کنت من الظالمین۔** جس مسلمان نے کسی امر کے لیے اس دعا کو پڑھا اللہ تعالی نے اس کی دعا قبول فرمائی۔

کسی نے پوچھا یا رسول اللہ ﷺ کیا یہ دعا حضرت یونس کے لیے خاص تھی تو آپ ﷺ نے فرمایا **'لاتسمع قوله تعالی فاستجباله و نجیناه من الغم و کذالك ننجی المومنین فالیما مسلم دعا بها فی مرضیه اربعین مرة فمات فی مرضیه ذالك اعطنی اجر شهید وان بری بری مغفور اله۔**

(ترجمہ) کیا تم نے اللہ تعالی کا یہ ارشاد نہیں سنا؟ (قرانی آیت سورہ یونس) ہم نے یونس کی دعا قبول کی اور اسے ہم نے غم سے نجات دی اور ہم ایمان والوں کو اسی طرح نجات دیتے رہیں گے۔

تفسیر آیت: جو اللہ کے ذات پر پختہ عقیدہ ایمان رکھتے ہیں اور حسن ظن کا تعلق رکھتے ہیں۔ اور حضرت محمد ﷺ پر ایمان رکھتے ہیں اور اتباع کرتے ہیں ان کے لیے وقت دوامی ہے۔ اللہ رب العزت نے ایمان والوں کے لیے قیامت تک کا وقت مقرر کر دیا ہے جب بھی اے انسانوں مجھے پکارو گے اس دعا کے ساتھ میں تم لوگوں کو احوادث زمانہ اور غموں سے نجات دیتا رہوں گا۔

احادیث کے دوسرے حصے کا ترجمہ: پس جو مسلمان بھی اپنی بیماری میں اس آیت کو چالیس مرتبہ پڑھے گا اگر وہ اس بیماری میں مر گیا تو اسے شہید کا اجر دیا جائے گا۔ اور اگر شفایاب ہو گیا تو اس کے سارے گناہ بھی بخش دیئے جائیں گے۔

# انکشافات رمل

از : حکیم غلام شبیر ناصر، رنگ پور۔

قسط نمبر ۹

## نصرۃ الداخل

نصرۃ الداخل اور عتبہ الخارج ازروئے سکن گیارہویں شکل نصرۃ الداخل ہے۔ زائچہ میں گیارھواں خانہ اس کا گھر ہے۔ چوتھے خانہ میں اس کو شرف ہوتا ہے اور دسویں خانہ میں اس شکل کو ہبوط ہوتا ہے۔ خانہ بارہ میں یہ شکل قوی ہوتی ہے۔ نام نصرۃ الداخل۔ علامت داخل ہے۔ ماہیت آبی ہے۔ سمت شمالی۔ برج حوت اور ستارہ اس کا مشتری ہے۔ دن اس کا جمعرات کا اور رات سوموار کی اس سے منسوب ہے۔

پہلے خانہ : میں نصرۃ الداخل ہو تو اچھی صحت نیک طالع کی علامت ہے۔

دوسرا خانہ : مقدمہ بازی میں کامیابی، گیامال واپس۔

تیسرا خانہ : خاندنی معاملات میں گڑبڑ۔

چوتھا خانہ : واجبات جلد ادا کریں۔ پرانے خیالات چھوڑ دیں۔

پانچواں خانہ : اپنی صحت کی طرف خصوصی توجہ دیں۔

چھٹا خانہ : کسی شخص کی خدمت کرنی پڑے، مثلاً تیمارداری۔

ساتوں خانہ : اچھی صحت، متحرک کیرئر ہے۔

آٹھواں خانہ : موجودہ کام کی نسبت زیادہ موزوں کام کریں۔

نواں خانہ : تخلیقی کاموں میں پیچیدگیاں پیدا ہونے کی علامت۔

دسواں خانہ : کسی دھوکہ فریب سے واسطہ پڑے۔

گیارھواں خانہ : اپنے جدید خیالات کو استعمال کریں۔

بارہواں خانہ : امپورٹ ایکسپورٹ میں کامیابی۔

تیرھواں خانہ : بینکرز سے فائدہ اٹھایا جاسکتا ہے۔

چودھواں خانہ : اضافی آمدنی کے لیے کوئی گھریلو کاروبار مفید ہے۔

پندرھواں خانہ : بزرگوں کی جانب سے مالی امداد۔

سولہواں خانہ۔ کسب وکار میں ترقی۔ حصول امید کی علامت۔

## عتبہ الخارج

نام عتبۃ الخارج۔

علامت بارھواں خانہ اس کا گھر ہے۔ نحس اکبر۔ خارج ہے۔ سمت مشرق۔ عنصر آتشی۔ برج دلو۔ ستارہ اس کا ذنب ہے۔ دن اس کا ہفتہ ہے اور رات منگل کی اس سے منسوب ہے۔

اس شکل کو تیسرے خانہ میں شرف ہوتا ہے خانہ ۹ میں اس کو ہبوط ہوتا ہے۔

پہلا خانہ : بدطالع، دشمن سے تکلیف کا اندیشہ

دوسرا خانہ : کاروبار میں خسارہ، بری صحت۔

تیسرا خانہ : املاک کا نقصان، جلاوطنی۔

چوتھا خانہ : محبوب سے جدائی، تنسیخ نکاح، مقدمہ بازی۔

پانچواں خانہ : شدید بیماری کی علامت۔

چھٹا خانہ : مقتدر لوگوں میں عزت پانے کی علامت۔

ساتواں خانہ : نسبت کے کاموں میں کامیابی۔

آٹھواں خانہ : گھریلو حالات میں سکون۔ حالات میں لازماً تبدیلی ہوگی۔

نواں خانہ : شریک حیات کی مدد۔

دسواں خانہ : عزیز و اقارب میں اضافہ۔ نئے کام ملیں۔

گیارھواں خانہ : کام اور آمدنی میں اضافہ۔

بارھواں خانہ : بندشیں ٹوٹ جائیں گی۔

تیرھواں خانہ : ملازمین کے لیے اعلیٰ عہدہ یا ترقی کا امکان۔

چودھواں خانہ : زندگی کی نئی راہیں استوار ہوں۔

پندرھواں خانہ : والدین کے دشمنوں سے خطرہ۔

سولہواں خانہ : بند دروازہ کھل جانے کی علامت۔

جاری ہے۔

زائچہ پیدائش مفت

راہنمائے عملیات کے سالانہ خریدار بن کر اپنا زائچہ پیدائش مفت بنوائیں



free copy
khalidrathore.com
LunaTech Document Processing Solutions

# اُمید و دُعا

ایم اے درویش، کراچی۔

الحمد للہ رب العالمین و صلی اللہ علی محمد خاتم النبین و علی جمیع الانبیاء و المرسلین

انسانی زندگی میں ایسے حالات، واقعات و حوادث آتے ہیں جب اسے دوسروں کی مدد کی ضرورت پڑتی ہے۔ اسلیے اسے کسی ایسی ہستی کی استمدد کی ضرورت ہوتی ہے جو مافوق الفطرت اقتدار کا مالک ہو۔ جو اس کے ہر مسئلہ و مقصد کو حل کر سکے۔ جو اپنی حکمت بالغ سے الجھن کے بعد سلجھن اور تکلیف کے بعد راحت عطا کر سکے۔ وہ ذات و ہستی اللہ کی ہے جس کے ہاتھ میں کل کائنات ہے۔ مختار کل ہے جو کن فیکون کی صلاحیت اور طاقت رکھتا ہے۔ اللہ عزوجل نے انبیاء کے ذریعے ہمیں انمول ہیرے عطا کئے جس کی قدر و منزلت کا ٹھکانہ ہی نہیں۔ وہ ہیرا دعا ہے۔ دعا ایک ایسا مضبوط قلعہ ہے۔ جسے مصائب اور آفات کے لشکر فتح نہیں کر سکتے۔ دعا ایک ایسا ہتھیار ہے۔ جس سے تمام رنج و غم، فکر و پریشانی سمٹ کر ختم ہو جاتے ہیں۔ اس لیے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا :-

**'الدعا سلاح المومن:**

ترجمہ: دعا مومن کا ہتھیار ہے'

ایک اور جگہ فرمایا :-

**'ان الدعاء ینفع مما نزل و ممالم ینزل فعلیکم عباد اللہ بالدعا'**

ترجمہ: دعا کار آمد اور مفید ہے۔ ان حوادث میں جو نازل ہو چکے ہیں اور ان میں بھی جو ابھی نازل نہیں ہو رہے ہیں۔ اے اللہ کے بندو دعا کا اہتمام کرو'

ایک اور حدیث میں ہے کہ :-

**'لیس شی اکرم علی اللہ من الدعا'**

ترجمہ: اللہ کے یہاں کوئی چیز اور کوئی عمل دعا سے زیادہ عزیز نہیں'

ایک اور روایت میں ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ **من سروہ ان یستجیب اللہ لہ عندالشدائد فلیکثر الدعاء فی الدخا**۔ (ترجمہ) جو کوئی یہ چاہے کہ پریشانیوں اور تنگیوں کے وقت اللہ تعالیٰ اس کی دعا قبول فرمائے تو اس کو چاہئیے کہ عافیت اور خوشحالی کے زمانے میں زیادہ دعا کیا کرے'۔

جیسا کہ روایت میں آتا ہے کہ **'الدعاء سلاح المومن و عماد الدین و نور السموت والارض'** (ترجمہ) دعا کرنے کے بعد کوئی شخص ہلاک نہیں ہو سکتا۔ اس لیے مومنوں کو چلتے پھرتے اٹھتے بیٹھتے کثرت سے دعا کی عادت اختیار کرنا چاہیے تاکہ فتنہ و فساد اور حوادث زمانہ سے پناہ رہے۔

## دعا میں اثر کیوں نہیں ہوتا؟

وہ عادت قبیحہ جو دعا کے اثر کو مرتب ہونے سے روکتی ہے وہ انسان کی جلد بازی ہے۔ بعض اوقات دعا کی مقبولیت میں تاخیر ہو جاتی ہے تو بندہ مایوس ہو کر دعا کرنا ترک کر دیتا ہے۔ اس وقت اس کا حال اس کسان کی طرح ہوتا ہے۔ جس نے کھیت میں دانے ڈالے یا باغ میں درخت لگائے اور کھیتوں کی خوب حفاظت کرتا رہا ان کو قوت پر پانی دیتا رہا۔ لیکن جب پھل اترنے اور کھیتی کاٹنے کا وقت قریب آیا تو اسے کھیتی یا باغ کو چھوڑ دیا۔ اس سے غافل ہو گیا۔ آپ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا **'یستجاب لاحدکم مالم یعجل یقول دعوت فلم یستجب لی'** (ترجمہ) تم میں

ص 19

از: ابو محمد عظیم عظیمی، بہاولپور۔

# عمل اعظم

## شرف قمر

اعمال روحانی رسالوں میں ہزاروں کی تعداد میں شائع کرائے جاتے ہیں۔ مگر وہ عمل بہت کم دیا جاتا ہے۔ جو خود عامل حضرات کا معمول ہوتا ہے۔ اور اکثر کتابی اعمال غلط ہوتے ہیں مگر کبھی کبھی ان اعمال میں کوئی ایسا عمل ایسا گوہر نایاب بھی شائع کر دیا جاتا ہے جو واقع نایاب ہوتا ہے۔ اور تجربے کی میزان پر بھی پورا اترتا ہے۔ آج ایک ایسا ہی عمل آپ کے سامنے پیش کرنے کی سعادت حاصل کر رہا ہوں۔

اسے میں نے کیا، پرکھا۔ بلاشبہ ایسا عمل ہے تو کسی اکسیر سے کم نہیں اور اس پر تجربات کے دوران جو کیفیات اور فوائد میرے سامنے آئے وہ بھی عرض کرونگا۔ یہ عمل آج سے تیس سال پہلے روحانی دنیا ۶۹ دسمبر میں شائع ہوا۔ (میرے پیدائش ۱۹۷۰ء کی ہے)۔

کیا عجب ہے کہ جو عمل ۳۰ سال پہلے دیا گیا اس کی تشریح کی سعادت اس کو حاصل ہو رہی ہے جو اس وقت پیدا بھی نہیں ہوا تھا۔

اللہ کے کام بھی عجب ہیں حمد اللہ کی شکر اللہ کا۔

مندرجہ ذیل عمل تالیف قلوب کے نام سے پیش کیا گیا مخمس کا عمل ہے طریقہ کچھ یوں دیا گیا تھا کہ :-

'ابجد کے اٹھائیس اوزھیں اعداد ۵۹۹۵ ہیں نقطہ بائیس ہیں ان سب کا میزان ۶۰۴۵ بنتا ہے۔ اور موکل ملایا تو ممغائیل بنا۔ اب نام معہ والد میں ۶۰۴۵ کا اضافہ کر کے ۶۰ عدد کم کریں اور پانچ پر تقسیم کریں۔ اور قانون کے مطابق نقش پر کریں۔ اور اگر کسر آئے تو اسے بھی قانون کے مطابق ہی نقش میں ضم کریں۔ شرف قمر میں لکھیں اور اس کے اثرات پچیس دن بعد شروع ہونگے'۔

یہاں تک تو عمل ٹھیک تھا جس نے بھی کیا ہوگا واقعی کامیاب ہوا ہوگا (اس طریقہ سے میں نے نہیں کیا) مگر میں نے جب اس عمل کا مطالعہ کیا تو مجھے یہ بات عجیب سی محسوس ہوئی کہ پچیس دن بعد اس نقش کے اثرات ظاہر ہوں۔ مسلسل سوچ وچار کے بعد اس کا ایسا حل میرے سامنے آیا جس کی نظیر نہیں۔

جی ہاں وہ حل یہ تھا کہ اس میں کسی آیت کے اعداد بھی شامل کر دیئے جائیں اور جو آیت میری ذہن میں آئی وہ لقد جاکم سے عظیم تک تھی میں نے اس آیت کے اعداد اس میں شامل کر کے اسے تیار کیا۔ اور اب تو میں یہ کہتا ہوں کہ پچیس دن تو بہت دور کی بات ہے یہ عمل پچیس گھنٹہ میں اپنا اثر دکھا دیتا ہے۔ دوسری بات جو میرے مشاہدے میں آئی وہ یہ کہ اگر اسے شمسی طریقہ سے تیار کیا جائے تو بہت زبردست نتائج دیتا ہے۔ مگر عمل میں تمام اعداد بھی شمسی ہی لینے پڑیں گے۔ اور شرف شمس میں ہی اسے تیار کیا جا سکے گا۔ اور سونے کی دھات استعمال کی جائے گی۔

بصورت دیگر چاندی پر تیار کریں۔ اور شرف قمر میں تیار کریں۔ آیت کے ساتھ اسکی عملی مثال دے دیتا ہوں۔ اس میں دوسری بات یہ کہ نقش میں کسر نہ آنے پائے اگر کسر آتی ہو تو کوئی اسم الٰہیہ شامل کر کے کسر ختم کر دی جائے۔ نقش کی لائنیں بسم اللہ شریف کی دی جائیں۔

مثال:-

| | |
|---|---|
| اعداد نام سائل معہ والدہ | ۱۲۹۱ |
| آیت کے اعداد | ۲۸۹۸ |
| ابجد کے اعداد | ۶۰۴۵ |
| | ۱۰۲۳۴ |

(ان اعداد کو اگر تقسیم کر دیا جائے تو کسر آتی ہے۔ اس لئے مزید اسم قیوم /اعداد کا اضافہ کریں گے)۔

| | |
|---|---|
| کسر ختم کرنے کے لیے کلیہ اعداد | ۱۰۲۳۴ |
| اسم الٰہی قیوم کے اعداد | ۱۵۶ |
| | ۱۰۳۹۰ |

۱۰۳۳۰=۱۰۳۹۰-۶۰

free copy
khalidrathore.com
Document Processing Solutions

عملیاتی اور نجومی راہنمائی کے لیے مکمل یقین کے ساتھ رجوع کریں

۱۰۳۳۰÷۵=۲۰۶۶ حصہ حاصل ہوا۔ کسر ختم ہو گئی اب اسے بالترتیب نقش میں پر کریں گے۔

### چال نقش

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| ۲۲ | ۱۴ | ۱ | ۱۸ | ۱۰ |
| ۳ | ۲۰ | ۷ | ۲۴ | ۱۱ |
| ۱۶ | ۸ | ۲۵ | ۱۲ | ۴ |
| ۹ | ۲۱ | ۱۳ | ۵ | ۱۷ |
| ۱۵ | ۲ | ۱۹ | ۶ | ۲۳ |

اب اگلہ مرحلہ شروع ہوگا۔

۱)وہ یہ کہ کلیہ رقم کو ۲۵ پر تقسیم کریں گے۔ توجو رقم ہمارے سامنے آئے گی وہ روزانہ کی پڑھائی کی تعداد ہوگی۔ جو ہم آیت کی کریں گے۔

۲)کلیہ اعداد کے مطابق موکل بنا کر نقش کے چاروں طرف لکھیں گے پانچ پانچ دفعہ۔ ہمارے پاس کلیہ رقم ہے ۱۰۳۹۰۔۔۔۔۲۵ پر تقسیم کیا حصہ ۴۱۵ اور کسر ۱۵ حاصل ہوئی۔

تو یہ ہماری تعداد پڑھائی کی ہوئی۔ یعنی پہلے چوبیس روز ہم روزانہ ۴۱۵ مرتبہ آیت کا ورد کریں گے۔ نقش کو سامنے رکھ کر اور بعد میں نقش اپنے پاس رکھ لیں گے۔ آخری یوم یعنی پچیسویں روز پڑھائی کی تعداد ۴۳۰ مرتبہ ہو گی اور عمل مکمل ہو جائے گا۔ نقش کو استعمال کرنے سے پہلے دو چیزوں کا ضرور اہتمام کیا جائے کہ حسب استطاعت ۲۵ غریبوں حقداروں کو پیٹ بھر کر کھانا کھلایا جائے یا ۲۵ روپے صدقہ کر دیئے جائیں۔ اگر اتنی بھی حیثیت نہیں تو ۵ روپے ضرور صدقہ کیے جائیں۔ اگر اتنی بھی نہیں تو وہ علم کو چھوڑ دے یہ اس کے بس کی بات نہیں۔

دوسری بات یہ کہ ضروری ہے کہ کاش البرنی صاحت کے توسط سے یہ عمل آپ تک پہنچا ہے۔ ان کی روح کو ایصال ثواب کیا جائے۔ اور ان کو بھی اپنے ذہن میں رکھا جائے جو لاوارث ہو چکے ہیں۔ جن کا کوئی ولی وارث فاتحہ دینے والا نہیں رہا ہے۔ خدا آپ کو کامیاب کریں (آمین)

اس نقش کے مختصر اوصاف یہ ہیں۔

ہر شخص محبت واحترام کی نظروں سے دیکھے گا۔ رزق میں برکت ہو گی ہر مشکل آسان ہو گی۔ اطمینان قلب نصیب ہو گا۔ انشاء اللہ۔

## باقی= علاج بالقران

**الرحیم** (آیت ۱۶۲) بعض حضرات اکابر کی رائے یہ ہے سورہ بقرہ کی یہ آیت ہی اسم اعظم ہے۔

طریقہ عمل یہ ہے کہ کسی مسجد یا گھر میں گیارہ دن کا اعتکاف کیا جائے اور گیارہ دن تک کوئی ایک وقت مقرر کر کے اس آیت کو گیارہ ہزار پڑھا جائے اس کے بعد سجدے میں جا کر اپنی مراد مانگی جائے انشاء اللہ گیارہ دن پورے نہیں ہوں گے کہ مراد پور ہو جائے گی۔ روزانہ عمل کے شروع اور آخر میں گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف لازمی پڑھنا ہے۔ اگر اعتکاف کرنا ممکن نہ ہو تو بغیر اعتکاف کے بھی اس آیت کو گیارہ ہزار گیارہ دن تک پڑھنا نتیجہ خیر ثابت ہوتا ہے۔ لیکن اعتکاف کرنے سے عمل کی قوت تاثیر دگنی ہو جاتی ہے۔

اگر کسی بھی بارے میں آپ یہ محسوس کریں کہ دعا قبول نہیں ہو رہی ہے تو اس آیت کو عشاء کی نماز کے بعد ایک ہزار مرتبہ پڑھ کر دعا کریں تو انشاء اللہ دعا ضرور پوری ہو گی۔ اگر کوئی شخص لگاتار ۳ روزے رکھے اور حلال کمائی میں سے جو کا آٹا خریدے اور روزانہ جو کی روٹی سے افطار کرے پھر عشاء کی نماز کے بعد ۲۵ ہزار مرتبہ اس آیت کو پڑھ کر دعا کرے تو انشاء اللہ اسم اعظم کی تاثیر پیدا ہو گی اور ہر مہم میں کامیابی ملے گی۔

آیت یہ ہے: **واداسئالك عبادي عني فاني قريب** سے آخر تک آیت ۱۸۶) اس عمل کے بعد دعا دوسرے ضرورت مندوں کے لئے بھی کی جا سکتی ہے عمل کے شروع و آخر میں درود شریف لازمی۔

اگر کسی کے مال یا زمین یا کسی اور اسباب پر پابزدکا کوئی ناحق دعویدار بن گیا ہو اور مظلوم چاہتا ہو کہ اس قابض اور ظالم کے ظلم سے اور قبضہ ناحق سے نجات ملے تو سات دن تک ظہر کی نماز کے بعد گیارہ سو مرتبہ (سورہ بقرہ آیت ۹۵) پڑھ کر دشمن کے دفع ہونے کی دعا کریں انشاء اللہ ایک ہفتے کے اس لگاتار عمل سے دشمن سے نجات ملے گی۔

اگر کسی مکان میں (آیت نمبر ۱۱۴) کا ورد ایک ہزار مرتبہ ۳ دن تک لگاتار کیا جائے تو کوئی موذی جانور اور آسیب و جنات اس مکان کے اندر داخل نہیں ہو سکیں گے۔ ہر قسم کے وبائی مرض بخار وغیرہ سے حفاظت کے لیے اس آیت کو مکان کے باہر دروازے پر اور اندرونی اور بیرونی حصوں پر لکھ کر لگا دیں انشاء اللہ تعالیٰ آیت نمبر ۱۱۵ کی وجہ سے پوری طرح محفوظ رہے گا۔ اور اس مکان میں رہنے والے بھی پوری طرح انشاء اللہ محفوظ رہیں گے۔

عملیاتی اور نجومی راہنمائی کے لیے مکمل یقین کے ساتھ رجوع کریں

free copy khalidrathore.com Document Processing Solutions

# حاضرات کا چراغ

از : محمد علی چشتی صابری، جھنگ۔

## حاضرات کا چراغ

اسلام علیکم قارئین۔ اس مرتبہ میں بہت ہی زبردست عمل پیش کر رہا ہوں یہ عمل شاید ہی آپ نے دیکھا ہو۔ کیونکہ ایسے عمل کو اساتذہ ہوا تک نہیں لگنے دیتے ہیں۔ قارئین حاضرات کے اعمال کرنے سے پہلے آپ کو استاد تلاش کرنا چاہیئے۔ کیونکہ میں نے حاضرات کرنے والے لوگوں کو دیکھا ہے مگر جب وہ حاضرات کرتے ہیں تو حاضرات کھلتی نہیں ہے۔ اس کی یہی وجہ ہوتی ہے کہ ان کو پتہ نہیں ہوتا کہ حاضرات کھلنے کا طریقہ کیا ہوتا ہے؟ جب عامل کو حاضرات کھلنے کا طریقہ نہیں آتا تو تو حاضرات خاک کھلے گی کیونکہ یہ سب کچھ اساتذہ ہی کو معلوم ہوتا ہے کہ حاضرات کس طرح کس وقت کھلنی چاہیئے۔ اور حاضرات کھلنے سے پہلے کیا پڑھنا چاہیئے تاکہ حاضرات فوراً کھل جائے اور دیر بھی نہ لگے۔ میں نے کچھ لوگوں کو دیکھا ہے کہ جب حاضرات کھلنے بیٹھتے ہیں تو کئی گھنٹے وقت صرف کرنے سے بھی حاضرات نہیں کھلتی ہے اس لیے حاضرات کا علم اساتذہ سے پوچھ کر عمل شروع کرنے چاہیئے تاکہ وقت ضائع نہ ہو۔ انشاء اللہ اگلے ماہ کو میں حاضرات کھلنے کا عمل لکھوں گا۔ جو میں جب بھی حاضرات کا عمل کسی کو بتاتا ہوں تو فوراً حاضرات کھل جاتی ہے۔ اور عامل کو لوگوں کے سامنے شرمندہ نہیں ہونا پڑتا ہے۔ اس دفعہ بہت ہی مجرب عمل پیش کر رہا ہوں جو آپ نے شاید ہی خوابوں میں دیکھا ہو۔ یہ عمل میں اپنے ایک عزیز و قریبی دوست عدنان رفیع کی فرمائش پر لکھ رہا ہوں۔ لیجئے عمل حاضر خدمت ہے۔ جو بھی اس عمل کو شروع کرے وہ خالد اسحاق راٹھور اور میرے حق میں بھی دعا کریں تاکہ عمل میں کامیابی ہو۔

## عمل

اللہ محمد میرا واحد اے　　محمد میرا شاہد ہے
اللہ محمد من وچ　　علی میرے کم وچ
اللہ اللہ کر جہاں تیرا نام لیوے اندھیرے میں اجالا کرو
جو پوچھوں سچ سچ بتاؤ حق یا محی یا علیم یا صمد

## ترکیب عمل

سب سے پہلے اس عمل کی زکوۃ ادا کریں وہ اس طرح کہ ۲۱ روز تک روزانہ ۳۱۳ بار پڑھے۔ منہ مغرب کی طرف ہو اور روزانہ پھول بھی اپنے پاس رکھو۔ اور عمل کے دوران صرف سفید لباس استعمال کریں۔ جب عمل مکمل ہو جائے تو پھر شرینی پر فاتحہ حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کی روح کو پہنچائے پھر عمل کو قابو میں رکھنے کے لیے ۳۳ بار روزانہ پڑھتے رہیں۔ جب بھی حاضرات کرنی ہو تو ایک لڑکی نابالغ لیں اس کو نہاد ھوا کر اپنے پاس بٹھائے پھر اگر بتی جلا کر اور شرینی بھی پاس رکھے بعد میں فاتحہ بھی دیں۔ اور لڑکی کے دائیں انگوٹھے پر خوشبو دار کاجل لگا کر لڑکی کو دیکھنے کے لیے کہے پھر عمل ۳۱۳ بار پڑھے حاضرات فوراً کھل جائے گی کوئی ناجائز سوال ہرگز نہ پوچھے ورنہ پچھتاوے کے سوا کچھ ہاتھ نہ آئے گا۔ اور دوسری حاضرات بھی جانے کا خطرہ ہے جو آپ کرتے رہتے ہیں۔

وقت ملاقات
شام 5 تا 8 رات صرف

# ہبوط عطارد

از خالد اسحاق راٹھور

عطارد کو برج حوت کے ۱۵ درجے پر ہبوط ہوتا ہے۔ خالد روحانی جنتری میں ہر سال کوکب کے شرف ہبوط کے بارے میں مکمل تفصیل دی جاتی ہے۔

اس سال یہ وقت ماہ فروری کی پندرہ تاریخ کو آئے گا۔ ابتداء کا وقت دوپہر بارہ بجکر نو منٹ اور انتہا کا وقت سولہ فروری صبح دوپہر تین بجے تک ہے۔

## عقل و فہم سے عاری کرنا

جب کسی کو عقل و فہم سے عاری کرنا مقصود ہو۔ طبعیت میں غفلت اور صاحب فراموش کی سی حالت پیدا کرنی ہو، سستی تھکاوٹ اور عقل کا اندھاپنا مطلوب ہو تو ہبوط عطارد میں حرف 'ا' کی نسبت سے مثلث تحریر کرے۔ یہ مثلث تحریر کرنے کے لیے حرف "ا" کے اعداد ملفوظی ۱۱۱ لیں اور ان میں مطلوبہ فرد کے نام اور اس کی والدہ کے نام کے اعداد استخراج کر کے جمع کر دیں۔ عین ہبوط عطارد یا کسی قریبی ساعت نحس میں اس کو درج ذیل چال کے مطابق تحریر کریں۔ بعد از تحریر اس نقش کو قبرستان میں دفن کر دیں۔ جلد ہی مطلوبہ فرد ذہنی بد حالی اور انتشار کا شکار ہو جائے گا۔ تاہم یاد رکھیں ایسا عمل کسی ظالم کو سزا دینے یا اس کے ذہن سے کسی مظلوم کے نام کو کھرچ دینے کے لیے استعمال ہو گا۔ بلاوجہ کسی کو تنگ کر کے یقیناً اپنے نقصان کا بندوبست کریں گے۔

ذیل میں نقش کی چال تحریر کر رہا ہوں۔ آپ نام سائل، نام والدہ سائل اور حرف 'الف' کے اعداد ملفوظی '۱۱۱' جمع کر کے مطابق چال نقش مکمل کریں۔ دیگر شرائط کی پابندی بھی ذہن میں رکھیں۔

چال نقش

| | | |
|---|---|---|
| ٨ | ١ | ٦ |
| ٣ | ٥ | ٧ |
| ٤ | ٩ | ٢ |

## بربادی دشمن

ہبوط عطارد میں تیار کیا جانے والا ایک عمل برائے بربادی دشمن کچھ یوں ہے کہ قبرستان سے سات از حد پرانی قبروں کی مٹی معمولی معمولی سی مقدار میں اکٹھی کرے۔ خیال رہے قبریں پرانی اور ٹوٹی پھوٹی ہونی چاہیں۔ بعد ازاں اس مٹی میں سے پتھر اور کنکر وغیرہ نکال کر اور کسی جانور کا خون لے کر اس میں شامل کرے اور پانی کی مدد سے گوندھے۔ پھر ذیل میں دی گئی لوح کے مطابق لوح تیار کرے۔ یہ مخمس ہے۔

لوح مخمس حرف 'ا'

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| ا | ا | ا | ا | ا |
| ا | ا | ا | ا | ا |
| ا | ا | | ا | ا |
| ا | ا | ا | ا | ا |
| ا | ا | ا | ا | ا |

یہ عمل خالد اسحٰق راٹھور کی نئی شائع ہونے والی کتاب سے لیا گیا ہے۔ جگہ کی کمی کے باعث مزید تفصیل کے لیے کتاب سے رجوع کریں۔

عملیاتی اور نجومی راہنمائی کے لیے مکمل یقین کے ساتھ رجوع کریں

free copy
khalidrathore.com
Document Processing Solutions

# نقش بسم اللہ شریف اور زکات

از: شہزاد منظور علی سمون، ٹنڈو محمد خان۔

قارئین راہنمائے عملیات: اس دفعہ میں آپ کو وہ انمول ہیرا پیش کر رہا ہوں جو کہ سو فی صد سچا اور درست ہے انشاء اللہ تعالی یہ عمل سارے قارئین راہنمائے عملیات کو پسند آئے۔

بسم اللہ شریف کی برکت سے کون واقف نہیں۔ مجھے کیا ہمت ہے کہ میں بسم اللہ شریف کے خواصوں کو بیان کروں، ایک دفعہ آپ بھی اس عمل کے عامل بن کر اس کے اثرات اپنی آنکھوں سے دیکھ سکتے ہیں نہ جانے عاملین نے صرف الف اور بسم اللہ کی ب سے کیا کیا کام لیا ہے۔ آپ صرف الف کی زکوت دے کر ہزاروں لاکھوں کام کر سکتے ہیں۔ آج کل ہمارے مسلمان بھائی کالے علم منتروں، سفلی علموں کے پیچھے بہت ساری کوشش کر رہے ہیں۔ اپنی دینی کتاب کو تو پڑھنا بھی گوارہ نہیں کرتے۔ کالا علم یعنی سفلی علم کرنا مسلمانوں کے لئے ہر گز جائز نہیں۔ اور اپنے دین مذہب کو خراب کر رہے ہیں۔ قرآن مجید میں سب کچھ موجود ہے۔ آپ ہر جائز کام کے بارے میں پڑھ کر فوائد حاصل کر سکتے ہیں۔ اس دفعہ جو عمل میں لے کر حاضر ہوا ہوں یہ عمل آزمودہ ہے۔ ایک دفعہ تو آپ بھی کر کے دیکھیں۔ تین روزہ عمل ہے۔ مکمل پرہیز جلالی و جمالی کرنا پڑے گا۔ پرہیز جلالی و جمالی کیا ہے وہ تو آپ لوگوں نے کتابوں میں پڑھا ہو گا۔ پانچ وقت نماز پڑھنا ضروری ہے۔ یہ عمل نئے چاند کی پہلی جمعرات کی رات سے شروع کریں جس کی صبح جمعرات کا دن ہو گا۔ یہ خیال کریں کہ ان دنوں قمر در عقرب نہ ہو۔ خوشبو رات جلاتے رہیں۔ عمل شروع کرنے سے پہلے روزانہ نہا لیا کریں۔ کمرہ عمل کرنے والا پاک صاف ہو اور علیحدہ ہو، کپڑے بھی پاک صاف پہنیں، اور کپڑے خوشبو سے معطر ہوں۔ عمل کرنے والے کمرہ میں دوسرے آدمیوں کا آنا جانا ہر گز نہ ہو۔ یہ بات یاد رکھیں کہ جب یہ عمل شروع کریں تو صرف اپنے استاد کے سوا کسی کو کوئی علم نہ ہو۔ تاکہ آپ کے کام میں دخل اندازی نہ ہو سکے۔ اب میں طریقہ عمل پیش کرتا ہوں۔

## طریقہ عمل

یہ تین روزہ عمل ہے۔ روزانہ ۲۶۲ نقش لکھنے ہیں۔ یہ نقوش روزانہ گندم کے آٹے میں لپیٹ کر گولیاں بنائیں اور ہر گولی پر ۳ مرتبہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھ کر دم کریں، اور صبح سورج طلوع ہونے سے پہلے نہر، دریا میں ایک ایک گولی کر کے ساری گولیاں پانی میں ڈال آئیں۔ آتے جاتے قطعی کسی سے بات نہ کریں۔ نقش لکھتے وقت یا دریا میں ڈالتے وقت کوئی چیز ڈرائے یا آواز دے تو ہر گز نہ ڈریں اور پیچھے مڑ کر بھی نہ دیکھیں۔ تین دن عمل کرنے کے بعد آپ اس نقش کے عامل بن جائیں گے۔ بوقت ضرورت ایک نقش زعفران سے لکھ کر کام میں لائیں۔ اس نقش کے عامل ہو جانے کے بعد یہ نقش آپ دوسروں کو بھی دے سکتے ہیں اور بیچ والے خانے میں نام مع والدہ اور مقصد کو تحریر کریں۔ یہ نقش آپ گلے یا بازو میں باندھ سکتے ہیں۔ اس نقش کے پاس رکھنے سے بیماری سے شفاء، رزق میں برکت، کاروبار میں ترقی، امتحان میں کامیابی، غیر شادی شدہ لڑکیوں اور لڑکوں کی شادی میں رکاوٹ دور ہو گی۔ افسر عزت سے پیش آئیں گے۔ دشمن زیر ہونگے۔ اور اس نقش کی برکت سے دن بہ دن ترقی ہو گی۔

نوٹ: عمل کرنے سے پہلے اپنا حصار کرنا نہ بھولیں۔ نماز عشاء کے بعد ۲۱ مرتبہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کا ورد کریں تاکہ عمل قبضہ میں رہے اور آگے پیچھے تین تین بار درود شریف پڑھ لیں۔

نقش

| | | |
|---|---|---|
| ۱۹۵ | ۵۲۶ | ۶۵ |
| ۳۶۱ | | ۳۲۵ |
| ۱۳۰ | ۲۶۰ | ۳۹۶ |

چال

| | | |
|---|---|---|
| ۳ | ۸ | ۱ |
| ۷ | | ۵ |
| ۲ | ۴ | ۶ |

free copy
khalidrathore.com
Document Processing Solutions

# علاج بالقرآن

از: عامل سحر کاظمی۔

## (سورہ بقرہ)

سورہ بقرہ کی فضیلت کے بارے میں بے شمار روایات احادیث میں مروی ہے ان میں سے چند خاص روایات بیان کر رہا ہوں۔ مسند امام احمد میں روایت ہے کہ آنحضور ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ سورہ بقرہ قرآن کے لئے ایسی ہے جیسے اونٹ کے لیے کوہان۔ مسلم شریف میں ابوامامہؓ کی روایت ہے کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا کہ سورہ بقرہ اور سورہ آل عمران قیامت کے دن اپنے پڑھنے والوں کے لیے سائبان کا کام دیں گی۔ سورہ بقرہ پڑھنے کی رسول اللہ نے تاکید کی ہے اور کہا اس کے پڑھنے میں برکت ہے۔ اس کے پڑھنے سے عیار اور مکار لوگوں کے مکروفریب سے محفوظ رہے گا۔ ترمذی شریف کی روایت ہے حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے سورہ بقرہ کی اہمیت بیان کرتے ہوئے ارشاد فرمایا یہ قرآن حکم کی تمام آیات کی سردار ہے۔ ایک روایت میں یہ بیان ہوا ہے کہ سورہ بقرہ کی اہمیت کے پیش نظر جب بھی اس کی کوئی آیت نازل ہوتی تھی حضرت جبرائیل کے ساتھ اسی فرشتے اور بھی ساتھ آتے تھے۔ آنحضور ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ سورہ بقرہ مجھے بطور خاص لوح محفوظ سے عطا ہوئی ہے اور یہ سورہ جس گھر میں پڑھی جاتی ہے وہاں سے شیطان بھاگ جاتا ہے۔

سورہ بقرہ پڑھنے سے گھر میں رحمت کے فرشتے اترتے ہیں جو کوئی شخص اس کی ابتدائی چار آیات کو اول رات میں پڑھے گا اس کے گھر میں اس رات شیطان داخل نہیں ہو سکے گا۔ فرمایا کہ اگر یہی آیات کسی دیوانے پر پڑھ کر دم کر دیا جائے تو اس کی دیوانگی رفع ہو جائے۔ جادوگر اس بات کی طاقت نہیں رکھتے کہ سورہ بقرہ یاد کر سکیں فرمایا اگر کوئی شخص ایک دن سورہ بقر پوری تلاوت کرے تو تین دن تک شیطان اس کے گھر میں داخل نہیں ہوتا۔

آنحضور ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ سورہ بقرہ کی آخری دو آیتیں عرش کے خزانے سے مجھے عطا ہوئی ہیں آپؐ نے فرمایا کہ جس گھر میں سورہ بقرہ پڑھی جاتی ہے وہاں سے آسیب بھاگ جاتے ہیں۔ حاکم کی روایت ہے کہ حضورؐ نے ارشاد فرمایا کہ ایک مرتبہ جبرائیل علیہ السلام تشریف لائے اور انہوں نے فرمایا کہ سورہ بقرہ وہ سورت ہے جس کو دو ہزار برس پہلے حق تعالیٰ شانہ نے اپنے دست مبارک سے اپنی شایان شان اس سورہ کو تحریر فرمایا۔

ایک صحابی روایت کرتے ہیں کہ مدینہ منورہ میں ایک روز صبح کے وقت محلہ انصار کے لوگ آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کیا کہ یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم آج رات کو محلے میں ایک عجیب واقعہ پیش آیا وہ یہ کہ رات کو ثابت ابن قیس کا گھر ایسا محسوس ہو رہا تھا جیسے چراغاں کیا گیا ہو۔ آپ نے یہ سن کر ارشاد فرمایا کہ شاید آج رات کو اس کے گھر میں سورہ بقرہ پڑھی گئی ہوگی۔ تحقیق کے بعد یہ بات درست نکلی۔

اکابرین نے فرمایا سورہ بقرہ کی تلاوت سے حافظے میں زیادتی ہوتی ہے۔ دل میں علم کا نور پیدا ہوتا ہے۔ معرفت حاصل ہوتی ہے اور قوت میں اضافہ ہوتا ہے اس کے علاوہ اس کی تلاوت چیچک، درد شکم، سحر و آسیب آنکھوں کی سوزش، خونی بواسیر، سانپ، بچھو اور دیگر زہریلے جانوروں کی رسائی، بلغم، مرگی وغیرہ سے حفاظت کے لیے ایک ڈھال کا کام کرتی ہے۔ اس کی تلاوت باغات درخت کھیتی کو تمام آفات سے بچانے کے لیے بھی مفید ثابت ہوتی ہے۔

تسخیر جن وانس رفع غم حاکم کی توجہ میاں بیوی کی ناراضگی جیسے امور میں بھی تیر بہدف ثابت ہوتی ہے۔ جو لوگ پابندی کے ساتھ سورہ بقرہ کی تلاوت کرتے ہیں انہیں اس بات کا کوئی اندازہ ہے کہ ان کی مشکل ترین کاموں میں کس طرح غیبی امداد ہوتی ہے اور مشکلات آسانیوں میں کس طرح بدل جاتی ہیں۔

اگر کوئی شخص جہاز میں سوار اور جہاز خطرے میں آگیا ہو یا کوئی شخص راستہ بھول گیا ہو اور یاد کرنے پر بھی اسے راستہ یاد نہ آرہا ہو یا کوئی سفر میں ہو اور لٹ جانے کا اندیشہ ہو تو تمام صورتوں میں سورہ بقرہ کی آیت نمبر ۵ کا ورد شروع کر دیں انشاء اللہ سات مرتبہ اس آیت کو پڑھنے سے مقصد حاصل ہو گا۔

دنیا کی کوئی مصیبت ہو مصیبت جسمانی ہو یا مالی ہو۔ ہر مصیبت کے تدارک کے لئے اس آیت کا عمل عجیب تاثر رکھتا ہے۔ اس آیت کے عمل کی برکت سے مشکلات آسانیوں میں بدل جاتی ہیں۔ اس آیت کا عمل مفید ثابت ہوتا ہے اور بیماری سے نجات مل جاتی ہے۔

آیت: والھکم الہ واحد ط لا الہ الا ھو الرحمن

ص 18

free copy
khalidrathore.com
Unitech Document Processing Solutions

عملیاتی اور نجومی راہنمائی کے لیے مکمل یقین کے ساتھ رجوع کریں

# من ایک کائنات

از : حافظ ساجد فاروق سلطان، فیصل آباد۔

قسط نمبر ۳

تمام حمد اور ثناء بے شمار اس خالق ارض سماوات کے لیے ہے جس نے اپنی قدرت کاملہ سے رنگا رنگ کی مخلوقات اور ملک و ملکوت کی کائنات کو لفظ 'کن' کے حکم سے ایک لمحہ میں پیدا کیا اور اپنی تمام خلقت میں سے انسان کو اپنی دوستی کے لیے پسند کیا اور قسم قسم کی عنایتوں سے سرفراز کیا اور اپنی معرفت کے اسرار اور محبت کے انوار عارفوں اور اپنی راہ میں تفکر کرنے والوں کے دلوں میں رکھ دیئے اور ---- بے انتہا درود و سلام صاحب لولاک، جن و انس کے رسول قاب قوسین کے جہان کے تخت نشین، انبیاء کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام کے سردار، ولیوں اور برگزیدہ بندوں کے رہنما احمد مجتبےٰ محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی پاک روح پر جس نے دنیا کی اندھیری رات کو شریعت حقہ کے سورج سے روشن اور منور کیا اور خلائق کو ہلاکت و جہالت کے گڑھے سے نکال کر سیدھے راستے میں لا کھڑا کیا۔

قارئین آج کی اس مجلس میں میں آپ کے حضور 'ایاک نعبد و ایاک نستعین' کی روحانی تشریح اور چند اعمال پیش کر رہا ہوں۔ اس آیت مبارکہ میں توحید عبادتوں کا بیان ہے اور انسانوں کے لیے اس اکیلے مرکز کا تذکرہ ہے جو سب کا آسرا ہے۔

انسان کے دربار خداوندی میں پیش ہو کر حاجات اور اپنے تقاضوں کو بیان کرنے کی ابتداء یہاں سے ہوتی ہے کیونکہ اس سے پہلی والی آیات میں خدا کی حمد و ثنا اور اس کی ذات پاک پر ایمان کا اظہار اور قیامت کا اعتراف تھا لیکن یہاں سے گویا بندہ اپنے اس محکم و مضبوط عقیدے اور معرفت کی بناء پر خود کو اس ذات الرحمٰن الرحیم کے روبرو حاضر دیکھنے لگ جاتا ہے اور اسے مخاطب کر کے پہلے اپنی عبدیت کا اظہار کرتا ہے۔ اور پھر اس سے طلب امداد کے لیے گفتگو کرتے ہوئے کہتا ہے کہ میں صرف تیری ہی پرستش کرتا ہوں اور تجھی سے مدد چاہتا ہوں۔

دوسرے لفظوں میں یوں کہا جا سکتا ہے کہ جب گذشتہ آیات کے مفاہیم انسان کی روح میں سرایت کر جاتے ہیں۔ اس کے وجود کی گہرائیاں اس خالق و مالک اللہ کے نور سے روشن ہو جاتی ہیں۔ جو تمام جہانوں کا پالنے والا ہے اور اس کی عام و خاص رحمت اور روز جزا کی مالکیت کو جان لیتا ہے تو وہ اب عقیدے کے لحاظ سے فرد کامل نظر آنے لگتا ہے۔ خدا کے اس لازوال عقیدے کا پہلا ثمرہ اور نتیجہ یہ ملتا ہے کہ ایک طرف وہ خدا کا خالص بندہ بن جاتا ہے اور بت پرستی دولت پرستی، شہوت پرستی اور دیگر شرکیہ عبادات کے دائرے سے نکل آتا ہے اور دوسری طرف طلب امداد کے لیے اس کے آگے ہاتھ پھیلانے کے قابل ہو جاتا ہے اور وہ ارحم الراحمین اس کو اپنی رحمت کی آغوش میں لے لیتا ہے۔ اور اللہ بے نیاز تمام دکھوں تکلیفوں مصیبتوں سے اس کو بے پرواہ کر دیتا ہے۔ اور قرآن میں ان کے لیے فیصلہ فرما دیتا ہے۔

(۱) ترجمہ: جو لوگ اللہ رب تسلیم کرنے کے بعد سیدھی راہ پر جم جاتے ہیں وہ ہر قسم کے خوف و ملال سے بچے رہتے ہیں۔ (۴۶-۱۳)

(۲) ترجمہ: اللہ ایمان والوں کی دعائیں سنتا اور ان پر زیادہ نوازشات کرتا ہے۔ (۴۲-۲۶)

(۳) ترجمہ: پاکیزہ اعمال ایمانداروں کو ہم آسودہ زندگی اور عمدہ انجام کی بشارت دیتے ہیں۔

اب بتایئے آپ سچے ہیں؟ یا قرآن سچا اگر آپ سچے ہیں تو آپ کے گھر میں مفلسی نے ڈیرے کیوں لگائے ہوئے ہیں۔ ہر طرف سے مصیبتیں و مشکلیں آپ پر ہی کیوں ٹوٹ رہی ہیں۔ عاملین کرام بندش آپ دوسروں کی کرتے ہیں ہو آپ کی جاتی ہے۔ الٹا کسی کو لٹکاتے ہیں لٹک خود جاتے ہیں۔ اس کی وجہ کیا ہے اس کی وجہ میری عقل ناقص میں یہی آتی ہے کہ ہم نے ایاک نعبد و ایاک نستعین کہا تو ضرور مگر دل سے مانا نہیں۔ مان بھی کیسے جائیں جب یقین ہی نہیں اور ہم ہر آتے جاتے سائل کو جن بھوت آسیب پری اور چڑیل بتاتے ہیں۔ کسی کو جادو تعویذ کی کہانی سناتے ہیں۔ دس میں سے نو جگہ ٹھگی سے کام چلاتے ہیں۔ عزیزان من میں نے جتنا عرصہ جن عاملوں کاملوں کے پاس بیٹھ کر گزارہ ہے اور ان کے آستانے، خانقائیں جن مذموم مشاغل کا نشانہ بنتے دیکھی ہیں۔ جہاں مخلوق خدا کا خون نچڑتے دیکھا میرا دل تو چیخ چیخ کر کہہ رہا ہے۔

ان عاملوں کے راز فاش کر دو۔ اس کی حسرتوں کو آشکار کر دو

عملیاتی اور نجومی راہنمائی کے لیے مکمل یقین کے ساتھ رجوع کریں

free copy
khalidrathore.com
Document Processing Solutions

بنے پھرتے ہیں مالک زمین آسمان کے۔ بہت ایسی بڑائی کا پاش پاش کر دو لیکن چپ ہوں کہ ان میں صاحب علم اور عالم باعمل بھی دیکھے ہیں اور کہیں گندم کے ساتھ جو بھی نہ پس جائیں۔ بہر حال چھوڑیئے آپ اپنا آپ سنواریے میں بھی اپنا آپ سنوارتا ہوں دوسرے خود ہی تقلید کرنے لگیں گے۔

**اعمال:** اس سے پہلے 'اعمال فاتحہ' کے نام سے حکیم غلام شبیر ناصر صابر کے مضمون مارچ، اپریل میں شائع ہو چکے ہیں۔ میں بھی کچھ اعمال پیش کر رہا ہوں۔ جو دل چاہے کہہ لیں۔ آزمانے کی نیت سے نہیں کچھ پانے کی نیت سے۔

## باطن میں روشنی کے لیے

جو صاحب یہ چاہتے ہوں کہ اس کا باطن صاف و شفاف ہو جائے اس میں ایسے اوصاف پیدا ہوں کہ جس سے وہ لوگوں کی اصلیت پہچان سکیں لوگوں کو دیکھ کر ان کی اندرونی حالت کا ٹھیک اندازہ لگا سکیں تو انہیں چاہیئے کہ بعد نماز عصر اوّل آخر ۳، ۳ بار درود شریف درمیان میں گیارہ بار سورہ فاتحہ پڑھے اور اللہ سے اپنے باطن کی صفائی کی دعا مانگے انشاءاللہ اس کا مقصد پورا ہوگا۔ ہر روز بلاناغہ اس عمل کو جاری رکھے۔ چالیس یوم کے اندر ہی اس کا مقصد پورا ہونا شروع ہو جائے گا۔ اسے اس سورہ کی برکت معلوم ہوگی کہ باطن میں روشنی پیدا ہونا شروع ہو چکی ہے۔ اللہ کرم فرمانا شروع کر چکے ہیں۔ اس میں پرہیز نہ تو ترک حیوانات ہے نہ ترک جلالی و جمالی۔ ہاں نماز کی پابندی ضروری ہے اور ان چیزوں اور اعمال سے بچنا شرط ہے جن سے شریعت مطہرہ نے منع فرمایا ہے۔ ورنہ دوا کھانا اور بدپرہیزی کرنا دونوں کا اکٹھا فائدہ نہیں ہوتا۔

## عمل قضائے حاجت

اس دور میں حضرت انسان کئی ایک طاقتوں سے نبرد آزما ہے۔ چاہے وہ طاقتیں طبیعی ہوں یا مادی یا شیطانی۔ تباہ و برباد کرنے والی ہوں یا منحرف کرنے والی۔ بے روزگاری کی لعنت ہو یا بہن بیٹی کے رشتے کی رکاوٹ۔ جسمانی مرض ہو یا قرض کی بیماری آپ ہر مقام پر ایاک نعبد و ایاک نستعین کی تکرار کر کے پروردگار سے بڑے سے بڑے مقابلے پر مدد و استعانت حاصل کر کے کامیاب ہو سکتے ہیں۔ طریقہ اپنے خاص بیاض میں درج کر لیجیے۔

بعد ہر نماز کے سورہ فاتحہ کی تلاوت فرمایئے اور ایاک نعبد و ایاک نستعین پڑھ کر خداوند عالم کے آگے سر بسجود ہو کر واسجد واقترب (ترجمہ) سجدے میں گرو اور اس طرح اللہ کے قریب ہو جاؤ۔ (۹۶ : ۱۹) کا مقام پا کر اسی آیت کی تلاوت کرتے رہیے جب تک دل کو سکون نہ ہو۔ ہو سکے تو اشکباری کیجیے۔ پھر ایک بار سجدے میں ہی اللہ کے جتنے نام آپ کو یاد ہیں ان کو دہرایئے ہو سکے تو دعائے اسم اعظم علامہ جلال الدین سیوطی والی یاد کر لیں اور اسے ایک بار پڑھ لیں۔ یہ دعا آپ کو شمع شبستان رضا اور دیگر مستند عملیات کی کتابوں سے مل جائے گی پڑھیے۔ پھر ایاک نعبد و ایاک نستعین کہہ کر سورۃ مکمل کیجیے اور درود شریف پڑھ کر سجدے میں ہی اللہ سے اپنے مقصد کی دعا کیجیے۔ اللہ مجاب الدعوات ہے۔ یقین کیجیئے ایک دفعہ تو پہاڑ بھی ہل جائے گا۔

اللہ آپ کا آپ کے چاہنے والوں کا سب کا بھلا فرمائے۔ آمین۔

(جاری ہے)

از: عامل سید کوثر حسین ہمدانی، ساہیوال۔

## حب کا زور اثر منتر

بھبھوت پتا بھبھوت ماتا بھوت بیر بتال۔ اڑ کالی ناگنی فلاں کو جا کر لاگ ایسی لاگ کہ ایسی لاگ نہ ستی نوں سکھ نہ بیٹھی نوں سکھ ول ول دیکھے فلاں دا مکھ آوے سو آوے جو نہ آوے تاں بیر تال کی چوٹ کھاوے پھر دمنتر ایسر مہاں دیو تیری دیعا چلے کم سوئی اللہ تے نبی آپ کرے۔

**طریقہ:**

روزانہ رات تنہا کمرہ میں اکیلے بیٹھ کر ۴۱ کالی مرچ پر ایک ایک بار پڑھ کر آگ میں ڈالتے جائیں۔ محبوب کا تصور رکھیں۔ گیارہ یوم کا عمل ہے۔ کوئی پرہیز نہیں جب محبوب حاضر ہو جائے۔ عمل ترک کر دیں۔ آزمائش شرط ہے۔

free copy
khalidrathore.com
Document Processing Solutions

# محفل حاضرات

پر رکھے۔ اور آسیب زدہ شخص کے ناک [illegible] مریض اس کی [illegible] نقش کی پشت پر لکھیں۔ نقش یہ ہے:-

| | | | |
|---|---|---|---|
| فرعون | ابلیس | هامان | ۱۱۳ |
| ابلیس | هامان | ۱۱۳ | فرعون |
| هامان | ۱۱۳ | فرعون | ابلیس |
| ۱۱۳ | فرعون | ابلیس | هامان |
| فرعون العجل | ابلیس الساعتہ | هامان الوحاالوحا | ۱۱۳ الوحا |

## ترکیب نمبر ٤

اس نقش کو تیار کر کے فتیلہ بنا کر روغن زیتون میں جلائیں۔ اور مریض کو تاکید کریں کہ وہ چراغ کی طرف دیکھے۔ انشاء اللہ آسیب یا تو بھاگ جائے گا یا جل کر راکھ ہو جائے گا۔




## ترکیب نمبر ٥

اس نقش کو اس طرح لکھ لیں۔ اور پھر مریض کے پورے جسم پر اچھی طرح پھریں۔ اور اس کو آگ لگا دیں۔ انشاء اللہ جو بھی ذی روح مسلط ہو گی بھاگ جائے گی یا جل کر راکھ ہو جائے گی۔ اگر اثرات ہونگے تو زائل ہو جائیں گے۔ نقش اس طرح ہے:-

| | | | |
|---|---|---|---|
| ابلیس | فرعون | شهرار | نمرود |
| فرعون | قارون | شهرار | ابلیس |

از: ملازم حسین، اسلام آباد۔ قسط نمبر ۴

## علاج کے مجرب طریقے

اگر آسیب کسی کو بار بار پریشان کرتا ہو۔ اور کسی طرح باز نہ آتا ہو تو اس نقش کا فتیلہ بنا کر کورے چراغ میں جلائیں۔ اور نقش کے نیچے مریض اور اس کی والدہ کا نام لکھ دیں۔ عامل مریض کو چراغ کے ساتھ بٹھائے۔ اور آیت الکرسی پڑھے۔ اور درمیان عمل یعنی چراغ جلنے کے دوران عامل وَلَا یَئُودُهٗ حِفۡظُھُمَا کی تکرار کرتا رہے انشاء اللہ آسیب جل کر خاک ہو جائے گا اور مریض کو اس کی شرارتوں سے نجات ملے گی۔ نقش اس طرح تیار کریں۔

ع ع ع ع ع ع ع ع ع ع ع ع ع ع ع ع ع ع ع ع ع

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| ۱۴ | ۱ | ۸ | ۱۱ | ع |
| ۷ | ۱۲ | ۱۳ | ۲ | ع ع |
| ۹ | ۶ | ۳ | ۱۶ | ع |
| ۴ | ۱۵ | ۱۰ | ۵ | ع ع |

ع ع ع ع ع ع ع ع ع ع ع ع ع ع ع ع ع ع ع ع ع ع ع ع

فلاں ابن فلاں

## طریقہ نمبر ۲

اس طلسم کو لکھ کر آسیب زدہ کو دھونی دیں۔ انشاء اللہ آسیب جل جائے گا۔ طلسم یہ ہے۔

## ترکیب نمبر ۳

اس فیتے کو لکھ کر اس پر نیلا ڈورا لپیٹ کر کوئلوں کی آگ



free copy khalidrathore.com UnaTech Document Processing Solutions

| | | | |
|---|---|---|---|
| شہراد | نمبرود | ہامان | فرعون |
| نمرود | ابلیس | فرعون | قارون |

## ترکیب نمبر ٦

آسیب کو دفع کرنے کے لیے اس نقش کو سرخ رنگ کے کپڑے میں تعویذ بنا کر گلے میں ڈالیں۔ انشاء اللہ آسیب کی شرارتوں سے نجات ملے گی۔ نقش یہ ہے:-

| | | |
|---|---|---|
| ١٠ | ٢ | ٨ |
| ٣ | ٧ | ٩ |
| ٥ | ١١ | ٣٠ |

## ترکیب نمبر ٧

یہ نقش پنج تن پاک کا ہے۔ نہایت ہی مجرب اور آزمودہ ہے۔ اس کو لکھ کر مریض کو چند روز تک پلائیں۔ انشاء اللہ بیماری جسمانی ہو یا کہ روحانی صحت ہو گی۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| ١٣٨ | ١٥٢ | ١٤٨ | ١٤٥ |
| ١٤٩ | ١٤٤ | ١٣٩ | ١٥١ |
| ١٤٣ | ١٤٦ | ١٥٤ | ١٤٠ |
| ١٥٣ | ١٤١ | ١٤٢ | ١٤٧ |

## ترکیب نمبر ٨

اس نقش کو لکھ کر مریض کے پورے جسم پر پھیر کر آگ لگا دیں۔ انشاء اللہ مریض پر جو بھی اثرات ہونگے۔ وہ زائل ہو جائیں گے۔ مجرب ہے۔ نقش اس طرح بنائیں:-

| | | | |
|---|---|---|---|
| فرعون | قارون | ھامان | سعیان |
| نمرود | بے ایمان | ابلیس | بیدار |
| خدسو | بیداد | ھامان | لمیسالیمین |
| ترلمین | ترابلیس | قارون | ترابلیس |

جاری ہے

**باقی برج دلو**

## برج دلو برج دلو کے ساتھ

### دلو مرد دلو عورت

دلو لڑکی کو قوس قزح سے تشبیہ دی جاتی ہے۔ جس کے کئی روپ ہوتے ہیں۔ دلو خاتون محبت کے معاملے میں کسی مکر و فریب کا شکار نہیں ہوتی۔ اسے کسی معاملے میں قائل کرنا بہت مشکل ہوتا ہے۔ وفا شعار، نیک طبیعت اور ہمدرد ہوتی ہے۔ اپنی زندگی خاص طریقوں پر گزارتی ہے اور یہ طریقے اپنی اولاد میں بہت اچھے طریقے سے منتقل کرنے کی صلاحیت رکھتی ہے۔

### دلو عورت دلو مرد

دلو مرد کی سوچ بہت آگے کی ہوتی ہے۔ ان کی فطرت 'محبت' ہوتی ہے۔ ذرا سی کوتاہی پریشان کن حالات پیدا کر سکتی ہے۔ لیکن یہ کیفیت عارضی ہوتی ہے۔ دلو مرد بہت فراخ دل، مہربان اور کامیاب و نامور ہوتے ہیں۔ دلو مرد کے منصوبوں اور تخلیقات پر تنقید کرنے کی بجائے اس کی حوصلہ افزائی کرنا دلو زوجہ کے لئے مفید ہوتا ہے۔

## برج دلو برج حوت کے ساتھ

### دلو عورت حوت مرد

حوت افراد جذباتی، سنجیدہ اور عملی ہوتے ہیں۔ ترقی و مالی استحکام کے لئے بہت خوب منصوبہ بندی کرتے اور اکثر کامیاب رہتے ہیں۔ دلو خواتین کے بہترین شریک حیات اور ان کی مدد کو سراہنے والے ہوتے ہیں۔ اثر و رسوخ حاصل کرنے میں حوت مرد کی کامیابیاں ان کی مددگار ثابت ہوتی ہیں۔ جذباتی گہرائی، دوستی اور نت نئے خیالات سے دلو خواتین کی مدد کرتے ہیں۔ اور ان سے بھی یہی توقع رکھتے ہیں۔

### دلو مرد حوت عورت

حوت لڑکی کو اپنانے کے بعد دلو مرد کو یہ خیال رکھنا چاہیئے کہ وہ ہر لمحہ محبت چاہتی اور اونچے اونچے خواب دیکھتی ہے۔ لیکن مرد کو کبھی تنگ کرکے خوشی حاصل نہیں کرتی۔ سلیقہ مندی، ذہانت اور خوبصورت موتیوں سے آراستہ حوت عورت دلو خاوند سے بہت محبت کرنے والی ہوتی ہے۔ خاندان میں ایک باوقار اور چاہے جانے والی شخصیت ہوتی ہے۔



free copy
khalidrathore.com
Document Processing Solutions

# زائچہ پیدائش بنوائیں اور 50٪ رعایت

☆ 2000 روپے سے زائد کی بچت
☆ سال بھر راہنمائے عملیات مفت
☆ 100 صفحات پر مشتمل حالات زندگی

ادارے نے قارئین کی نجومی راہنمائی کے لیے زائچہ پیدائش اور دیگر نجومی خدمات کو ایک جگہ اکٹھا کر دیا ہے تاکہ ہر فرد ان سے فائدہ اٹھا سکے۔ اس سلسلے میں ادارہ فی الحال دو سکیمیں متعارف کروا رہا ہے۔ آپ جو بھی سکیم چاہیں اختیار کر سکتے ہیں۔ کل فیس پر 50٪ کی خصوصی رعایت آپ کو دی جا رہی ہے۔ تاہم یہ رعایت محدود مدت کے لیے ہے۔

| کوکبی سکیم نمبر 1 | | کوکبی سکیم نمبر 2 | |
|---|---|---|---|
| زائچہ پیدائش | 200 | زائچہ پیدائش | 200 |
| خوش قسمتی کا پتھر | 200 | خوش قسمتی کا پتھر | 200 |
| نام کا استخراج / کوکبی جائزہ | 200 | نام کا استخراج / کوکبی جائزہ | 200 |
| زائچہ پیدائش بمعہ حالات | 2000 | زائچہ پیدائش بمعہ حالات | 2000 |
| آئندہ ایک سال کے حالات | 500 | آئندہ تین سال کے حالات | 1500 |
| زر سالانہ | 230 | زر سالانہ | 230 |
| کل فیس | 3330 | کل فیس | 4330 |
| 50٪ رعایت « فیس جو ادا کرنی ہے » | 1665 | 50٪ رعایت « فیس جو ادا کرنی ہے » | 2165 |

خالد اسحاق راٹھور، مکان 2، گلی 11، محمد نگر، نزد جامعہ نعیمیہ، گڑھی شاہو، لاہور

## زائچہ پیدائش
## کیا کچھ لیے ہوئے ہوگا

یوں تو دونوں سکیموں کی تمام خدمات واضح ہیں تاہم زائچہ پیدائش بمعہ حالات کی مزید وضاحت کی جا رہی ہے۔ اس میں شمس، قمر، عطارد، زہرہ، مریخ، مشتری، زحل، راس، ذنب، یورنس، نپ چون اور پلوٹو کی زائچے میں خانہ پری، رجعت و استقامت کواکب، کواکب کا شرف وہبوط، کواکب کے درجات، 70 سال کے دور اکبر اور دور اصغر، طالع شمسی، طالع قمری، طالع پیدائش، کواکب، شمس، قمر، عطارد، زہرہ، مریخ، مشتری، زحل، یورنس، نپ چون اور پلوٹو کے حوالہ زائچہ مختلف گھروں اور برجوں میں اثرات، اہم کوکبی نظرات بمعہ اثرات اور آئندہ آنے والے دنوں کے حالات زندگی بیان کیے جائیں گے۔ زائچہ پیدائش سفید کاغذ پر، کمپیوٹر سے اردو میں ٹائپ اور خوبصورت لیزر پرنٹ میں دیا جائے گا۔ ساتھ ہی اس کو کتابی شکل دینے کے لیے جلد بھی کروا دیا جائے گا تاکہ تمام عمر کام دے۔ اس سارے کام کا الگ سے کوئی معاوضہ بھی نہیں لیا جائے گا بلکہ زائچے کی فیس میں ہی یہ خدمات بھی انجام دی جائیں گی۔

**جواب طلب امور کے لیے جوابی لفافہ ارسال کریں**

# بحر الجفر
# خواص اسمائے برھتیتہ

از ۔ امتیاز حسین، کوئٹہ۔

قسط نمبر ۳

## برشَانؔ

علمائے طلسمات اسے 'یامحیط' کے معنی میں شمار کرتے ہیں۔ جو اسے مثلث غزالی کے گرد 15 مرتبہ لکھے تو ہر حاجت پوری ہو جو حاضرات کی مخفی مخلوق سے استفادہ حاصل کرنا چاہے یہ نقش لکھ کر نابالغ بچے کے ہاتھ میں دے اور خود طلسم اسماء برھتیہ کو تلاوت کرکے بچے پر پھونک مارتا جائے تو کچھ ہی دیر کے بعد بچے کی نظر سے حجاب اٹھ جائے گا پھر جو پوچھنا چاہے پوچھ لے ہر بات کا جواب ملے گا۔ وفق یہ ہے۔

قلنھود ٧٨٦ برشان

| | | |
|---|---|---|
| ٦ | ١ | ٨ |
| ٧ | ٥ | ٣ |
| ٢ | ٩ | ٤ |

قلنھود برشان

## کظھیرؔ

یہ اسم سبحان اللہ کی طرح ہے۔ جو کوئی اس وفق کو قلعی کی تختی پر لکھ کر جہاں لٹکائے گا وہ جگہ چوروں، جنات و ساحروں سے محفوظ رہے گی۔

٧٨٦

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| ر | ی | ھ | ظ | ک |
| ک | ر | ی | ھ | ظ |
| ظ | ک | ر | ی | ھ |
| ھ | ظ | ک | ر | ی |
| ی | ھ | ظ | ک | ر |

## نُوشَلخؔ

یہ اللہ اور عزیز کی خاصیت رکھتا ہے۔

جس شخص کو دمہ کی شکایت ہو تو اسے چاہیے کہ ہفتہ کے دن طلوع آفتاب کے وقت عمدہ کھجور کے دانہ پر ۲۷ بار اس قول کے ساتھ ۔٧٨٦ **فلا اقتحم العقبة وما ادراك ما العقبة فك رقبة** دم کرکے کھائے تو انشاء اللہ ۲۱ دن کے اندر اس مرض سے نجات حاصل ہو۔ جسے نکسیر بہت آتی ہو اسے چاہیے کہ **قلنھود برشان کظیھر نموشلخ** کو لکھ کر گلے میں لٹکائے تو نکسیر سے چھٹکارہ حاصل ہو۔

## بَرھیَولاَ

یہ یاکافی اور یاسمیع کی طرح ہے۔ اگر کسی کی کوئی چیز گم ہو گئی ہو یا چوری ہو گئی ہو تو مثلث غزالی کے گرد سات بار لکھ کر لٹکائیں تو گمشدہ مال مل جائے گا یا چور کا پتہ چل جائے گا۔ باذن اللہ۔

محترم قارئین طلسم اسماء برھتیہ کے خواص کو احاطہ تحریر میں لانا ناممکن ہے حضرت شیخ البوالعباسؒ احمد بن علی بونیؒ (صاحب شمس المعارف) اپنی نایاب زمانہ و بے مثل تصنیف 'منبع اصول الحکمت' شائع شدہ المکتبہ السعبیہ بیروت لبنان میں تحریر فرماتے ہیں کہ جو شخص طلسم برھتیہ کے صرف ایک اسم کا عامل ہو جائے وہ جملہ عملیات سے بے پرواہ ہو جائے گا۔ راقم السطور نے اسمائے برھتیہ کو حب، بغض شفائے امراض، سحر و آسیب عقد بستہ، گریختہ، دفینہ غرض تمام امور میں ان سے کام لیا ہے۔ الحمد للہ آج تک کسی جگہ ناکام نہیں ہوا۔

کسی مرد یا خوبصورت عورت پر عرصہ دراز سے آسیب و جنات مسلط ہوں اور کسی طرح جانے کا نام نہ لیں تو آپ اللہ کا نام لے کر یہ عمل شروع کریں کسی بھی جمعرات والے دن صبح ۱۱ بجے مریض کو نہلا دھلا کر سورج کے سامنے کھڑا کریں اور اسے سورج کی طرف دیکھنے کا حکم دیں (خیال رہے براہ راست سورج کو دیکھنا بصارت کے لیے نقصان دہ ہوتا ہے۔ اس کی طرف منہ ہونا چاہیئے نہ کہ نظر۔ ادارہ) اور خود ایک عدد غیر استعمال شدہ چھری ہاتھ میں لے کر طلسم اسمائے برھتیہ کو پڑھنا شروع کر دیں جب گیارہ مرتبہ پڑھ

چکیں تو چھری پر دم کر کے مریض کے سائے میں گردن کے مقام پر گاڑ دیں پھر بلا تعداد اسماء کی تلاوت جاری رکھیں چند ہی لمحے کے بعد مریض چکرا کر گر پڑے گا اور اس پر مسلط آسیب و جنات آموجود ہونگے تب عامل پوچھے کہ اس مریض کو کیوں تنگ کیا ہے اب اسے چھوڑتا ہے یا نہیں انشاءاللہ اگر مریض پر سو سال سے بھی جنات مسلط ہیں تو اسی وقت وہ اس کو چھوڑ کر چلے جائیں گے یہ عمل میرے معمولات میں سے ہے مگر اس میں یہ شرط ہے کہ آپ نے اس عمل کی زکوۃ ادا کی ہو بعد از زکوۃ ہی آپ اس عمل کو کرنے کی مجاز ہونگے میرا دعوی ہے یہ عمل آپ کو دنیا کی کسی کتاب میں نہیں ملے گا۔

## بشکیلخُ

یہ یا اللہ اور یا رحمان کی طرح ہے۔ اگر کسی کی آنکھوں میں کوئی تکلیف ہو یا موتیا پیدا ہو گیا ہو یا کوئی اور نقص ہو تو پیر کے دن ساعت اول میں ۷ بار ان کلمات کے ساتھ

یا ناظری بیعقوب اعیذ کما بہا استعاذ بہ اذ مسہ الکمد قمیض یوسف اذ جاء البشیر بہ بحق بعقوب فاذھب ایھا الزمد

اس حرز کو آپ اپنی آنکھوں پر لگائیں انشاءاللہ جلد ہی مرض سے چھٹکارا ہو۔ اگر کسی کی بینائی کم ہو تو ستر بار روزانہ پڑھ کر آنکھوں پر دم کرے تو بینائی زیادہ ہو۔

## قَزَمَزَ بَوْزِنِ

یہ بھی اسی طرح ہے بعض فرماتے ہیں کہ یہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی تسبیحات میں شامل تھا

| | | |
|---|---|---|
| ١٠ | ٨٠ | ١٠٠٠ |
| ١٠٠٠ | ١٠ | ٨٠ |
| ٨٠ | ١٠٠٠ | ١٠ |

جو شخص اسم قزمزبوزن کو اس وفق کے ساتھ زرد ریشم کے کپڑے پر لکھے اور ہر رات ١٠٠٠ بار اس اسم کو تلاوت کرے تو اس کی جیب کبھی خالی نہ ہو گی۔

## انفَلَلِیطُ

یہ اسم یا عظیم و یا حکیم کی طرح ہے۔ جو شخص لوگوں پر ظلم کرتا ہو اور لوگ اس سے تنگ ہوں تو آپ ساعت نحس میں اس اسم کو سورہ فیل کے ساتھ قطران سے ٹھیکری پر لکھیں اور اسے پیس کر ظالم شخص کے مقام پر ڈال دیں وہ اپنے انجام کو پہنچے گا ناجائز استعمال نہ کریں ورنہ پچھتائیں گے۔

## قُبرَاتُ

یہ یا باقی کی طرح ہے۔ جس شخص کے بہت سے دشمن ہوں تو اسے چاہیئے کہ نوچندی جمعرات کو ہرن کی جھلی پر ستر مرتبہ اس آیت کے ساتھ لکھے۔ **فالیوم ننجیك بیدنك** الخ تو وہ شخص دشمنوں ساحروں وغیرہ کے شرور سے بچا رہے گا یہ عمل بہت مجرب ہے۔

## غَیاھاً

یہ اسم یا کریم کی طرح ہے۔ جس کا خون سحر کی وجہ سے جاری کیا گیا ہو تو عامل کو چاہیئے کہ تین بار اس آیت کے ساتھ **انه علی رجعه لقادر** حروف تہجی میں لکھ کر پلائے تو اس کی تکلیف دور ہو۔

## کیدھولا

یہ یا قادر کی طرح ہے۔ ایسا سحر زدہ مریض جس کا علاج عامل حضرات کر کر کے تھک گئے ہوں تو اس کے لیے ایک مجرب عمل بتایا جا رہا ہے **١٠٠ بار اسم کیدھولا اور والق ما فی یمینك** الخ **قال موسی ماجئتم** الخ حروف مستفرقات میں وفق کے گرد دائرہ میں لکھ کر مریض کے گلے میں لٹکائیں اور سات دن تک پلائیں اگر ہزار قسم کا سحر ہی کیوں نہ ہو انشاءاللہ فوراً دور ہو گا۔

| | | |
|---|---|---|
| # | ☆ | ΠΠ |
| ΠΠ | # | ☆ |
| ☆ | ΠΠ | # |

## شَمخَاھرُ

یہ اسم یا علی اور یا عظیم کی طرح ہے۔ اس اسم کو سات بار کسی برتن میں لکھیں اور دھو کر جس مکان میں چھڑکیں گے تو وہاں سے حشرات الارض بھاگ جائیں گے۔

## شمخاضیرُ

یہ یا کافی کی طرح ہے۔ جس مکان میں جنات رہتے ہیں ان کو



free copy
khalidrathore.com
LuraTech Document Processing Solutions

بھگانے کے لیے کاغذ پر دس بار اس اسم کو لکھیں اور فلیتہ بنا کر جلائیں تو جنات اس مکان سے بھاگ جائیں۔

| ر | ح | م | ن | ☆ااام#ااا ے6☆ | ر | ح | ی | م |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۴ | ۴۹ | ۲۰۱ | ۷ | ال ل ھ ل ط ی ف ب ع بادہ | ۱۱ | ۳۹ | ۲۰۱ | ۷ |
| ۴۸ | ۳۸ | ۱۰ | ۲۰۲ | ل م ق ف ن ج ل | ۳۸ | ۸ | ۱۰ | ۲۰۲ |
| ۹ | ۲۰۳ | ۳۷ | ۳۹ | ☆ااام#ااا ے6☆ | ۹ | ۲۰۳ | ۳۷ | ۹ |

اگر سحر و آسیب کی وجہ سے مریض کے جسم میں درد رہتا ہو جسم اور کندھے بھاری رہتے ہوں تو آپ اس نقش کو لکھ کر اس کے نیچے دس بار اسم اعظم شمخاھیر' لکھیں اور درد کی جگہ باندھ لیں انشاء اللہ اسی وقت درد ختم ہو جائے گا مجرب و معمول ہے

## شمھاھیر'

یہ یا قدیر کی طرح ہے۔ عداوت کے لیے سو بار معہ اس آیت کے والقینا بینھم الخ لکھیں اور قبرستان میں دفن کریں تو.........

جب حاضرات کرنا چاہیں تو اس کے اعداد نکال کر مثلث میں بھریں اور درمیان والے خانہ کو سیاہ کریں اور خود شمخاھیر' شمھاھیر' کو سو دفعہ پڑھیں اس کے بعد ان کنتم حضرتم ایھا الارواح فارونی من شعاع نورکم کی تکرار کریں یہاں تک کہ ارواح حاضر ہو جائیں پھر جو چاہے پوچھ لے ہر بات کا جواب سوئی صد درست ملے گا شائقین حاضرات کے لیے یہ عمل ایک تحفہ ہے۔

## بکھطِہُونیۃ

یہ یا دائم کی طرح ہے۔ جو اس اسم کو سات بار طشت میں لکھ کر نہار منہ پیئے گا اسے بھوک نہیں لگے گی۔

## بشارِش

یہ یا قادر کی طرح ہے۔ جو اسے بلا تعداد اپنے ورد میں رکھے گا اسے بھوک پیاس کا احساس نہیں ہو گا حافظہ قوی ہو گا اور کوئی حاجت بند نہیں ہو گی۔

## طونشِ

یہ یا شکور کی خاصیت رکھتا ہے جو بچہ بہت زیادہ روتا ہو اور کسی طرح قرار نہ پاتا ہو تو اس اسم کو سورہ فاتحہ کے ساتھ لکھ کر بچے کے گلے میں لٹکائیں تو بچہ نہیں روئے گا۔

## شَمَخا باروخ'

یہ یا قادر یا قوی کی طرح ہے۔ سحر زدہ مریض کے لیے اکیس بار اس آیت کے ساتھ قال موسی ما جئتم الخ اور اسے دھو کر سات یوم مریض کو پلائے تو ہر قسم کا سحر دور ہو۔

جو ان اٹھائیس اسماء کو شرف شمس میں ہرن کی جھلی پر لکھے تو جو اسے دیکھے وہ ہیبت زدہ ہو روزی فرخ ہو اور کوئی حاجت بند نہ ہو یہ اٹھائیس اسماء ہر حاجت و ہر بیماری کے لیے اکسیر ہیں۔ جیسے دل چاہے ویسے استعمال کریں۔

محترم قارئین جہاں یہ اسماء روحانی و جسمانی بیماریوں کے لیے تیر بہدف ہیں اسی طرح جلب وطرد کے لیے بھی سند کا درجہ رکھتے ہیں۔ اگر کسی شخص کو بلانا ہو تو اس کے نام معہ والدہ کے اعداد لے کر ۲۸ پر تقسیم کریں جو باقی بچے اسے ان اسماء سے شمار کریں پھر اس اسم کو مطلوب کے نام کے اعداد کے برابر پڑھیں۔ انشاء اللہ تین سے سات دنوں میں مشکل سے مشکل کام ہو جائے گا۔ اسی طرح تمام اعمال کو سمجھیں۔ محترم قارئین یہ تو تھے طلسم اسمائے برھتیہ کے مختصر خواص ان اسماء کی زکوۃ اور اعمال اکبر اگلی اقساط میں ملاحظہ فرمائیں۔ (جاری ہے)


## کتب دستیاب ہیں

| | |
|---|---|
| راہنمائے عملیات (ماہنامہ) | 20 روپے |
| خزینہ اعداد | 30 روپے |
| روحانی مشورے | 38 روپے |
| متحصلہ قادر الکلام | 50 روپے |
| بانڈ ریس اور لاٹری کے نمبر | 100 روپے |
| 10 سالہ جنتری | 115 روپے |
| خالد روحانی جنتری 2000 | 55 روپے |
| علم الحروف | 100 روپے |


free copy
khalidrathore.com
Document Processing Solutions

# حقائق نجوم

ماسٹر شوکت علی بروہی، جنگ شاہی۔

(گذشتہ سے پیوستہ)

## 'مفلس نادار یوگ'

اگر زائچہ پیدائش میں طالع کا مالک کمزور ہو کر واقع ہو جائے اور اوتاد کے گھروں میں کوئی سیارہ نہ ہو اور نہ کوئی سیارہ قوی ہو کر زائچہ میں موجود ہو یا اوتاد تثلیث میں نحس سیارے واقع ہوں یا دوسرے اور چوتھے گھر میں نحس سیارے پڑے ہوں تو وہ شخص بڑا مفلس اور نادار ہوتا ہے اور غلامی اور اطاعت میں زندگی بسر کرنے والا ہوتا ہے یا دوسرے گھر میں جو سیارہ ہو وہ نحس برج کا ہو یا اپنے دشمن کے گھر کا ہو یا دوسرے اور چوتھے گھر میں ناقص سیاروں کا یوگ ہو تو وہ شخص بھی مفلسی اور تنگ دستی میں گذر اوقات کرتا ہے یا دوسرے گھر میں اور بارہویں گھر میں نحس سیارے پڑے ہوں یا بارہویں خانہ کا حاکم مریخ ہو کر دوسرے میں ہو اور نویں گھر کا مالک چھٹے، آٹھویں، بارہویں میں ہو اور تیسرے خانہ میں نحس سیارہ ہو تو وہ شخص بھی بڑا نادار مفلس اور تنگ حال ہوتا ہے۔ دوسرے گھر کا مالک بارہویں میں ہو یا چھٹے گھر کا مالک دوسرے گھر میں ہو یا دوسرے کا مالک چھٹے، آٹھویں، بارہویں گھر میں نحس سیارے کے ہمراہ واقع ہو یا گیارہویں گھر کا مالک بارہویں میں ہو تو وہ شخص بھی بڑا مفلس اور نادار اور تنگ حال ہوتا ہے اگر زحل طالع میں ہو اور راس آٹھویں میں پڑا ہو اور مریخ چھٹے گھر میں پڑا ہو یا طالع برج اسد میں مریخ ہو یا عقرب میں کوئی نحس سیارہ پڑا ہو یا قمر حمل کا ہو اور مریخ اس سے ناظر ہو وہ شخص بھی بڑا نادار اور مفلس ہوتا ہے اور پورے خاندان کی تباہی کا باعث بن جاتا ہے اگر زحل یا راس طالع میں ہوں اور ساتویں میں شمس مریخ کے ساتھ پڑا ہو تو خاندان کو برباد کرنے والا ہوتا ہے۔ دوسرے اور چوتھے میں نحس سیارے ہوں یا آٹھویں گھر میں شمس مشتری کے ساتھ ہو یا طالع میں زحل ہو اور طالع کا مالک سیارہ کمزور ہو کر بارہویں گھر میں ہو یا تین نحس سیارے ایک ہی گھر میں واقع ہو جائیں یا مریخ زحل کے ساتھ پڑا ہو تو بھی ایسا شخص پریشان حال غریب اور تنگ دست ہوتا ہے۔

## 'اولاد یوگ'

طالع کا مالک اگر پانچویں گھر کے مالک کا دوست ہے تو اولاد تابعدار اور فرمانبردار ہوتی ہے۔ اگر دشمن ہے تو اولاد تند خو بد مزاج اور نافرمان ہوتی ہے۔ طالع و مشتری اور قمر سے پانچواں گھر اولاد دینے والا ہوتا ہے۔ ان سے جو نواں گھر ہوتا ہے اس کے مالک کے دور اکبر اور دور اصغر میں اولاد پیدا ہوتی ہے پانچویں گھر میں جو برج ہو اور پانچویں گھر میں جس قدر سیارے واقع ہوں ان کی تعداد کے مطابق اولاد کا جنم ہوتا ہے۔ پانچویں گھر کو جس قدر مذکر سیارے ناظر ہوں یا اس میں واقع ہوں تو اسی قدر بیٹے اور جس قدر مونث سیارے ناظر یا قابض ہوں اسی قدر لڑکیاں پیدا کرنے کا اتفاق ہوتا ہے۔ طالع کا مالک اگر طالع میں ہو یا دوسرے گھر میں بیٹھا ہو یا قمر مریخ و زہرہ ذو جسدین بروج میں واقع ہوں تو پہلی اولاد فرزند ہوتا ہے۔ طالع میں مذکر برج ہو اور طالع کا مالک مذکر برج میں واقع ہو یا مذکر نوبہرہ کے سیارے میں بیٹھا ہو اور سعد سیارہ اس سے ناظر ہو اور پانچویں گھر کا مالک سعد سیارے کے نوبہرہ میں پڑا ہو یا مذکر سیارہ مذکر برج میں بیٹھا ہو تو پہلی اولاد بیٹا ہوگا۔

اگر پانچویں گھر میں مونث برج ہو اور اس کا مالک بھی مونث برج میں بیٹھا ہو اور مونث سیارہ اس سے ناظر ہو تو پہلی اولاد لڑکی ہوتی ہے۔ طالع کا مالک اور پانچویں گھر کا مالک اگر مذکر برج میں پڑے ہوں تو لڑکے اگر مونث بروج میں پڑے ہوں تو لڑکیوں کی پیدائش زیادہ ہوتی ہے۔

## 'اولاد کی بندش یوگ'

شمس اور زیا پانچویں گھر کا مالک نحس سیاروں کے درمیان واقع ہوں اور نحس سیارے ان سے ناظر ہوں تو ایسے شخص کی اولاد نہیں ہوتی۔ شمس پانچویں گھر میں نحس سیاروں کے درمیان پڑا ہو اور مریخ و زحل برج حوت میں واقع ہوں یا زحل برج عقرب کا ہو کر طالع میں ہو یا نحس سیارے چوتھے گھر میں ہوں تو بھی اس کی اولاد نہیں ہوتی یا قمر جس برج میں واقع ہو اس برج کا مالک

free copy
khalidrathore.com
Urdu Tech Document Processing Solutions

برج حوت میں پڑا ہو اور قمر کے ساتھ بھی کوئی نحس سیارہ ہو یا پانچویں گھر کا مالک چھٹے، آٹھویں، بارہویں میں پڑ جائے تو اولاد کا نقصان ہوتا ہے قمر اور عطارد آٹھویں میں پڑے ہوں تو بھی اولاد نہیں ہوتی۔ یا پانچویں گھر میں زحل، راس اور مریخ واقع ہو جائیں یا مشتری سے پانچویں گھر میں ایسا یوگ پڑ جائے یا مشتری اور زہرہ کا قران طالع سے آٹھویں خانہ میں ہو تو صاحب زائچہ اولاد کے سکھ سے محروم ہو جاتا ہے۔

## 'علم یوگ'

طالع و قمر سے پانچواں گھر علم کا ہوتا ہے علم کے گھر کا مالک یا قمری طالع کا مالک، مشتری اور عطارد نحس ہو کر نحس حالت میں نحس سیارے کے ساتھ ہو کر چھٹے، آٹھویں، بارہویں میں پڑ جائیں تو صاحب زائچہ علم و عقل سے محروم رہتا ہے۔ اگر دوسرے، تیسرے یا گیارہویں گھر میں پڑے ہوں تو تھوڑا علم ہوتا ہے۔ اگر اوتاد کے گھروں میں پڑ جائیں تو کافی علم حاصل کرتا ہے اگر خانہ تثلیث میں واقع ہوں تو کئی قسم کے علوم حاصل کرتا ہے۔ اگر قمر سے پانچویں گھر کا مالک عطارد مشتری اور زہرہ ہو اور قمر سے چھٹے، آٹھویں، بارہویں میں بیٹھا ہو تو جاہل مطلق ہوتا ہے۔ اگر یہ تینوں سیارے دوسرے، تیسرے، گیارہویں پڑ جائیں تو تھوڑا علم ہوتا ہے۔ اگر اوتاد میں ہوں تو ایسا شخص عالم فاضل ہوتا ہے اگر خانہ تثلیث میں واقع ہوں تو کئی قسم کے ہنر اور علوم سے واقف ہوتا ہے اگر یہی کیفیت طالع سے پانچویں گھر کے مالک کی ہو تو بھی یہی اثرات ظاہر ہوتے ہیں۔

## 'عورت کا چال چلن یوگ'

طالع یا قمری طالع سے ساتویں گھر شمس، زہرہ یا مریخ میں سے ایک سیارہ پڑا ہو تو ایسی عورت پرائے مرد سے سنگ کرتی ہے اگر ایسی کیفیت میں مشتری ہو تو اپنے مرد سے اگر زحل ہو تو نیچ ذات کے آدمی سے سنگ کرنے والی ہوتی ہے۔ پیدائشی طالع یا قمری طالع سے مریخ، زہرہ اور قمر ذو جسدین بروج میں پڑے ہوں تو شادی سے پہلے ہی بد چلن ہو چکی ہوتی ہے۔ اگر برج قوس میں واقع ہو جائیں تو ایسی عورت نیک چلن ہوتی ہے۔ شادی کے بعد عورت کا اخلاق اور چال چلن دیکھنے کے لیے قمری زائچہ کو دیکھو اگر قمری طالع ثابت برج کا ہے اور قمر ثابت برج میں واقع ہے اور طالع کا مالک بھی ثابت برج میں ہے تو عورت کا چال چلن درست ہوگا اگر طالع قمری منقلب ہے اور قمر بھی طالع کے مالک کے ساتھ منقلب برج میں بیٹھا ہو تو وہ عورت غیر مردوں سے سنگ کرنے والی ہوتی ہے۔

## 'بخیل اور دغا باز یوگ'

چوتھے گھر میں نحس برج ہو خواہ چوتھا گھر نحس سیارے کے زیر نظر ہو یا زائچے میں مریخ اور عطارد قوی ہو کر بیٹھے ہوں یا چوتھے گھر میں ایک سے زیادہ نحس سیارے ہوں یا چوتھے گھر پر نحس سیارے کی نظر ہو تو وہ منحوس بخیل اور دغاباز ہوتا ہے۔ اگر بوقت پیدائش طالع برج حمل ہو اور اس میں عطارد نحس سیاروں کی زیر نظر ہو کر واقع ہو یا زہرہ سے چھٹے، آٹھویں، بارہویں میں زحل ہو یا خانہ چہارم اور نہم کا مالک چھٹے گھر میں پڑا ہو یا زحل اور زہرہ آٹھویں گھر میں ہو تو وہ شخص بخیل اور دغاباز ہوتا ہے۔ اگر رات کی پیدائش میں زحل دسویں گھر میں پڑا ہو تو وہ شخص بزدل ہوتا ہے۔

## 'قسمت اودھے یوگ'

زہرہ طالع میں قوی پڑا ہو یا پانچویں گھر سے آٹھویں گھر تک سعد سیارے پڑے ہوں تو عمر کے درمیانی حصہ میں قسمت چمکتی ہے اور دوسرے اور دسویں گھروں کے مالکان قوی ہو کر اوتاد میں واقع ہوں اور طالع کے مالک سے ناظر ہوں یا پہلے دوسرے اور گیارہویں گھر میں سعد سیارے قوی ہوں اور دوسرے گھر کے مالک سے ناظر ہوں تو بچپن میں قسمت چمکتی ہے۔ اس یوگ کے تحت سیارہ اپنے برج یا شرف میں قوی ہوں تو دگنی بلکہ سہ گنی قسمت چمکتی ہے۔ اگر زوال او ستھا یا دشمن کے برج میں ہو تو بدقسمتی کی علامت ہے۔ اگر نویں گھر کا مالک اوتاد میں ہو تو بھی بچپن میں قسمت چمکتی ہے اگر نویں کا مالک خانہ تثلیث ہیں ہو یا شرف میں ہو تو جوانی میں اگر اپنے گھر یا دوست کے گھر میں ہو تو عمر کے پچھلے حصہ میں قسمت کا اودھے (چمک) ہوتا ہے۔

(جاری ہے)


**زائچہ پیدائش مفت**

راہنمائے عملیات کے سالانہ خریدار بن کر اپنا زائچہ پیدائش مفت بنوائیں

از سید اعجاز حسین شاہ، حویلی لکھا

# فن دست شناسی

قسط نمبر ۴

## مربع ہاتھ

مربع ہاتھ کی ہتھیلی لمبائی چوڑائی میں یکساں نوعیت کی ہوتی ہے۔ جیسا کہ شکل نمبر ا سے واضح ہے۔ انگلیاں ہتھیلی سے نسبتاً چھوٹی اور پہلی پوروں کے سرے اوپر سے دبے ہوئے محسوس ہوتے ہیں۔ انگلیوں کی پہلی پوریں چھوٹی ہوتی ہیں۔ انگوٹھا میانہ قامت جو کہ ہتھیلی پر مضبوطی سے لگا ہوتا ہے۔ ناخن چھوٹے اور مربع شکل کے ہوتے ہیں۔ ہتھیلی کی جلد مضبوط اور سخت ہوتی ہے۔ ہاتھ بحیثیت مجموعی مضبوط، جس پر لکیروں کی تعداد کم ہوتی ہے۔ مربع ہاتھ کے حاملین جسمانی لحاظ سے صحت مند ہوتے ہیں۔ اپنے آپ کو ہر وقت مصروف رکھ کر دلی تسکین محسوس کرتے ہیں۔

وقت کی پابندی اور ضابطے کا احترام کرتا ہے۔ فرصت اور بے کاری کے لمحات اسے بہت پریشان کرتے ہیں وقت پر کھاتا اور سوتا ہے۔ صحت کے بارے میں بڑا احساس ہوتا ہے۔ شارٹ کٹ کے بجائے محنت اور عقل سلیم سے زندگی میں آگے بڑھنے پر یقین رکھتا ہے۔

یہ ہاتھ عملی کام کرنے والے، دست کاروں، معماروں، ضوابط پسند تاجروں، کاشت کاروں، کھلاڑیوں اور کاروباری لوگوں کے ہاں اکثر دیکھنے میں آتا ہے۔

مربع ہاتھ کے حاملین روپے پیسے سے زیادہ لگاؤ رکھتے ہیں۔ اس لئے ان کاموں کو ترجیح دیتے ہیں جہاں انھیں مالی فائدہ نظر آئے۔ ایسے لوگ زندگی کی ترجیحات مادی نقطہ نظر سے ترتیب دیتے ہیں۔ معاشرے کا مفید رکن ہونے کی وجہ سے زندگی کے تمام شعبوں میں دیکھا جاتا ہے۔

مذہب سے والہانہ لگاؤ رکھتا ہے۔ ہر اس سماجی معالے کا احترام کرتا ہے۔ جو مذہب کی رو سے معاشرے میں قبول عام ہو۔ جدت پسندی سے گریز کرتا ہے۔ طبیعت حقائق پسند اور ناقدانہ ہونے کی وجہ سے نئے خیالات اس وقت تک قبول نہیں کرتا۔ جب تک ان کی افادیت کا اسے یقین نہ ہو جائے۔ مذہب پرست ہوتا ہے۔ توہم پرست نہیں۔ مغلق گو۔ عملی پسند طبیعت ہونے کی وجہ سے میں چڑ چڑا پکا ہوتا۔ جس شخص کا ہاتھ جتنا زیادہ مربع ہوگا اس شخص میں مندرجہ ذیل خصوصیات اتنی ہی زیادہ ہوں گی وہ شخص اپنے نظریات پر سختی سے عمل کا خواہاں ہوگا۔

اگر مربع ہاتھ پر انگلیاں چھوٹی ہوں تو ایسا شخص اپنے نظریات پر شدت سے کاربند ہوگا۔ اپنی ضد کا پکا ہوگا۔ اس وجہ سے زندگی میں اسے اکثر نقصان اٹھانے پڑتے ہیں لیکن وہ اپنی خامیوں پر قابو پانے سے قاصر رہتا ہے۔

ہاتھ کی پہچان کے بعد انگلیوں کا مطالعہ بھی ہمیں انسان کی شخصیت کو پرکھنے میں مدد دیتا ہے۔ اس سلسلے میں دیکھنا ضروری ہے کہ آیا انگلیاں کونسی شکل اختیار کرتی ہیں۔ مثلاً گرہ دار، چپٹی، مخروطی یا ملی جلی قسم کی ہیں۔

مربع ہاتھ پر گرہ دار انگلیاں ایسے شخص کی عکاس ہیں جو ہر کام بڑے سوچ وچار کے بعد کرتا ہے۔ کیونکہ انگلیوں میں گرہ کا وجود ایک نوع کی رکاوٹ کو ظاہر کرتی ہے۔ اگر گرہ کے ساتھ انگلیاں کافی لمبی ہوں تو یہ ذہین افراد کی علامت ہے۔ ایسے لوگ شماریات، ریاضی، قانون ساز ادارول لائبریرین، ریسرچ اسکالر اور ان شعبوں میں اپنی خدمات بہتر طور پر انجام دے سکتے ہیں۔ جہاں سوچ وچار کا کام ہو۔

مربع ہاتھ پر چپٹی انگلیاں ایک شخص میں آزادی، حوصلہ اور جوش و ولولہ کو ظاہر کرتا ہے۔ ایسا شخص بڑی بے چین طبیعت کا مالک ہوتا ہے۔ اس کے انگ انگ میں عظمت، وسعت اور جہانگیری کے خواب بسیرا کئے ہوتے ہیں۔ ایسے لوگ کسی رسم و رواج کے پابند نہیں ہوتے۔ موقع و محل سے فائدہ اٹھانا اچھی طرح جانتے ہیں۔ اپنی چالاکی اور ہوشیاری کی وجہ سے زندگی کے میدان میں اکثر کامیاب و کامران رہتے ہیں۔ چپٹی انگلیاں انجینئرنگ اور سرجری کے میدان میں بھی چمکنے کی صلاحیت کو ظاہر کرتی ہیں۔

مربع ہاتھ مخروطی انگلیوں کے ساتھ انسان کی کاروباری خصوصیات کے ساتھ ساتھ فنون لطیفہ میں دلچسپی کو ظاہر کرتا ہے۔ ایسے لوگ

free copy
khalidrathore.com
Document Processing Solutions

بڑے نفیس مزاج حساس، حسن و زیبائش کے دلدادہ، اپنی دلآویز بات چیت اور رکھ رکھاؤ کی وجہ سے اپنے حلقہ احباب میں جانے جاتے ہیں۔

مخروطی انگلیوں کی وجہ سے ایسے لوگوں کو اچھا کھانا، نفیس پہننا اور دل کش ماحول میں رہنا من کو بہت بھاتا ہے۔ اس وجہ سے اپنی خوبیوں کی وجہ سے شوبز کی دنیا میں بڑے کامیاب رہتے ہیں۔ ایسے لوگ کامیاب ایکٹر، ڈرامہ نگار، مصور، نقاش اور شوق حیثیت کے دوسرے شعبوں میں کامیاب رہتے ہیں۔

کیونکہ مربع ہاتھ کی ہتھیلی کی وجہ سے انسان میں عمل پسندی کے جوہر اور اس کے ساتھ مخروطی انگلیوں کے ملاپ سے انسان میں حسن و لطافت کے جذبات مل کر انسان کی شخصیت کو چار چاند لگا دیتی ہے۔

مربع ہاتھ پر ملی جلی انگلیاں انسان کے ہر فن مولا ہونے کی علامت ہیں مگر ایسا شخص A jack of all traders but master of none کے مصداق زندگی میں مختلف شعبوں میں اپنی قسمت آزمائی کرتا ہے۔ اس لئے اسے ہر فیلڈ پر معلومات حاصل ہوتی ہیں۔ لیکن اس وجہ سے کامیاب انسان نہیں بن سکتا۔ زندگی میں کامیابی کے لیے ضروری ہے کہ ایک فیلڈ سلیکٹ کیا جائے اور اس میں کمال حاصل کیا جائے۔ اس لئے ایسے لوگ بجائے مختلف شعبوں کو بدلنے کے اپنی تلون مزاجی پر قابو پائیں اور ایک شعبہ منتخب کر کے اس میں اپنی مہارت ثابت کریں۔ اور دن رات اپنے اسی منتخب شدہ شعبہ میں وقف کر دیں تو ایک وقت ایسا آئے گا کہ وہ شعبے میں کمال عروج حاصل کر کے بڑا نام کمائے گا۔ اور زندگی میں کامیابی و کامرانی اس کے قدم چومے گی۔

## خیالی ہاتھ

خیالی ہاتھ کے نام سے ہی ظاہر ہے کہ یہ ہاتھ ان لوگوں کا ہوتا ہے جو ہر وقت خیالات کی دنیا میں بسیرا کئے رہتے ہیں۔ سستی کاہلی اور آرام پسند طبیعت کی وجہ سے عملی سرگرم زندگی سے نالاں دکھائی دیتے ہیں۔

یہ ہاتھ دیکھنے میں بہت خوبصورت ہوتا ہے۔ نرم و نازک لمبی انگلیاں جن کو باآسانی ہر طرف موڑا جاسکتا ہے۔ نرم انگوٹھا جو نیچے کی طرف جھکا ہوا۔ اگر اس کو اوپر نیچے جھکاؤ تو کلائی سے لگ جائے۔ ہاتھ پر مدھم لکیریں جیسا کہ شکل نمبر۲ سے ظاہر ہے۔ لمبے اور خوبصورت ناخن ہوتے ہیں۔

خیالی ہاتھ کے حاملین انتہائی حساس، جذباتی، قوت عمل سے تہی دامن ہونے کی وجہ سے کام کرنے سے ان کا من گھبراتا ہے۔ اس لیے بے کاری میں اپنا وقت ضائع کرتے ہیں۔

معاشرے میں اکثر ہمیں ایسے لوگ نظر آتے ہیں جو ہر وقت چوپال میں یا گلی کی کسی نکر پر اپنا ڈیرہ جمائے گپیں ہانک اپنا وقت برباد کرتے ہیں۔ ان میں سے اکثر خیالی ہاتھ کے حامل ہوتے ہیں۔ میں نے اپنے ذاتی مشاہدہ کے دوران فقیروں کی کثیر تعداد کے ہاں خیالی ہاتھ پائے ہیں۔ خیالی ہاتھ کی سب سے بڑی پہچان یہ ہے کہ یہ ہاتھ اتنا نرم ہوتا ہے کہ گوشت کا لوتھڑا محسوس ہوتا ہے۔

خیالی ہاتھ کے حاملین زندگی کی تلخیوں کا دلیری سے سامنا کرنے کا حوصلہ نہیں رکھتے۔ جب بھی ان پر کوئی مصیبت آتی ہے وہ اس سے فرار حاصل کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔ نتیجۃً ان میں سے اکثر نشہ آور اشیاء کا استعمال شروع کر دیتے ہیں۔ کیونکہ یہ لوگ حقیقت پسندی کو دل سے تسلیم نہیں کرتے اگر ان کا ہسپتال میں علاج کروا بھی دیں تو وہ وقتی طور پر نشہ کی لعنت سے توبہ کر لیں گے لیکن جیسے ہی ان پر کوئی مصیبت نازل ہوئی۔ پھر وہ نشہ کا سہارا لے کر راہ فرار اختیار کرتے ہیں۔

خواتین میں بھی یہ ہاتھ اکثر دیکھنے میں آتا ہے اس ہاتھ کی مالک خواتین اکثر رنجیدہ اور یاس و ناامیدی کا شکار نظر آئیں ہیں۔ کیونکہ وہ صنف نازک ہونے کی وجہ سے معاشرے کے مصائب کا دلیری سے سامنا نہیں کر سکتیں۔ نتیجۃً مرنجان مرنج، سر درد کی شکایت اور بیماری کا شکار ہو کر چارپائی پر لیٹی رہتی ہیں۔ البتہ اس قسم کے افراد امراء کے گھرانوں میں جنم لیں۔ جہاں بچپن سے ہی ان کی تمام خواہشات پوری ہوں۔ تو پھر اس ہاتھ پر منفی اثرات زیادہ اثر نہیں دکھاتے ہیں لیکن ایک حقیقت تو عیاں ہے کہ ایسے لوگ زندگی میں فاعل کی بجائے مفعول بن کر جیتے ہیں۔ اگر اس ہاتھ پر دماغ کی لکیر چاند کے ابھار میں نیچے تک چلی جائے اس کے ساتھ انگوٹھا بھی موم کی مانند کمزور ہو تو ایسے افراد تنگ دستی، مصائب یا حالات کی گردش کا مقابلہ نہ کرتے ہوئے خودکشی کے مرتکب ہو سکتے ہیں۔

جب بھی ہمیں زندگی میں ایسے افراد نظر آئیں تو ان پر خصوصی توجہ دینی چاہیے۔ اگر بچپن میں ہی تشخیص ہو جائے تو ان کی تربیت ان خطوط پر کریں کہ ان میں زندگی میں جینے کا حوصلہ پیدا ہو۔ تاکہ وہ آنے والے مصائب کا سامنا کرتے ہوئے گھبرانے کی بجائے دلیری سے ان کا مقابلہ کریں۔ ان میں مستقل مزاجی پیدا ہو۔ تاکہ وہ عزم و استقلال کے ساتھ زندہ رہ سکیں۔

(جاری ہے)

free copy
khalidrathore.com
Document Processing Solutions

# ناخنوں کی ساخت اور بیماریاں

از : محمد مصدق قریشی، ایبٹ آباد۔

۱۔ ناخنوں کی ساخت تشریح و تفصیل

۲۔ ناخنوں کی بناوٹ اور علامات سے بیماریوں کا احوال۔

میں ان دونوں کو علیحدہ علیحدہ بیان کر رہا ہوں تاکہ آپ کے سمجھنے میں آسانی ہو۔

## ناخن کی ساخت

ہر شخص کے ناخن کی شکل مقرر ہوتی ہے۔ وہ چاہے تو بھی اس کی شکل و بناوٹ میں تبدیلی نہیں کر سکتا خواہ وہ اس کو اکھاڑ بھی دے یا ناخن ٹوٹ بھی جائے۔ لیکن ناخن جب بھی نکلے گا تو اپنی اصلی شکل و صورت میں نکلے گا۔ کیونکہ اس پر ہر انسان کے کردار کا انحصار ہوتا ہے۔

## ناخن چار قسموں کے ہوتے ہیں

۱) طویل، لمبے ناخن۔

۲) عریض ناخن، چھوٹے ناخن، چوکور ناخن۔

۳) تنگ ناخن۔

۴) کوتاہ ناخن یا چھوٹے ناخن۔

## لمبے ناخن یا طویل ناخن

ایسے ناخنوں کی چوڑائی کے مقابلہ میں لمبائی زیادہ ہوتی ہے۔ مستطیل کہلاتے ہیں۔ ایسے لوگ عموماً شریف ہوتے ہیں۔ یہ لوگ بحث میں اپنا وقت ضائع نہیں کرتے۔ یہ لوگ عموماً جسمانی لحاظ سے کمزور ہوتے ہیں۔ اور جو ان کا مقصد حیات ہوتا ہے اس کے حصول میں لگے رہتے ہیں۔ یہ لوگ مصوری، موسیقی، شعر و شاعری، فنون لطیفہ میں دلچسپی رکھتے ہیں۔

## چھوٹے ناخن۔ عریض ناخن۔ چوڑے ناخن

اس قسم کے ناخنوں کی چوڑائی و لمبائی برابر ہوتی ہے۔ اکثر گلابی رنگ کے ہوتے ہیں۔ ایسے ناخن رکھنے والے لوگ ہر کام کو محنت و دیانتداری سے کرتے ہیں۔ اور ریاکاری سے پرہیز کرتے ہیں۔ اور قول کے پکے اور ایماندار ہوتے ہیں۔ روشن خیالات کے مالک ہوتے ہیں۔ دل میں کوئی بات چھپا کر نہیں رکھتے۔ جسمانی لحاظ سے مضبوط ہوتے ہیں۔ محنت کے عادی ہوتے ہیں۔

## تنگ ناخن

ایسے ناخن چوڑائی میں بہت کم چوڑے ہوتے ہیں۔ اور لمبائی میں زیادہ، بادام کی طرح ہوتے ہیں۔ ایسے ناخن رکھنے والے لوگ عموماً جسمانی طور پر کمزور ہوتے ہیں۔ اور ان کا ذہن تخیلاتی ہوتا ہے۔ ہوائی قلعے بناتے رہتے ہیں۔ اور اپنا ہر کام اعصاب کے زور پر کرتے ہیں۔ عموماً شاعر مزاج بھی ہوتے ہیں۔ ایسے لوگوں کے ناخن سفید، نیلے، زرد یا گلابی ہوتے ہیں۔ مگر ان کے ناخن عنابی سرخ نہیں ہوتے ہیں۔ وجہ یہ ہے کہ ان لوگوں میں جسمانی قوت کم ہوتی ہے۔

## کوتاہ ناخن یا چھوٹے ناخن

ایسے ناخن کبھی تو مستطیل ہوتے ہیں کبھی چھوٹے عدسے کی مانند ہوتے ہیں۔ یہ ناخن اونچائی میں بہت کم ہوتے ہیں اور چوڑائی ان کی بہت زیادہ ہوتی ہے۔ اسی وجہ سے ناخن چھوٹے ہوتے ہیں۔ اس قسم کے ناخن رکھنے والوں میں تجسس کا بہت جذبہ ہوتا ہے۔ اگر ایسے لوگوں کا ناخن تھوڑا سا اونچا ہو گا تو ایسے اشخاص کا بحث و مباحثہ بڑا فائدہ مند اور پرزور ہو گا اور جستجو کامیاب ہو گی۔

اگر ناخن کی اونچائی بہت کم ہو اور چوڑائی زیادہ ہو تو ایسے شخص میں بحث کا مادہ بہت زیادہ ہو گا اور ہر بات میں بحث اور جھگڑا کرے گا۔ اور ہمیشہ ہر ایک سے اس کی لڑائی ہی ہوتی رہے گی۔ کسی سے بنا کر نہ رکھے گا۔

## اب میں ناخنوں کی ساخت سے بیماریوں کا معلوم کرنا بتاتا ہوں۔

اس میں آپ صرف ناخن دیکھ کر معلوم کر سکتے ہیں کہ حامل ناخن تندرست ہے یا کہ بیمار ہے اگر وہ بیمار ہے تو اس کو کون سے بیماری لاحق ہے۔ کیونکہ ناخن بدنی امراض بتاتے ہیں۔ ناخنوں کی رنگ و روپ، ساخت اور بناوٹ اور مختلف شکلیں دیکھ کر ہم بتا سکتے ہیں کہ یہ شخص کس بیماری کا شکار ہے۔ یہ ضروری نہیں کہ کسی خاص بناوٹ کا ناخن کسی خاص بیماری کی نشاندہی کر رہا ہے اور اس ناخن کا حامل اس وقت تک تندرست ہو اس صورت میں اس شخص پر بیماری کے حملے کا شدید امکان ہوتا ہے۔ بعض لوگوں کو بیماری موروثی بھی ملتی ہے۔ اور ان کے ناخن اس موروثی وراثت کی نشاندہی کرتے ہیں۔



free copy
khalidrathore.com
Document Processing Solutions

بیماریوں کا پتہ چلانے کے لئے آٹھ قسم کے ناخن نمایاں ہوتے ہیں۔

بندہ ان کی قسموں کو تفصیل سے سمجھاتا ہے۔

۱) دل کی بناوٹ میں خرابی کی علامت۔

۲) تپدق اور سل کی علامت۔

۳) اعصابی کمزوری کی علامت۔

۴) دوران خون کی خرابی کی علامت۔

۵) سینے اور گلے کی امراض کی علامت۔

۶) ریڑھ کی ہڈی کی بیماری کی علامت۔

۷) فالج ولقوہ کی علامت۔

۸) اختلاج قلب کی علامت۔

## دل کی بناوٹ میں خرابی کی علامت

اس میں ناخن پتلے، چپٹے اور چھوٹے چھوٹے ہوتے ہیں۔ اور ان کے چاروں اطراف میں گوشت چڑھا ہوا ہوتا ہے۔ ناخن چھوٹا ہوتا ہے۔ اور اس ناخن کا سرا بالکل سیدھا ہوتا ہے۔ یعنی کہ خط مستقیم بناتا ہے۔ بعض دفعہ نیچے کی طرف گاؤ کی دم کی طرح ہو جاتا ہے۔ کبھی اس کی لمبائی اتنی ہوتی ہے جتنی اوپر کے پہلوؤں کی ہوتی [illegible] یہ ناخن چھوٹا ہوتا ہے۔ ایسے ناخن والا شخص کا دوران خون [illegible] دل میں کوئی خرابی ہو گی۔ جبکہ دل کے والو اچھی طرح کام سر انجام نہ دیں یا دل کی دیواریں کمزور ہوں۔ تو اس قسم کی صورت میں ناخن نیلے پڑ جائیں گے۔ اگر نیلاہٹ ناخن کی جڑ کی طرف زیادہ گہری ہو اور اوپر کی طرف کم ہوتی گئی ہو تو ایسی صورت میں حامل ناخن دل کی شدید کمزوری میں مبتلا ہو گا۔ اس کا دل بہت ہی کمزور ہو گا۔

## تپ دق اور سل کی علامت

جب کہ ناخن کی چوڑائی کم اور لمبائی زیادہ ہو تو ایسے شخص میں بدنی قوت کم ہوتی ہے۔ یہ لوگ جسمانی مشقت سے جلد تھک جاتے ہیں۔ ایسے لوگوں میں تپدق (TB) اور سل کا مرض ہو گا۔ اگر نہیں ہو گا تو انہیں یہ مرض لاحق ہونے کا اندیشہ ہوتا ہے۔ اگر ناخنوں میں گہری دھاریاں یا جھریاں ہوں تو ایسے شخص کو تپدق اور سل کی بیماری ہو گی۔ اگر ایسے ناخن کی رنگت گلابی کی جائے نیلی یا زرد ہو تو وہ شخص ضرور تپدق یا سل کا مریض ہو گا۔

## اعصابی کمزوری کی علامت

اس مرض میں علامتی ناخن گوشت میں دھنسے ہوئے چپٹے ہوتے ہیں۔ اور ناخن کا رنگ سفید ہوتا ہے۔ اور ناخنوں پر سلوٹیں ابھری ہوتی ہیں۔ اور کہیں کہیں یہ سلوٹیں بہت زیادہ نمایاں ہوتی ہیں۔ اور ناخن بہت کھردرا ہوتا ہے۔ اور اس کی سطح ناہموار ہوتی ہے۔ ایسے ناخن رکھنے والا شخص اعصابی کمزوری کا شکار ہوتا ہے۔

## دوران خون کی خرابی کی علامت

گردش خون کی خرابی کو ظاہر کرنے والے ناخن ظاہری طور پر سپاٹ ہوتے ہیں۔ یہ لمبائی اور چوڑائی میں برابر ہوتے ہیں۔ ان کا قاعدہ مستقیم ہوتا ہے۔ یہ ناخن چھوٹا اور چپٹا ہوتا ہے۔ اور عموماً رنگت میں نیلا ہو گا۔ ناخن مستطیل یعنی سپاٹ ہوتا ہے۔

## سینے اور گلے کے امراض کی علامت

ایسے ناخنوں کی چوڑائی اور لمبائی برابر ہوتی ہے۔ یہ گول گیند نما ہوتا ہے۔ اس کی دونوں اطراف گوشت میں دھنسی ہوتی ہیں۔ چونکہ یہ شکل مربع شکل سے قدرے ملتی جلتی ہے۔ اسی سبب اس کی بدنی صحت اچھی ہوتی ہے۔ لیکن ایسے افراد گلے کے امراض، نزلہ، زکام، کھانسی اور خناق وغیرہ میں مبتلا ہو جاتے ہیں۔ اگر ان کے ناخنوں پر گہری دھاریاں یا سلوٹیں موجود ہوں یا اونچائی میں سفید لکیریں ہوں تو ایسے میں مندرجہ بالا امراض کی شدت بڑھ جائے گی۔ اور ایسے اشخاص طویل عمری میں دمہ کے امراض میں مبتلا ہو جاتے ہیں۔

## ریڑھ کی ہڈی کی بیماری کی علامت

ایسی علامت میں ناخن کی لمبائی بہت زیادہ اور چوڑائی بہت کم ہوتی ہے۔ ایسے ناخن کے دونوں اطراف گوشت ہوتا ہے۔ ایسے ناخن کا حامل شخص بہت دبلا پتلا ہوتا ہے۔ اور طویل القامت ہوتا ہے۔ اس کے تمام اعضاء لمبے اور پتلے ہوں گے۔ ہاتھوں کی رنگت قدرے نیلی ہو گی۔ چونکہ ایسے ناخت رکھنے والا عموماً دبلا پتلا اور طویل القامت ہوتا ہے۔ اور اس کی ریڑھ کی ہڈی بھی کمزور ہوتی ہے۔ چونکہ اس کی ریڑھ کی ہڈی پر زیادہ زور رہتا ہے۔ اسی سبب ایسے شخص ریڑھ کی ہڈی کی بیماری میں مبتلا رہتے ہیں۔

## فالج ولقوہ کی علامت

ان امراض کی علامت والے ناخن ساخت کے اعتبار سے تکون ہوتے ہیں ایسے ناخن رکھنے والے شخص کو فالج کا خطرہ ہوتا ہے۔ اگر کہیں ناخن کی رنگت سفید ہو اور ناخن ساخت کے لحاظ سے کمزور ہو پتلا اور سپاٹ ہو تو فالج یا لقوہ کا خطرہ شدید ہوتا ہے۔

## اختلاج قلب کی علامت

اختلاج کی علامت ظاہر کرنے والے ناخن بھی لمبائی اور چوڑائی میں برابر ہوتے ہیں۔ لیکن ان کا قاعدہ چوڑا اور مستقیم ہوتا ہے۔ جب ناخن کا قاعدہ بڑا ہوتا ہے۔ اس صورت میں دل کمزور ہو جاتا ہے۔ اس کا دل ذرا سی مشقت و محنت سے زور زور سے دھڑکنے لگتا ہے۔ اور مریض اختلاج قلب کا شکار ہو جاتا ہے۔



free copy khalidrathore.com Document Processing Solutions



شکل نمبر ۸
برنٹ خیالی ہاتھ

## طلسمات بروج

عنوان بالا پر آئندہ ماہ سے خالد اسحاق راٹھور ایڈیٹر راہنمائے عملیات سلسلہ وار مضمون تحریر کریں گے

free copy
khalidrathore.com
ماہنامہ راہنمائے عملیات لاہور
Document Solutions

# راہنمائے دست شناسی

از: خالد اسحاق راٹھور۔

## ہاتھوں کی اقسام

## بلحاظ سائز

یہ جاننے کے لئے کہ کسی شخص کا ہاتھ بڑا ہے یا چھوٹا ہمیں عام طور پر سائل اور اس کے ہاتھ کی جسامت کا موازنہ کرنا ہوتا ہے اور یہ دیکھنے والے آنکھ کی ذمہ داری ہے کہ وہ دیکھے کہ کسی شخص اور اس کے ہاتھ کی جسامت میں کیا تناسب ہے۔ انسانی جسم اور ہاتھ کا باہم تناسب ہاتھوں کی بلحاظ جسامت تین اقسام کے وجود میں لانے کا باعث بنتا ہے۔ پہلی قسم میں وہ ہاتھ آتے ہیں جو جسم کے ساتھ مناسبت رکھتے ہیں نہ بڑے اور نہ چھوٹے ہوتے ہیں۔ دوسری قسم میں وہ ہاتھ آتے ہیں جو جسم کی مناسبت سے چھوٹے ہوتے ہیں۔ تیسری قسم میں وہ ہاتھ آتے ہیں جو جسم کی مناسبت سے بڑے ہوتے ہیں۔

## متوازن ہاتھ

پہلی قسم کے ہاتھ (متوازن ہاتھ) ایک ایسی شخصیت کا اظہار کرتے ہیں جو فطری توازن لئے ہوئے ہو۔ ایسا شخص خوش مزاج اور شائستہ انداز و اطوار کا مالک ہوتا ہے۔ کھانے پینے لباس روزمرہ معمولات غرض یہ کہ ہر معاملے میں نفاست کا اظہار کرتا ہے۔ دوسرے لوگوں کے احساسات اور جذبات کا خیال رکھتا ہے۔ اس لئے خاندان اور اپنے ماحول میں مل جل کر رہتا ہے۔ نہایت ہی معاملہ فہم اور متحمل مزاج ہوتا ہے۔

## چھوٹے ہاتھ

دوسری قسم کے ہاتھ (چھوٹے ہاتھ) رکھنے والے بڑے منصوبے بنانے والے اور اونچے خیالات کے مالک ہوتے ہیں۔ تاہم ان منصوبوں اور خیالات کو عملی جامعہ پہنانے کی صلاحیت ان کے پاس کم ہی ہوتی ہے۔ شائد یہ چھوٹے ہاتھوں کا نفسیاتی اثر ہوتا ہے کہ حامل بڑے بڑے معرکے سر انجام دینے کی خواہش رکھتا ہے۔ چھوٹے ہاتھ رکھنے والے عام طور پر غیر متوازن شخصیت کے مالک ہوتے ہیں۔ اپنا مطلب اور مقصد حاصل کرنے کے لیے کسی کو دھوکا دینے میں ذرا بھر تامل نہیں کرتے۔ اپنی جائز و ناجائز خواہشات کی تکمیل کروانے کے لئے ہر جائز و ناجائز راستہ اختیار کرتے ہیں۔ مزاجاً بھی یہ سخت دل اور خود پسند ہوتے ہیں۔

## بڑے ہاتھ

تیسری قسم کے ہاتھ (بڑے ہاتھ) رکھنے والے دوسری قسم کے ہاتھ رکھنے والوں کے برعکس باریک بین اور تفصیل پسند ہوتے ہیں۔ یہ آہستگی اور سکون کے ساتھ ہر کام کرتے ہیں۔ ان میں منصوبہ بندی اور کام کو تکمیل تک پہنچانے کی بہترین صلاحیت ہوتی ہے۔

عملی طور پر آپ کو ہاتھوں کی بلحاظ سائز صرف تین اقسام ہی نظر نہ آئیں گی بلکہ ان کی درمیانی حالتوں سے بھی واسطہ پڑے گا۔ بنیادی طور پر آپ کے ذہن میں یہ بات ہونی چاہیے کہ جوں جوں فرد کا ہاتھ متوازن سائز سے چھوٹا ہوتا جائے گا۔ فرد میں چھوٹے ہاتھ کی خوبیاں اور خامیاں شدت اختیار کرتی چلی جائیں گے اور جوں جوں فرد کا ہاتھ متوازن سائز سے بڑا ہوتا چلا جائے گا۔ فرد میں بڑے ہاتھ کی خوبیاں و خامیاں شدت اختیار کر جائیں گیں۔

اس بات کو مد نظر رکھ کر اس بارے میں احکام بیان کریں۔ بطور مثال دیکھیں اگر کسی فرد کے ہاتھ بہت بڑے سائز کے ہوں تو اس کی باریک بینی کی خوبی اس شدت سے اس پر حاوی ہو جائے گی کہ اس کی خامی بن جائے گی اور اس بات کے امکانات بڑھتے جائیں گے کہ وہ معاملات کی چھان بین میں اس قدر وقت ضائع کر دے گا کہ کام کا مناسب وقت ہی گزر جائے۔ اور وہ ہاتھ ملتا رہ جائے گا۔

(جاری ہے)

free copy
khalidrathore.com
LuraTech
Document Processing Solutions

## بائیوردم رپورٹ

بائیوروم ایک جدید تحقیق ہے۔ اس کے مطابق بوقت پیدائش سے انسان جسمانی، ذہنی اور جذباتی پہلوؤں سے ایک خاص حیاتیاتی ارتعاش سے گزرنا شروع ہو جاتا ہے۔

یہ حیاتیاتی دور / ارتعاش باقاعدہ ایک خاص وقفے سے بڑھتا اور کم ہوتا رہتا ہے۔ بائیوردم رپورٹ دراصل ان تینوں حیاتیاتی ادوار کو بیان کرتی ہے۔ اس رپورٹ میں ہر دن کی حیاتیاتی بائیوردم کی تفصیل الگ الگ دیتے ہیں۔ آپ کا کون سا دور اس وقت اچھی حالت میں ہے اور کون سا کمزور حالت میں۔ اس تفصیل کی روشنی میں آپ اپنی روزمرہ زندگی اور اہم معاملات زندگی بہترین طریقے سے طے کر سکتے ہیں۔ بطور مثال آپ دیکھتے ہیں کہ میرا یہ حیاتیاتی دور آج اچھا ہے تو اس سے متعلق کام کریں اور اگر کوئی حیاتیاتی دور خراب ہے تو اس سے متعلق کاموں سے باز رہنے کی کوشش کریں۔ اس بارے میں تفصیل اور طریقہ کار آپ کو روزانہ بائیوردم رپورٹ کے ساتھ ملے گا۔ اس رپورٹ کی مدد سے آپ اپنے ملنے اور چاہنے والوں کے مزاج اور رویے کو بھی باآسانی سمجھ سکتے ہیں۔ اور اس سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔ یعنی جب ان کا مزاج اچھا ہو ان سے ملاقات یا امید پوری ہونے کی زیادہ توقع ہو گی۔ اور ایسے ہی بہت سے دیگر امور میں بھی یہ فائدہ مند ہے۔

**فیس:** رپورٹ ایک سال 200 روپے۔ دو سال 350 روپے۔ تین سال 400 روپے۔ ڈاک خرچ 20 روپے۔

سالانہ خریداروں کے لیے 10% خصوصی رعایت۔

## ادوار زندگی

سیانہ / نریانہ

پاکستان انڈیا اور دنیا کے بہت سے ممالک میں ماہرین نجوم ادوار / دشا سسٹم سے مدد لیتے ہیں۔ یہ ایک موزوں اور کامیاب طریقہ کار ہے۔ تاہم ادوار کا استخراج کرنا ایک طویل اور تھکا دینے والا عمل ہے۔ لیکن اب خالد انسٹی ٹیوٹ آف اکلٹ سائنسز کے تحت دوستوں کی یہ مشکل حل کر دی گئی ہے۔ آپ معمولی فیس کے عوض یہ ادوار حساب کی معمولی غلطی سے بھی محفوظ اور سو فی صد درست استخراج کروا سکتے ہیں۔ یہ ادوار تاریخ پیدائش سے لے کر ۷۰ سال کی عمر کے لیے استخراج کیے جاتے ہیں۔

**نجومی دوستوں کے لیئے خصوصی رعایت**
**۳ مختلف ادوار بیك وقت استخراج كروانے پر 25% خصوصی رعایت۔**

☆ دور اکبر۔ دور اصغر اور دور صغیر برائے ۷۰ سال۔ یہ قریباً ۲۰ صفحوں پر مشتمل سفید کاغذ اور لیزر پرنٹ میں دستیاب ہوں گے۔ فیس صرف ۵۰۰ روپے۔

**جوابی طلب امور کے لیے جوابی لفافہ جس پر آپ کا پتہ تحریر ہو ارسال کریں ورنہ جواب سے معذرت۔**

☆ دور اکبر۔ دور اصغر۔ دور صغیر اور دور صغیر اصغر برائے ۷۰ سال۔ یہ قریباً ۵۰ صفحات پر مشتمل ہوں گے۔ ان میں دور کی تبدیلی کے دن کے ساتھ تبدیلی کا گھنٹہ اور منٹ بھی تحریر کیا گیا ہو گا۔ سفید کاغذ اور لیزر پرنٹ میں دستیاب ہوں گے۔ فیس ۱۰۰۰ روپے۔

رعایت: سالانہ خریداروں کو ۱۰% خصوصی رعایت۔

## سالانہ خریدار اور رعایت

**صرف ۲۳۰ روپے میں**

مفت: ایک ذاتی سوال کا جواب ہر ماہ بذریعہ جوابی خط
مفت: زائچہ پیدائش
رعایت: کتب کی قیمت پر ۱۰% رعایت
رعایت: زائچہ جات کی فیس پر ۱۰% رعایت
رعایت: بائیوردم رپورٹ کی فیس پر ۱۰% رعایت
رعایت: ادوار کی فیس پر ۱۰% رعایت

## نقش اعظم صد در صد

**100x100**

نقش صد در صد دس ہزار (۱۰،۰۰۰) خانوں پر مشتمل ہوتا ہے اس کا تیار کرنا عام فرد کی سوچ سے بالاتر ہے۔ تاہم خالد انسٹی ٹیوٹ آف اکلٹ سائنسز کے تحت اب ہر فرد اپنے لیے یہ نقش معظم تیار کر سکتا ہے۔ آپ دو طریق پر اس خدمت سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔

**اول:** ادارے کا تیار کردہ نقش معظم اور اس کی چال کی کاپی ۱۲۰۰ روپے ادا کر کے حاصل کر سکتے ہیں۔ یہ نقش بالترتیب راہنمائے عملیات میں بھی دیا جا رہا ہے۔

**دوم:** اپنے ذاتی حوالے یعنی اپنے نام اور والدہ کے نام معہ خاص مقصد / مقاصد وغیرہ کے حوالے سے معقول معاوضہ ادا کر کے نقش معظم تیار کروا سکتے ہیں۔

اس نقش معظم سے آپ یہ فوائد حاصل کر سکتے ہیں:۔ تسخیر خلق، رجوع، رزق، عزت، وقار، صحت، اولاد، عمومی خوش حالی اور قلبی سکون، غلبہ دشمن، ادائیگی قرض، مقدمے میں کامیابی، آفات ارضی و سماوی سے حفاظت، مکان و عمارت کی حفاظت، روزمرہ امور میں کامیابی اور لاتعداد دوسرے معاملات میں حصول برکت کے لیے۔

## جفر جامع سیکھیں

کیا آپ جفر جامع سیکھنے کے خواہش مند ہیں؟
اگر آپ کا جواب ہاں میں ہے تو معمولی فیس کے عوض آپ اس عظیم علم کو حاصل کر سکتے ہیں۔ تفصیلات کے لیے ملیں یا خط لکھیں۔

## کوپن برائے سوال

(صرف بذریعہ ڈاک)

**کوپن مکمل کرنے سے قبل درج ذیل ھدایات پڑھ لیں**

☆ سالانہ خریدار جوابی خط کے ذریعے ایک ذاتی سوال کا جواب ہر ماہ حاصل کر سکتے ہیں۔ (خریداری نمبر اور زائچے کی کاپی ارسال کریں)
☆ دوسرے قارئین ایک سو روپے فیس ادا کر کے ایک سوال کا جواب حاصل کر سکتے ہیں۔
☆ جوابی لفافے پر اپنا پتہ صاف ستھرا تحریر کریں۔
☆ لفافے کے باہر واضح تحریر کریں "کوپن برائے سوال"۔
☆ کسی دوسرے امر کے بارے میں سوال ہو تو الگ سے جوابی لفافہ اور خط ارسال کریں۔
☆ ایک وقت میں ایک سوال اور مکمل کوائف ارسال کریں۔
☆ مندرجہ بالا ہدایات پر پورا نہ اترنے والے خط کا جواب نہیں دیا جائے گا۔

سوال ---- نام ---- نام والدہ ---- تاریخ ----
وقت اور مقام پیدائش ---- سوال کرنے کی تاریخ، وقت اور مقام ----

**ہمیشہ جوابی لفافہ ارسال کریں**



free copy
khalidrathore.com
Document Processing Solutions

# برج دلو

از: سمعیہ اسحاق راٹھور۔

| | |
|---|---|
| عرصہ | 21 جنوری تا 19 فروری |
| حروف | س،ش،ث،ص |
| حاکم کوکب | زحل / یورنس |
| عنصر | بادی |
| ماہیت | ثابت |
| حصہ جسم | ٹخنا |
| خاصہ | پرعزم، ہمدرد، خودمختار، اختراع کرنے والے |
| موافق نگینہ | نیلم، پکھراج، حجر القمر، عقیق |
| موافق دن | ہفتہ |
| موافق نمبر | 4 |
| موافق رنگ | بنفشی، سبز، ہلکا نیلا |
| موافق پھول | نرگس آبی |
| موافق شریک کار | اسد |
| موافق افراد | حمل، قوس |
| ناموافق افراد | جوزا، قوس |
| بایو کیمک نمک | نیٹرم میور |
| دھات | یورنیم اور پلاٹینم |

## ظاہری شخصیت

یہ بات تو طے ہے کہ فطری حسن کی تلاش میں ہر کوئی سرگرداں رہتا ہے۔ بعض لوگ اپنی شخصیت کو خود متاثر کن بناتے ہیں اور کچھ لوگ فطری طور پر سحر انگیز شخصیت کے مالک ہوتے ہیں۔ دلو افراد کا شمار بھی ایسی ہی سحر انگیز شخصیتوں میں ہوتا ہے۔ دلو افراد دوسروں کو مخاطب کرتے وقت بھی اپنائیت کا اظہار کرتے ہیں۔ ان کا یہ عمل ان کی شخصیت کو چار چاند لگا دیتا ہے۔ خوبصورت جسامت کا حامل ہونے کے ساتھ ساتھ یہ باتوں کا ہنر بھی بہت خوب جانتے ہیں۔ اپنے سامنے والے کو باتوں باتوں میں متاثر کر لینے اور غلبہ حاصل کرنے کی صلاحیت سے مالا مال ہوتے ہیں۔ کسی معاملے پر بحث کرنے سے گھبراتے نہیں۔ ایک ہی نظر میں دوسرے کی شخصیت کو بھانپ لیتے ہیں۔ اپنی رائے کا برملا اظہار کرتے اور تجاویز قبول کرنے میں بے عزتی محسوس نہیں کرتے۔

## زندگی کے متعلق نقطہ نظر

زندگی کے متعلق دلو افراد کا نقطہ نظر بہت روشن ہوتا ہے۔ یہ لوگ خود اپنی زندگی بنانے کے قائل ہوتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ ہر لحہ آگے بڑھنے کی خواہش تقویت پاتی رہتی ہے۔ مشکلات سے مشکل حالات بھی انہیں مقصد سے نہیں ہٹا سکتے۔ ان کی مسلسل محنت، ثابت قدمی اور بیداری ان کی زندگی سے ثبات وجمود کے الفاظ مٹا دیتی ہے۔ ویسے دلو افراد ذہنی طور پر بھی ہر مسئلے کو نئے طریقے سے حل کرنے کی کوشش کرتے رہتے ہیں لیکن ناکامی کی صورت میں اپنی شکست سے آنکھیں نہیں چراتے۔ شکست کو انا کا مسئلہ بنائے بغیر ماضی کے تجربات سے فائدہ اٹھاتے ہوئے نئی منصوبہ بندی کے تحت اگلا قدم اٹھاتے ہیں۔ عام طور پر دلو اجتماعیت پسند ہوتے ہیں۔ خود غرضی کی بجائے دوسروں کی مدد کر کے ذہنی آسودگی حاصل کرتے ہیں۔ مل کر کام کرنے میں لطف حاصل کرتے ہیں۔ اردگرد کے لوگوں سے ملنے اور ان کے مسائل حل کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔

بنا سوچے سمجھے حالات سے ٹکر لینے کی بجائے حالات سے مطابقت پیدا کر کے حکمت عملی سے بہتر تبدیلی پیدا کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔ گویا تمام حالات سے ذہنی ہم آہنگی پیدا کرنا ان کے ذہین ہونے کا ثبوت ہے۔ عام طور پر یہ دیکھا گیا ہے کہ یہ لوگ تخلیقی ذہانت کے مالک ہوتے ہیں۔ اپنا پیٹ تو



free copy
ماہنامہ راہنمائے عملیات
khalidrathore.com
UniTech Document Processing Solutions

خالی رکھ سکتے ہیں ذہن نہیں۔ گویا دلو افراد زندگی کو گزارتے ہیں زندگی انہیں نہیں گزارتی۔

## راست گو

دلو افراد سادگی اور راست گوئی سے کام لیتے ہیں۔ اپنی ذات کے ہر پہلو پر بے جھجک بات کرنے کا حوصلہ رکھتے ہیں۔ دوسرے لوگوں کی طرح ان کے ظاہر اور باطن میں تضاد نہیں ہوتا۔ اور بذات خود ایسی کیفیت کے شکار لوگوں سے نفرت کرتے ہیں۔ اپنے مفادات کی پرواہ کئے بغیر بعض اوقات حیرت انگیز کام کر گزرتے ہیں اور دوسرے لوگوں کے لئے بھی یہی جذبات رکھتے ہیں کہ ہر ایک کو خود اپنی زندگی گزارنے کا اختیار حاصل ہے۔ جس میں کسی کو مداخلت کا حق حاصل نہیں ہے۔

## تخلیقی صلاحیتیں

جیسا کہ پہلے بھی ذکر کیا گیا ہے کہ دلو تخلیقی ذہانت کے حامل ہوتے ہیں۔ ایک ہی جیسے طرز زندگی سے تنگ آجاتے ہیں۔ جو بھی کام کرتے ہیں یہ سوچ کر کرتے ہیں کہ کیسا کر رہے ہیں؟ معاوضے سے قطع نظر کام کی نوعیت کے مطابق عمل کو اہمیت دیتے ہیں۔ مختصراً یہ کہ کم معاوضے پر بھی بہترین تخلیقی صلاحیتوں کا استعمال ان کا نقطہ نظر ہوتا ہے جس سے کہ وہ اپنی ذات کو منوا سکیں۔ لیکن ایک بات اس سلسلے میں بہت اہم ہے کہ یہ کام بہت کم وقت میں اور بہت عمدگی سے کرتے ہیں بشرطیکہ وہ کام ان کی طبع کے مطابق ہو۔ اس دوران ساتھ کام کرنے والوں میں سے کوئی ان کی رفتار کے مطابق ساتھ نہ دے تو وہ خود کو اس سے بہت اچھے طریقے سے الگ کر لیتے ہیں۔

## فکر انگیز پہلو

کام کی زیادتی انسان کو ذہنی وجسمانی طور پر بیمار کر دیتی ہے۔ اس سلسلے میں دلو افراد جہاں انتہائی عمل پسند واقع ہوئے ہیں وہاں ان کو تنبیہ کی جاتی ہے کہ وہ حد سے زیادہ دباؤ کا شکار نہ ہوں۔ اور اس صورتحال سے فوراً نجات حاصل کرنے کی کوشش کریں کیونکہ یہ اعصابی کشیدگی ان کے لئے بہت زیادہ نقصان دہ ہو سکتی ہے۔ لوگوں سے ملیں۔ تفریح وغیرہ سے دل بہلائیں۔ اس کے ساتھ ساتھ اس بات کا خیال رہے کہ دوسروں سے ملنے میں آپ اپنی ذات کو بالکل بھول ہی نہ جائیں۔ اس سے آپ کی انفرادیت کو ٹھیس پہنچنے اور آپ کی اپنی ذات کے مدغم ہو جانے کا خدشہ ہوتا ہے۔ نت نئے خیالات دلو کو ایک جگہ ٹھہرنے نہیں دیتے اس لئے وہ ایک جاری کام کو چھوڑ کر دوسرے کام کی طرف راغب ہوتے ہیں۔ جس وجہ سے پہلے کام میں ناکامی کا امکان پیدا ہو جاتا ہے۔ ایسی صورت میں گرد و پیش کے لوگوں اور خاص طور پر جو ان کے خیال میں ان کی ناکامی کا باعث ہوں سخت مزاحمتی رویہ اختیار کر لیتے ہیں۔ یہ سوچے بغیر کہ اس سے انہیں نقصان بھی ہو سکتا ہے۔ تاہم لچکداری کا مظاہرہ اور حقائق سے سمجھوتہ کرنا ایک فطری اور مثبت رد عمل ہے جس کی دلو افراد کو بہت ضرورت ہوتی ہے۔

دلو افراد کو اپنی غذا کا بھی خیال رکھنا چاہئے۔ میوہ جات، مرغی مچھلی، گندم اور سلاد وغیرہ استعمال کریں۔ ورزش پابندی سے کریں۔ اس سے آپ سدا جواں و صحت محسوس کریں گے۔

## دلو خواتین

دلو خواتین کا مزاج عام خواتین سے مختلف ہوتا ہے۔ بہت پرکشش ہوتی ہیں۔ نیلا رنگ اور گولڈن جیولری ان کی شخصیت کو منفرد بناتی ہیں۔ اپنے جذبات پر بہت مہارت سے قابو پانے کی صلاحیت رکھتی ہیں۔ کسی بھی ناپسندیدہ عمل پر اظہار خیال نہیں کرتیں۔ اس لئے انہیں سمجھنا بہت مشکل ہوتا ہے۔ جو بھی فیصلہ کریں اس پر قائم رہتی ہیں۔ انتہائی اصول پسند ہوتی ہیں۔ سماجی تعلقات کو اہمیت دیتی ہیں لیکن اصولوں پر سودے بازی دلو خواتین کا شیوہ نہیں۔ ان کے قریب رہنے، ساتھ کام کرنے والے اور شریک حیات بننے والے لوگ اگر ان سے بہترین تعلقات قائم کرنا چاہتے ہیں تو ان سے وفادار اور بااعتماد رہیں کیونکہ دلو خواتین کو دھوکہ دینا بہت مشکل ہوتا ہے۔ اور ایک بار ان کی نظروں سے گر جانے والا انسان دوبارہ کبھی پہلے جیسا اعتماد اور مقام حاصل نہیں کر پاتا۔

بہ حیثیت زوجہ دلو خواتین جبر اور مداخلت کو پسند نہیں کرتیں۔ شخصی آزادی کی قائل لیکن شریک سفر پر بھرپور اعتماد کا مظاہر کرتی ہیں۔ حساس طبیعت کی مالک ہوتی ہیں۔ مزاجاً خوش و خرم اور شگفتہ مزاج ہوتی ہیں۔ کوئی بھی انتہائی قدم بنا ٹھوس وجہ کے نہیں اٹھاتیں۔ دوسرے کو صفائی کا بھرپور موقع دیتی ہیں اور اگر شریک زندگی بہتری کی کوئی کوشش نہ کرے تو باہمی تعلق ختم کرنے کی کوشش کرتی ہیں اور اگر ایسا کرنا ممکن نہ ہو تو وہ اپنے رویے میں سرد مہری پیدا کر لیتی ہیں۔ جوزا اور میزان برجوں کے تحت پیدا ہونے والا

free copy
khalidrathore.com

مرد دلو خاتون کو خوش رکھ سکتے ہیں۔

دلو خواتین کو گھر اور معاشرے میں تعاون فراہم کیا جائے تو وہ بہت سی تبدیلیاں پیدا کرتی ہیں۔ بہ حیثیت ماں دلو خواتین بچوں سے دوستی کی قائل ہوتی ہیں۔ بچے ماؤں سے کوئی بات چھپانے کی ضرورت محسوس نہیں کرتے۔ بچوں کی زندگی میں مداخلت کی بھی قائل نہیں ہوتیں۔ اور ہمیشہ بچوں کو شکایت کا موقع نہ دینے کی کوشش کرتی ہیں۔

## دلو مرد

بنیادی طور پر دلو مرد میں تجسس کا مادہ بہت زیادہ ہوتا ہے۔ کھوج لگانے کا عمل اسے نئی نئی تخلیقات کے لئے ابھارتا ہے۔ کسی بھی چیز سے جلد مطمئن نہیں ہوتے۔ ہمیشہ اپنے آپ کو اور اپنے ارادوں و خواہشات کو دوسروں سے پوشیدہ رکھنے کی کوشش کرتے ہیں۔ اس بنا پر کبھی بھی وہ کھل کر لوگوں کے سامنے نہیں آتے۔ نتیجتاً دوسری لوگ بھی انہیں مکمل طور پر سمجھنے سے قاصر رہتے ہوئے ان سے ایک فاصلے پر رہتے ہیں۔ جو دلو افراد کو تنہا کرنے کا ایک سبب بنتا ہے۔ جس کی ایک وجہ حالات میں ہر وقت تبدیلی اور روایات میں تنقیدی پہلو تلاش کرنا ہے۔ کیونکہ دلو افراد ہمیشہ اپنی پسند کے مطابق ہر چیز دیکھنا پسند کرتے ہیں۔ سماجی و نجی زندگی میں یہ رویہ لوگوں کے لیے بہتر نہیں ہوتا۔

بہ حیثیت خاوند دلو افراد ایسی خواتین کو پسند کرتے ہیں جو اپنی زندگی ایک راز کی طرح گزارتی ہیں اور انہیں کھوجنے میں دلو فرد کی تجسس فطرت کو سکون ملتا ہے۔ حوت عورت دلو مرد کی کمزوری ہوتی ہے۔ اگر دلو افراد کو من پسند جیون ساتھی مل جائے تو انہیں چاہیے کہ وہ اسے اپنی ملکیت نہ سمجھیں حالانکہ ان کی خواہش ہمیشہ یہی ہو گی کہ ان کی رفیق سفر کا ہر عمل ان کی خواہش کے مطابق ہو۔ اگر بیوی اپنی آزادی و خواہشات قربان کرنے کی صلاحیت رکھتی ہو تو کسی نہ کسی طرح اس مقدس رشتے کو برقرار رکھنے کی کوشش کرتی ہے۔ ورنہ محبت کا یہ تعلق بحران کا شکار ہو جاتا ہے۔ ایسی صورتحال سے نپٹنے کے لیے عام طور پر دلو مرد دیر سے بہت سوچ سمجھ کر جیون ساتھی کی انتخاب کے بعد شادی کرتے ہیں۔

ایک دلو باپ حکمرانی کا قائل ہوتا ہے اور دلو ماں کی طرح بچوں سے دوستی کا رشتہ استوار کرتا ہے اور بچوں کی من پسند شخصیت ہوتا ہے۔

## دلو بچے

دلو بچے لوگوں کے ساتھ مخلصانہ اور دوستانہ رویے سے ملتے ہیں۔ وہ باتیں سمجھنا ان کے لئے زیادہ مشکل نہیں ہوتا جو ان کے ہم عمر بچے سمجھ نہیں پاتے۔ اس لئے بڑے بعض اوقات انہیں بزرگ کہہ کر مخاطب کرتے ہیں۔ تنہائی پسند واقع ہوتے ہیں۔ کھل کر ہر بات کا اظہار نہیں کرتے۔ اس لئے ہمعصر بچوں میں بڑے بڑے دکھائی دیتے ہیں۔ والدین کے بہتر رویے کے نتیجے میں دلو بچہ اطاعت گزاری کا رویہ اپناتے ہیں۔ والدین کی حوصلہ افزائی انہیں تقویت دیتی ہے۔ وہ کم عمری ہی سے یہ سوچنا شروع کر دیتے ہیں کہ انہیں کیا کرنا ہے۔ ذہین ہونا ایک خوبی، لیکن بہ حیثیت طالب علم دلو بچے پابندی سے کتابوں اور ہوم ورک میں دلچسپی نہیں لیتے۔ لیکن اگر انہیں ان کی ذہنی سطح کے مطابق اور ان کی آزادانہ طبیعت کو مدنظر رکھتے ہوئے درس و تدریس کی ضرورت سے آگاہ کر دیا جائے تو وہ حصول علم کی پابندی برداشت کر لیتے ہیں۔

## برج دلو کے دوسرے بروج کے ساتھ تعلقات

## برج دلو برج حمل کے ساتھ

### دلو عورت حمل مرد

دلو کو محتاط رہنا ہے کیونکہ حمل کو گلے کے ہار کی نہیں بلکہ معاملات میں مفید مشورے اور توجہ دینے والی بیوی کی ضرورت ہوتی ہے۔ اور اگر ایسا ہو جائے تو وہ پھر کسی دوسری عورت میں دلچسپی نہیں لیتے۔ دیگر معاملات میں تو وہ بالادستی کا خواہش مند ہے۔ لیکن مہربانی کر کے اس کے لباس کا دلو خود خیال رکھے۔ اسے چیلنج مت کریں۔ بلکہ پر سکون و آرام دہ گھر دے کر خوش و خرم زندگی گزارنے کا سامان پیدا کریں۔

### دلو مرد حمل عورت

حمل کی ذہانت اور جذبہ حاکیت آپ کی عجلت پسندی و سستی ٹکرا سکتے ہیں۔ لیکن حمل ہمیشہ آپ کی تعاون و مدد کی طلب گار رہے گی۔ حمل پر کبھی کوئی پابندی عائد نہ کریں۔ اور وقتاً فوقتاً اس کی تعریف کرتے رہیں اور تحفے تحائف دیتے رہیں ایک دوسرے کی اچھائیاں اور برائیاں کو سمجھ کر زندگی گزارنے کی کوشش کریں انشاء اللہ کامیابی ہو گی۔

free copy
khalidrathore.com
Document Processing Solutions

## برج ثور برج دلو کے ساتھ

### دلو عورت ثور مرد

دلو کو ثور کا شریک سفر بننے کے بعد متحمل مزاجی کا دامن تھامنا ہو گا۔ ثور بذات خود ہر قدم پھونک پھونک کر رکھتے ہیں۔ دلو ان پر حکومت کے خیال سے دور ہی رہے تو بہتر ہے۔ اس کا دل پیٹ کے راستے جیتا جا سکتا ہے۔ گھر کو خوبصورت و پرکشش بنائیں کیونکہ یہ ثور کی خواہش ہے۔

### دلو مرد ثور عورت

آپ خوش نصیب ہیں کہ آپ کو ہواؤں میں اڑنے والی شریک حیات نہیں ملی۔ اسے دلو کا دوسری عورتوں کے ساتھ بات تک کرنا ناپسند ہے۔ وہ آپ کو صرف اپنا دیکھنا چاہتی ہے۔ ثور کو سچی محبت کا یقین دلائیں تو وہ آپ ہی کی ہو کر رہ جائے گی۔ دلو کی محبت کو ہمیشہ کے لئے جیت لیتی ہے۔ اور وہ ہر قسم کے حالات میں دلو کے ساتھ ہوتی ہے۔

## برج دلو برج جوزا کے ساتھ

### دلو عورت جوزا مرد

جوزا افراد کو دوسرے برجوں کے تحت پیدا ہونے والی خواتین کی نسبت دلو خواتین زیادہ جلد اپنی طرف متوجہ کر سکتی ہیں۔ جوزا مرد دلو خواتین کی صورت، ذہانت اور گھریلو امور میں دلچسپی پر ان کے قائل ہو جاتے ہیں۔ بہت اچھے منصوبہ ساز ہوتے ہیں۔ اس کے ساتھ دوہری شخصیت کے مالک ہوتے ہیں۔ اچھے باپ اور اچھے خاوند ثابت ہوتے ہیں۔

### دلو مرد جوزا عورت

زندگی گزارنے کے اصول دونوں کے کافی حد تک ایک جیسے ہوتے ہیں۔ لوگ جوزا اور دلو کی جوڑی پر رشک کرتے ہیں۔ اور جوزا خاتون بذات خود صدق دل سے دلو مرد کی ہو کر رہتی ہے۔ وہ اس کے دوستوں اور حلقہ احباب سے مل کر خوش تو ہو گی لیکن خود دوستی صرف ان لوگوں سے رکھنے کی قائل ہے جن کی ذات اس کے لئے باعث دلچسپی ہو۔

## برج دلو برج سرطان کے ساتھ

### دلو عورت سرطان مرد

سرطان مرد ایک پل میں کچھ اور دوسرے پل میں کچھ ہوتا ہے یہ درست ہے کہ وہ اپنی بیوی کی ہر قسم کی ضروریات پوری کرے گا لیکن معمولی سی بات بھی اس کے ذہن میں خلش پیدا کر سکتی ہے۔ اس لئے دلو خواتین کو بہت احتیاط کی ضرورت ہوتی ہے۔ سرطان مرد ہر لمحہ ہر عمل سے باخبر رہتے ہیں۔ بیگم کی برتری کو پسند نہیں کرتے۔ ہاں ماں کو بہت اہمیت دیتے ہیں۔ اس سلسلے میں ان کی بیگم کو سوچ سمجھ کر ہر بات کرنی چاہئے۔

### دلو مرد سرطان عورت

دلو مرد کے لئے سرطان خواتین کو سمجھنا بہت مشکل ہوتا ہے اپنی تعریف سننا اچھا لگتا ہے۔ نہایت کفایت شعار اور پوجنے کی حد تک محبت کرنے والی بیوی ثابت ہوتی ہے۔

## برج دلو برج اسد کے ساتھ

### دلو عورت اسد مرد

اسد مرد جارحانہ طبیعت کے مالک ہوتے ہیں۔ اگر انہیں قابو میں کر لیا جائے تو دلو خواتین بہت خوش قسمت سمجھی جاتی ہیں۔ اگر ان کا بس چلے تو اپنی شریک سفر کی جھولی ہیرے جواہرات سے بھر دے۔ اس کی تنک مزاجی کی بناء پر دلو عورت کو ہمیشہ محتاط رہنا چاہئے۔ اگر دلو خاتون اسد مرد کو اپنے قابو میں کرنا سیکھ لے تو اس سے زیادہ محبت کرنے والا کوئی نہیں ملتا۔

### دلو مرد اسد عورت

اس بیوی کا حسن عروج پر ہوتا ہے۔ وہ ہمیشہ دوسروں کو اپنی طرف متوجہ رکھنے کا فن بہت خوب جانتی ہے۔ لوگ اسی بناء پر دلو کے دل میں اسد عورت کے خلاف حسد کے جذبات پیدا کرنے کی کوشش کریں گے۔ لیکن دلو کو ایسا کرنے سے گریز کرنا چاہئے۔ میٹنگ اور گفتگو وغیرہ میں اسد بیوی کی موجودگی آپ کو فتح سے ہمکنار کر سکتی ہے۔ اس بات کا دھیان رہے کہ گھر یا کاروبار میں کسی قسم کے اخراجات کا اختیار بیگم کو نہ دیں ورنہ آپ کنگال ہو جائیں گے۔

## برج دلو برج سنبلہ کے ساتھ

### دلو عورت سنبلہ مرد

سنبلہ مرد شرمیلے، ٹھنڈے مزاج کے حامل ہوتے ہیں۔ دل محبت سے چور لیکن زبان سے اظہار کرنے سے قاصر ہوتے ہیں۔ دلو خواتین

free copy
khalidrathore.com
UniTech Document Processing Solutions

کے لئے ضروری ہے کہ وہ سنبلہ مرد کے ساتھ زندگی گزارتے ہوئے ہر قسم کی صفائی، توازن اور گھریلو امور کی بہترین ادائیگی پر بھرپور توجہ دے۔

## دلو مرد سنبلہ عورت

دلو مرد کے لئے سنبلہ عورت کو سمجھنا ایک مشکل کام ہوتا ہے۔ سنبلہ ہر کام سکون و اطمینان سے کرنے کی عادی ہوتی ہے۔ خاوند کے نام کے ساتھ کسی دوسری عورت کا نام سننا پسند نہیں کرتی۔ جذبات کے اظہار سے اجتناب کرتی ہے۔ سو دل پھینک واقع نہیں ہوتی اور ہمیشہ وفادار رہتی ہے۔

## برج دلو میزان کے ساتھ

## دلو عورت میزان مرد

میزان مرد عورتوں کو سمجھنے کی بے پناہ صلاحیت رکھتے ہیں۔ اور دلو خواتین بھی ان کی رفاقت میں پر سکون رہتی ہیں۔ بے جا حسن کی تعریف نہیں کرتے۔ قوت فیصلہ کی کمی ہونے کے باعث زندگی کو خوشگوار بنانے کے لئے جھوٹ بولنے سے گریز نہیں کرتے۔ اور مجموعی طور پر پر سکون اور ہمدرد ایماندار ہوتے ہیں۔

## دلو مرد میزان عورت

میزان عورت کی سوچ سطحی نہیں ہوتی۔ گھرداری میں بھی قابل تعریف ہوتی ہے۔ تنہائی یا محفل میں دلو مرد خاوند کے متعلق برائی برداشت نہیں کرتیں۔ انتہائی ذہین اور بہترین متکلم ہوتی ہیں۔ ان کو خوش رکھنے کے لئے دلو مرد کو ان کی تعریف پر توجہ دینی چاہئے۔

## برج دلو برج عقرب کے ساتھ

## دلو عورت عقرب مرد

دلو عورت کے لئے عقرب مرد کے ساتھ رہنا انتہائی صبر آزما مرحلہ ہے۔ کیونکہ عقرب پہلی نظر میں تو دلو پر فریفتہ ہوں گے لیکن دوسرے ہی لمحے تلخ و ترش باتیں سننے کو ملیں گی۔ ان کی دل فریفتگی کی عادت خواتین کو ان کی طرف مائل تو کرتی ہے لیکن پھر بعد میں انہیں پچھتانا پڑتا ہے۔ انہیں ہر کام کی جلدی اور کامیابی کی امید ہوتی ہے۔ لیکن ناکامی کی صورت میں وہ آگ بگولہ ہو جاتے ہیں۔ گھریلو امور سے کنارہ ہی کرتے ہیں۔

## دلو مرد عقرب عورت

عقرب خواتین جذبات کی ملکہ ہوتی ہیں۔ لیکن تصنع و بناوٹ کو اہمیت نہیں دیتیں۔ بہت وفادار اور راز داں ہوتی ہیں۔ لیکن اگر اسے ناانصافی یا دھوکہ دہی کا خطرہ ہو تو اس سے زیادہ برا انتقام اور کوئی نہیں لے سکتا۔

## برج دلو برج قوس کے ساتھ

## دلو عورت قوس مرد

قوس کسی لمحہ سکون سے نہیں بیٹھ سکتے اور آگے سے آگے بڑھنے کی کوشش میں مصروف رہتے ہیں۔ زیادہ تر وقت گھر سے باہر گزارتے ہیں۔ اس کے ساتھ ساتھ دلو کی ان کے معاملات میں دخل اندازی نہ کرنے کی عادت بھی فائدہ مند ثابت ہوتی ہے۔ اور قوس اسے ہر طرح کی آزادی فراہم کرتا ہے۔

## دلو مرد قوس عورت

قوس کی صاف گوئی دلو کو بہت سے دوستوں سے محروم کر سکتی ہے۔ اسے کبھی قید کرنے کا سوچیں بھی مت۔ دیانتدار اور قابل اعتماد ہے۔ دلو قوس کو سیر و تفریح اور تحفوں سے خوش رکھ سکتا ہے۔ قوس کی ایک خوبی یہ بھی ہے کہ وہ اپنی غلطی کا اعتراف فوراً کر لیتی ہے۔

## برج دلو برج جدی کے ساتھ

## دلو عورت جدی مرد

بظاہر سنجیدہ و خاموش نظر آنے والے جدی کے اندر ایک سیلاب موجزن ہوتا ہے۔ لیکن جب تک وہ اطمینان کر کے کسی صحیح انتخاب تک پہنچ سکے۔ اپنی بات اپنی ذات دوسروں سے چھپانے کی کوشش کرتا ہے۔ پیشے کے لحاظ سے دلو بے فکر ہے۔ جدی ہر لمحہ آڑے وقت کے لئے کچھ نہ کچھ بچا کر رکھتا ہے۔

## دلو مرد جدی عورت

جدی عورت کسی سست و جامد مرد کو پسند نہیں کرتی۔ بذات خود آگے سے آگے کی تلاش میں سرگرداں۔ آئیڈیل خاوند ملنے پر وہ وفا کی دیوی ثابت ہوتی ہے۔ خوشگوار ماحول کا انحصار اس بات پر ہے کہ دلو جدی کے آباؤ اجداد میکے وغیرہ کے لئے دلی جذبات کا اظہار کرے۔ ان کے خلاف کوئی بھی بات اسے ناراض کر سکتی ہے۔

ص 16

free copy
ماہنامہ راہنمائے عملیات
khalidrathore.com
Document Processing Solutions

عملیاتی اور نجومی راہنمائی کے لیے مکمل یقین کے ساتھ رجوع کریں

معاملات نبٹانے کے لیے اندرون ملک سفر کے مواقع ملیں گے۔ جس سے آپ کی وابستہ امیدیں پوری ہونگی۔

# ماہانہ حالات

تحریز: شہباز انجم۔

**نوٹ : تفصیلی سالانہ حالات کے لیے دیکھیں خالد روحانی جنتری 2000۔**

| | |
|---|---|
| برج حمل | 21مارچ تا20اپریل |
| سیارہ | مریخ |
| حروف | ا،ل،ع،ئ |

7-1

حصول علم کے لیے خاص طور پر مذہبی علوم کے حصول کی خاطر سفر مبارک ثابت ہوگا۔ جنس مخالف کے ذریعے کامیابی کی راہ ہموار ہوگی زندگی کے بارے میں مثبت طریقے سے سوچنے کا موقع ملے گا۔ کاروبار کو آگے بڑھانے کے لیے ٹھنڈے مزاج سے سوچیں گے۔ آپ کی شخصیت پر گہرا اثر پڑے گا۔ دوسرے لوگوں سے وابستہ امیدیں جلد پوری ہونگی۔ گرم مزاجی آپ کے لیے نقصان دہ ثابت ہو سکتی ہے۔ خفیہ روحانی تعلقات کی طرف دھیان جائے گا۔ حادثہ چوٹ سے واسطہ پڑ سکتا ہے۔

14-8

خوش قسمتی آپ کے قدم چومے گی۔ آپ خود اعتمادی کے ساتھ آگے بڑھنے کی کوششیں کریں گے۔ اعلیٰ حلقوں میں نام پیدا ہوگا۔ مذہبی کاموں میں خیرات دیں گے۔ آپ کی کوشش ہوگی کہ جلد بازی سے اپنے کاموں کو نبٹائیں لیکن یہ آپ کے لیے بہتر نہ ہوگا۔ اشتعال انگیزی آپ کے لیے نقصان دہ ثابت ہوسکتی ہے۔ آپ کے مالی حالات میں بتدریج اضافہ ہوتا چلا جائے گا لیکن پھر بھی آپ مالی معاملات کے بارے میں سوچتے رہیں گے۔ آپ کو اپنے

21-15

صاحب دولت اور جائیداد ہونگے حالات میں بہتری آئے گی تعمیراتی کاموں وغیرہ کے لیے یہ بہتر وقت ہے۔ طبعاً آپ میں رحمدلی کے جذبات بڑھیں گے اور صدقہ خیرات دیں آپ کے رکے ہوئے کام دوبارہ سے چل پڑیں گے۔ والدہ کے ساتھ تعلقات بہتر ہونگے۔ دوستوں کے ساتھ وابستہ امیدوں کے پورا ہونے میں وقت لگے گا اور بعض معاملات نحوست کا شکار ہونگے لیکن اگر آپ مثبت نظریے سے سوچیں تو دوست ہی آپ کے لیے بہتری کا سبب بنیں گے۔ صحت کے معاملات پر خاص طور پر توجہ دیں۔ ملازمت میں ترقی کے چانس نمایاں ہیں۔

29-22

ازدواجی معاملات کو حل کرنے میں مثبت پیش رفت ہوگی۔ منگنی، نکاح کے لیے یہ بہتر وقت ہوگا۔ شراکتی کاروبار آپ کے لیے نفع بخش ثابت ہوگا۔ لہٰذا یہ وقت ہے کہ آپ کسی کے ساتھ پارٹنر شپ وغیرہ کرلیں۔ سفر کرنے کے لیے اس ماہ کی آخری تاریخوں میں اجتناب کریں حادثہ یا چوٹ وغیرہ لگ سکتی ہے۔ ذہن پر زیادہ زور نہ دیں۔ دماغی پریشانی بلڈ پریشر جیسے امراض میں اضافہ کا باعث ہوگی اس لیے بہتر ہے کہ کاموں کو روٹین کے ساتھ ہونے دیں۔

| | |
|---|---|
| برج ثور | 21اپریل تا20مئی |
| سیارہ | زہرہ |
| حروف | ب |

7-1

برج ثور کے حامل افراد کے لیے ماہ کی ابتداء کے دن پریشانی کا باعث بنیں گے لیکن بعد میں حالات سازگار ہو جائیں گے۔ اور سفر کے دوران آرام میسر آئے گا۔ اس ہفتے آپ کے کاروباری معاملات میں تبدیلیاں رونما

free copy
khalidrathore.com

ہونگی۔ جس کی وجہ سے آپ کی ساکھ متاثر ہونے کا اندیشہ ہے۔ والد کے ساتھ تعلقات تنقیدی رویہ اختیار کریں گے لہذا حالات کو منفی رخ کی طرف لے جانے کی کوشش نہ کریں تاکہ آپ کی عزت وقار پر حرف نہ آئے۔ آپ اپنے اثر ورسوخ کی وجہ سے نمایاں پوزیشن حاصل کریں گے۔

14-8

قانونی معاملات میں الجھنے کی کوشش نہ کریں۔ حالات آپ کے حق میں بہتر نہیں ہیں۔ دانشمندی کا تقاضا اسی میں ہے کہ آپ کنارہ کشی اختیار کریں آپ کو فکر معاش کی وجہ سے پریشانی کا سامنا ہوگا۔ جس کی وجہ سے آپ خود غرضی کی طرف مائل ہونگے اور لوگوں کے بارے میں منفی تاثر قائم کریں گے۔ آپ کو ٹھنڈے مزاج سے سوچنے کا موقع ملے گا۔ مالی معاملات کا دائرہ وسیع ہوگا اور تبدیلی رونما ہوگی۔ اس ہفتے میں آپ اپنے طرز گفتگو کے ذریعے اپنے ذرائع آمدن میں مثبت تبدیلی لا سکتے ہیں۔

21-15

اچانک سفر کے مواقع پیش آئیں گے اور یہ سفر وسیلہ ظفر ثابت ہوگا۔ آپ کے اخراجات میں بتدریج اضافہ ہوگا۔ سفر پر جانے سے پہلے صدقہ خیرات ضرور کریں۔ تاکہ راہ میں کوئی نحوست حائل نہ ہو۔ والدہ کے ساتھ تعلقات میں احتیاط کریں لڑائی جھگڑے کا امکان ہے۔ گھر والوں کے ساتھ حالات کشیدہ ہونگے لہذا آپ کو اپنی اخلاقی حالت کو بہتر بنانا ہوگا۔ تعلیمی امور میں کامیابی کا حصول ہوگا۔ دوستوں کے ساتھ سیر و تفریح کے مواقع ملیں گے۔ نئے کاموں مثلاً تعلیمی اور داخلے ایڈمیشن کے لیے یہ بہتر وقت ہے۔

29-22

ملازمت کے حصول میں آپ کو کامیابی میسر آئے گی۔ افسران سے وابستہ آپ کی امیدیں پوری ہونگی۔ جنس مخالف کے ذریعے بھی آپ کی کامیابی کی راہ ہموار ہو سکتی ہے۔ صحت کے معاملات پر خاص توجہ دیں۔ شریک حیات کے ساتھ لڑائی جھگڑا ہوگا۔ نئے کاروباری معاملات اور شراکتی کاموں میں حصہ نہ لیں کامیابی کے امکانات کم ہیں۔ منگنی نکاح وغیرہ کے لیے بھی یہ بہتر وقت نہیں ہے۔ کاموں کو نبٹانے میں مشکلات پیش آئیں گی۔

| | |
|---|---|
| برج جوزا | 21 مئی تا 20 جون |
| سیارہ | عطارد |

| | |
|---|---|
| حروف | ک، ق |

7-1

اس ماہ شراکتی کاموں میں حصہ لینا آپ کے لیے فائدہ مند ثابت ہوگا اور آپ کی امیدیں پوری ہونگی۔ ازدواجی معاملات کے حل ہونے میں بھی بھرپور تعاون حاصل ہوگا اور عمر سے بڑے افراد آپ کے لیے کامیابی کی راہ ہموار کرنے کی کوشش کریں گے لیکن اچانک کاموں میں نحوست آئے گی اور بات پایہ تکمیل تک نہ پہنچے گی۔ کسی دوست کی وجہ سے مشکلات کا سامنا ہو سکتا ہے۔ جنس مخالف کی وجہ سے ساکھ خراب ہونے کا اندیشہ ہے۔

14-8

بڑے بہن بھائیوں کا رویہ آپ کے ساتھ بہتر ہوگا وہ آپ کے ساتھ تعاون کریں گے۔ جائیداد کے حصول میں مشکلات کا سامنا ہوگا۔ ازدواجی خوشی کا حصول ناممکن ہوگا شریک حیات کے ساتھ ایک سرد جنگ جاری رہے گی۔ اخراجات میں اضافہ ہوگا جس میں آپ اپنی آسائشات پر اخراجات کریں گے۔ جنس مخالف پر بھی اخراجات ہو سکتے ہیں۔ جن کو کنٹرول کرنا آپ کے لیے مشکل ہوگا۔ آپ مختلف معاملات میں پڑنے کی کوشش کریں گے جن کی تکمیل مشکل ہوگی۔

21-15

آپ کے مالی معاملات میں نشیب و فراز آئے گا۔ جس کی وجہ سے آپ کو پریشانی اٹھانا پڑے گی۔ اپنے کاروباری معاملات کو حل کرنے کے لیے آپ سفر کریں گے۔ جس میں خاطر خواہ فائدہ نہ ملے گا اس لیے سفر پر جانے سے پہلے مثبت اور منفی پہلوؤں کو ضرور مد نظر رکھیں۔ گھریلو حالات میں بہتری آئے گی۔ بات چیت کے ذریعے مختلف مسائل حل ہونگے۔ ذہنی صلاحیتیں کھل کر سامنے آئیں گی۔ فنون لطیفہ میں دلچسپی بڑھے گی۔ لوگوں کا تاثر آپ کے بارے میں بہتر ہوگا۔

29-22

لوگوں کے ساتھ دعوتوں میں شرکت کے مواقع ملیں گے۔ سیر و تفریح کے معاملات میں دلچسپی بڑھے گی۔ جنس مخالف کے اثرات آپ پر غالب آئیں گے۔ شریک حیات کے ساتھ معاملات حتمی صورتحال کی طرف بڑھیں گے جس کا نتیجہ بہتر نہ ہوگا۔ ازدواجی خوشی کے حصول میں مشکلات پیش آئیں گی۔ ماہ کے آخری ہفتے میں آپ کی پریشانیوں میں اضافہ ہوگا لہذا خیرات

free copy
khalidrathore.com
Document Processing Solutions

عملیاتی اور نجومی راہنمائی کے لیے مکمل یقین کے ساتھ رجوع کریں

دیں تو معاملات میں بہتری آسکتی ہے۔

| | |
|---|---|
| برج سرطان | 21 جون تا 20 جولائی |
| سیارہ | قمر |
| حروف | ح،ہ |

7-1

ملازم پیشہ افراد کی ملازمت میں ہلکی سے تبدیلی رونما ہو گی۔ نیک اور خوبصورت شریک حیات کے ملنے کا امکان ہے۔ شادی شدہ افراد کی شریک حیات کے ساتھ محبت بڑھے گی۔ نئے کاروبار کو شروع کرنے کی لیے لوگوں کے ساتھ شراکت فائدہ مند ثابت ہو گی اور یہ اچھے مالی فائدے کا سبب بنے گی۔ جائیداد اور پیسوں کے حصول کے لیے کی گئی کوششیں رنگ لائیں گی اور ان میں خاطر خواہ اضافہ ہو گا لیکن اس ہفتے ہیں پریشانیوں کی وجہ سے آپ کوئی بڑا قدم نہ اٹھا سکیں گے۔

14-8

روحانی اساتذہ سے ملنا آپ کے عزت و وقار میں اضافہ کا باعث بنے گا اور اعلیٰ اثر و رسوخ کے افراد سے ملنے کے لیے سفر کامیاب ہو گا۔ اور آپ کامیابی سے بھی ہمکنار ہوں گے۔ پیشہ ورانہ امور میں کامیابی ہو گی۔ کسی بڑے عہدے کے ملنے کے امکانات ہیں لہٰذا آپ اپنی کوششیں تیز کر دیں۔ کاروباری معاملات خود اعتمادی کے ساتھ طے کریں گے اور آپ کی کوشش ہو گی کہ آپ کی رائے کو زیادہ ترجیح دی جائے آپ عوامی بھلائی اور سوشل ورک جیسے کاموں میں حصہ لینا زیادہ پسند کریں گے اور جلدبازی میں کوئی فیصلہ نہ کریں۔

21-15

لوگ آپ کے خلاف بری رائے قائم کریں گے اور آپ کے خلاف سازشیں کی جائیں گی اس سے نہ صرف آپ کی حیثیت میں فرق آئے گا بلکہ آپ کی ازدواجی زندگی میں بھی پریشانی لاحق ہو گی۔ طبیعت میں عجیب سی بے چینی آئے گی اس لیے جلدبازی میں کوئی اہم فیصلہ نہ کریں۔ طبعًا حمدلی کا مظاہرہ کریں گے جس سے دوسرے لوگ آپ سے فائدہ اٹھائیں گے۔ سہل پسندی اور آسائشات کی طرف زیادہ توجہ دیں۔ جس سے آپ کے مالی معاملات بھی متاثر ہوئے بغیر نہ رہیں گے۔ لوگوں کے ساتھ ملنے اور کاروباری معاملات کو بہتر کرنے کے لیے آپ کو سفر کرنے سے فائدہ حاصل ہو گا۔

29-22

گھر والوں کے ساتھ تعلقات میں خرابی آئے گی اور مشکلات میں اضافہ ہو گا والدہ کی صحت کے بارے میں تشویش لاحق ہو سکتی ہے۔ دوستوں کی مدد سے کاروبار کو بہتر بنایا جا سکتا ہے اور کس حد تک آپ کی امیدوں پر پورا اتریں۔ تشخیص امراض کے لیے یہ بہتر وقت ہو گا۔ گرتی ہوئی صحت پر آپ قابو پالیں گے۔ آپ کی شریک حیات سے وابستہ امیدیں کسی حد تک پوری ہوں گی لیکن التوا کے ساتھ۔ جنس مخالف سے آپ کو پریشانی اٹھانا پڑ سکتی ہے۔ لہٰذا سوچ سمجھ کر قدم اٹھائیں۔

| | |
|---|---|
| برج اسد | 21 جولائی تا 20 اگست |
| سیارہ | شمس |
| حروف | م |

7-1

تعلیمی امور میں کامیابی نصیب ہو گی۔ دوستوں کے ساتھ دعوت وغیرہ میں شرکت کا موقع میسر آئے گا۔ جنس مخالف سے توجہ ملے گی۔ ملازمت کے حصول اور ترقی میں رکاوٹ آئے گی۔ صحت کے معاملے میں خاص طور پر توجہ دیں۔ خوش خوراکی آپ کے لیے باعث زحمت بن سکتی ہے۔ آپ کے ازدواجی معاملات میں خلل آئے گا نئی شراکت کے لیے فی الحال یہ بہتر وقت نہیں ہے۔ آپ کا شریک کاروبار آپ کو نقصان پہنچا سکتا ہے۔ مقدمات میں کامیابی کے حصول میں مشکلات پیش آئیں گی۔

14-8

آپ اپنے مخالفین کو رعب اور سٹیٹس سے متاثر کریں گے۔ شریک حیات سے مالی مدد حاصل ہونے کی توقع ہے۔ لڑائی جھگڑے اور خاص طور پر ڈرائیونگ کرتے وقت احتیاط کریں۔ مذہبی امور کی طرف آپ کا رجحان بڑھے گا۔ روحانی لوگوں سے فیض حاصل کریں۔ آپ کی مشکلات میں کمی ہو گی۔ جنس مخالف کی وجہ سے آپ کی ساکھ متاثر ہو سکتی ہے۔ لہٰذا کوئی بھی بڑا قدم اٹھانے سے پہلے اچھی طرح سوچ سمجھ لیں مشکلات آپ کو گھیر سکتی ہیں۔ والدہ کے ساتھ تعلقات میں کشیدگی آئے گی فی الحال جائیداد وراثت کے حصول کے لیے کوشش نہ کریں۔

21-15



free copy
khalidrathore.com
Document Processing Solutions

شریک حیات کے ساتھ وابستہ امیدوں کے پورا ہونے میں کچھ وقت لگے گا اور اپنے شریک کاروبار پر بھی خاص طور پر توجہ دیں۔ اخراجات میں اضافہ ہوگا۔ طبیعت میں عجیب سے بے چینی چھائی رہے گی۔ روحانیت سے فیض حاصل کرنے کا موقع ملے گا۔ آپ اپنے حاکمانہ مزاج کی وجہ سے دوسروں کی تنقید کا نشانہ بنیں گے۔ آپ آزاد خیالی کی وجہ سے نقصان کی طرف جائیں گے اور یہ نقصان مالی بھی ہو سکتا ہے۔ آپ کو مالی معاملات کو بڑھانے کے لیے منفی خصوصیات کو استعمال کرنے کی کوشش کریں گے۔

29-22

آپ کے رشتہ دار آپ کی ازدواجی زندگی میں دخل اندازی کریں گے۔ اندرون ملک سفر کے ذریعے کامیابی حاصل ہوگی۔ تلخ مزاجی آپ کی گھریلو زندگی پر اثر انداز ہوگی۔ تنقیدی اور ظالمانہ رویہ اپنانے کی کوشش نہ کریں۔ 25 تا 27 تاریخ تک سفر نہ کریں۔ نحوست آئے گی اور متوقع امیدیں پوری نہ ہونگی۔ آپ اپنے اندر موجود غیر معمولی صلاحیتوں کو استعمال کر کے اپنے حلقہ احباب میں اضافہ کر سکتے ہیں۔

| | |
|---|---|
| برج سنبلہ | 21 اگست تا 20 ستمبر |
| سیارہ | عطارد |
| حروف | پ، غ |

7-1

گھر والوں سے وراثت کے حصول کے لیے کی گئی کوششیں مثبت نتیجہ لے کر آئیں گی۔ والدہ کی صحت کے بارے میں تشویش لاحق ہو سکتی ہے۔ کسی تقریب میں شرکت کا موقع مل سکتا ہے۔ زیادہ تر وقت دوستوں کے ساتھ گذرے گا۔ تعلیمی امور میں کامیابی نصیب ہوگی۔ صحت کے معاملے پر خاص طور پر توجہ دیں اچانک کوئی حادثہ وغیرہ پیش آسکتا ہے۔ ملازمت کے حصول میں کامیابی نصیب ہوگی۔ شریک حیات کے ساتھ تلخ کلامی ہوگی۔

14-8

قانونی معاملات میں الجھنے سے گریز کریں۔ دوستوں سے مدد کا حصول بھی بہتری نہ لے کر آئے گا۔ مقدمات میں کامیابی کے امکانات کم ہیں۔ غلط قسم کے روزگار سے پیسہ کمانے کی طرف دلچسپی بڑھے گی۔ شریک حیات کی وجہ سے مسائل میں اور اضافہ ہوگا۔ عورتوں میں بے جا دلچسپی آپ کے لیے پریشانی کا باعث ہوگی۔ مذہبی امور میں دلچسپی کم ہوگی۔ عیش و عشرت کی زندگی گذارنے کے خواب آپ کے مستقبل کو تاریک کریں گے۔ لہذا عملی طور پر قدم اٹھائیں۔

21-15

کاروباری معاملات میں آمدنی کا انحصار ملازمین پر ہوگا اور آپ کے ملازمین آپ کو دھوکہ دینے کی کوشش کریں گے۔ لوگوں کے ساتھ وابستہ امیدوں کے پورے ہونے کے امکانات روشن ہونگے۔ ازدواجی زندگی میں خوشی کا حصول ناممکن ہوگا۔ آپ کے مخالفین کھل کر آپ کے سامنے آئیں گے اور اس کے ساتھ ہی آپ کے چھپے ہوئے دشمن بھی تحریک پکڑیں گے۔ صدقہ خیرات دینے سے مشکلات میں کمی واقع ہوگی۔ آپ کی ذہنی صلاحیتیں کھل کر سامنے آئیں گی۔

29-22

آمدن کی نسبت اخراجات میں اضافہ ہوگا۔ ملازمت کے حصول میں کامیابی حاصل ہوگی۔ سیلز مارکیٹنگ سے متعلق ملازمت ملنے کے چانس ہیں۔ اور انہی سے آپ کی امیدیں پوری ہونگی۔ اندرون ملک سفر کرتے وقت احتیاط سے کام لیں۔ رشتہ داروں کے ساتھ تنازعات جنم لیں گے لہذا میل ملاقات کرتے وقت احتیاط سے کام لیں۔ گھریلو حالات پر چھائی ہوئی نحوست کم ہوگی۔ مذہبی امور کی طرف توجہ مرکوز ہوگی۔

| | |
|---|---|
| برج میزان | 21 ستمبر تا 20 اکتوبر |
| سیارہ | زہرہ |
| حروف | ر، ت، ط |

7-1

اندرون ملک سفر کا موقع ملے گا سواری کے سلسلے میں آرام میسر آئے گا۔ ہمت و جرات میں اضافہ ہوگا خود اعتمادی کی ساتھ آگے بڑھیں گے۔ خاندانی مسائل حل ہونگے گھر والوں کے ساتھ تعلقات میں بہتری آئے گی والدہ کے رشتہ داروں سے امیدیں پوری ہوں گی۔ زراعت سے متعلقہ کاموں میں فائدہ ہوگا۔ ریس، انعامی بانڈ اور اتفاقی امور سے دولت حاصل کرنے کے لیے یہ بہت بہتر وقت ہوگا۔ دوستوں سے ہوشیار رہیں۔

14-8

free copy
khalidrathore.com
Document Processing Solutions

صحت کے امور پر خاص طور پر توجہ دیں حادثہ چوٹ سے واسطہ پڑ سکتا ہے۔ بلڈ پریشر کی وجہ سے صحت خراب ہو سکتی ہے۔ شریک حیات کے ساتھ اچھا وقت گذرے گا کسی بات پر تلخی ہونے کے امکانات بھی ہو سکتے ہیں۔ اشتراک کاروبار، پارٹنر شپ کرنے کے لیے یہ بہتر وقت ہوگا اور بہتر طریقے سے چلنے کے امکانات بھی زیادہ ہونگے۔ وراثت کے حصول میں کامیابی کے امکانات روشن ہونگے اور بہت حد تک قانونی پیچیدگیوں کے حل ہونے کے بھی روشن امکانات ہیں۔ تعلیمی امور کے سلسلے میں سفر اچھا رہے گا۔

21-15

کاروباری معاملات میں نشیب و فراز آئیں گے اور آپ تبدیلی کاروبار کے بارے میں سوچیں گے اور یہ تبدیلی ایک مثبت صورتحال پیدا کرے گی۔ لوگوں کے ساتھ وابستہ امیدوں میں التواء آئے گا جس کی وجہ سے آپ کو بہت سے کام پورا کرنے میں مشکلات پیش آئیں گی۔ فنون لطیفہ میں دلچسپی بڑھے گی اور یہ دلچسپی پریشانیوں کو کم کرنے کی پیش نظر ہوگی۔ جنس مخالف پر اخراجات ہو سکتے ہیں۔ علوم مخفی میں دلچسپی بڑھے گی۔

29-22

آپ ہوشیاری چالاکی سے بات کی تہہ تک پہنچنے کی کوشش کریں گے اور بروقت ہوشیاری چالاکی آپ کے کام آئے گی۔ مالی مفاد کے پیش نظر کوئی بھی انتہائی قدم اٹھانے سے گریز کریں جس کی وجہ سے مشکلات میں اور اضافہ ہو۔ مالی اعتبار سے اس ماہ قدرے آپ کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑے گا اور آپ مختلف امور میں طبع آزمائی کریں گے۔ ماہ کے آخری ہفتے میں مالی معاملات کے لیے سفر کرنا بہتر رہے گا۔

| | |
|---|---|
| برج عقرب | 21اکتوبر تا20نومبر |
| سیارہ | پلوٹو / مریخ |
| حروف | ظ، ذ، ض، ز، ن |

7-1

ذرائع آمدن میں اضافہ ہوگا۔ طرز گفتگو کے ذریعے دوسروں کو متاثر کریں گے۔ اچھی خوراک میسر آئے گی۔ بہن بھائیوں کے ساتھ محبت بڑھے گی۔ محنت اور پر جوش طریقے سے آگے بڑھیں گے بلحاظ مزاج جنس مخالف کی طرف توجہ مرکوز ہوگی جس کی وجہ سے آپ کی ساکھ خراب ہونے کا

اندیشہ ہوگا۔ گھریلو حالات میں تبدیلیاں رونما ہونگی جس کی وجہ سے پریشانی اٹھانا پڑے گی۔

14-8

مذہبی امور میں دلچسپی کم ہوگی۔ دوستوں کے ساتھ حالات ناسازگار ہوں گے لہذا ملتے وقت احتیاط کا دامن ہاتھ سے نہ جانے دیں۔ صحت اور صفائی کے معاملات پر خاص طور پر توجہ دیں۔ پیٹ کے امراض اور سردرد سے واسطہ پڑ سکتا ہے۔ رشتہ، منگنی، نکاح کے معاملات کو نمٹانے میں مشکلات پیش آئیں گی ازدواجی معاملات کو خوشگوار بنانے اور شراکتی کاروبار کی بہتری کے لیے کالے رنگ کی چیز کا صدقہ دیں تو ذہنی پریشانی میں کمی آئے گی۔

21-15

سفر کا موقع ملے گا ایسے ہاتھ سے نہ جانے دیں۔ آپ کا حاکمانہ مزاج آپ کے لیے مشکلات پیدا کرے گا اور آزاد خیالی کو کنٹرول کرنے کی کوشش کریں۔ حصول منزل کے لیے آگے بڑھنے میں قدرے کٹھن مراحل سے گذرنا پڑے گا آپ کے کاروباری معاملات پر چھائی ہوئی نحوست میں ہلکی سی تبدیلی رونما ہوگی اور حالات پھر بتدریج ویسے ہی ہو جائیں گے۔ دوستوں کے ساتھ وابستہ امیدیں پوری ہونگی۔

29-22

اخراجات میں اضافہ ہوگا۔ ازدواجی زندگی کی حقیقی خوشی حاصل کرنے سے محروم رہیں گے۔ سفر کے لیے بہتر وقت نہ ہوگا۔ طبیعت میں بے چینی رہے گی اور مختلف کاموں کی طرف آپ کا رجحان رہے گا۔ ملازمت کے حصول کے سلسلے میں خاطر خواہ کامیابی ملے گی۔ رشتہ، منگنی، نکاح کے لیے بہتر وقت ہوگا۔ اور کسی کے ساتھ اشتراک کاروبار کا موقع بھی ملے گا۔

| | |
|---|---|
| برج قوس | 21نومبر تا20دسمبر |
| سیارہ | مشتری |
| حروف | ف |

7-1

طبیعت میں رومانوی انداز پیدا ہوگا اور جاذب نظر لگیں گے لوگوں کی توجہ کا مرکز بنیں گے۔ مضبوط قوت ارادی سے آگے بڑھیں گے۔ مالی معاملات میں بہتری آئے گی اور سکھ نصیب ہوگا۔ کھانے پینے کی اشیاء میں



free copy khalidrathore.com Document Processing Solutions

رغبت بڑھے گی ممکن ہے کسی دعوت میں شراکت کا موقع ملے۔ اندرون ملک سفر کرنے کا موقع ملے گا لیکن دوران سفر احتیاط کا دامن ہاتھ سے نہ جانے دیں۔ گھر والوں کے ساتھ اچانک تنازعات ابھر کر سامنے آئیں گے۔

14-8

اولاد کی جانب سے خوشی نصیب ہو گی۔ تعلیمی امور میں نمایاں کامیابی حاصل ہو گی نئے ایڈیشن اور ہنر سیکھنے کے لیے یہ مناسب وقت ہے لہذا کوشش کریں کامیابی آپ کے قدم چھونے گی۔ ملازمت کے حصول کے لیے اگر کوشش کریں تو کامیابی کی راہ ہموار ہو سکتی ہے لیکن تھوڑے التواء کے ساتھ گھر والے آپ کے شادی کے بارے میں فکر مند ہونگے اور کوئی فیصلہ سرانجام دیں گے۔

21-15

ذہن پر دباؤ کم ڈالیں ورنہ پریشانیوں میں اضافہ ہو گا۔ شریک کاروبار سے دولت کے حصول میں مشکلات پیش آئیں گی۔ آپ اپنے جذبات کی تسکین کے لیے سفر کا سہارا لیں گے لیکن اس میں بھی خاطر خواہ کامیابی کے امکانات روشن ہوتے ہوئے نظر نہیں آتے۔ آپ کے کاروباری معاملات میں گھریلو حالات آڑے آئیں گے جس کی وجہ سے کاروباری ترقی کے چانس کم رہیں گے عمر سے بڑے افراد کے ساتھ وابستہ امیدیں کسی حد تک پوری ہونگی۔

29-22

دوران سفر آپ کے اخراجات میں اضافہ ہو سکتا ہے اور ممکن ہے کہ یہ اخراجات آپ کی صحت پر ہوں۔ آپ کی شریک حیات بھی آپ کو ذہنی سکون دینے سے قاصر رہے گی آپ ایک مرتبہ پھر کوئی اہم فیصلہ کرتے وقت گھبرائیں گے اور اس ہفتے میں کوئی بھی اہم فیصلہ کرنے سے پہلے مشورہ ضرور کریں چونکہ آپ کی شخصیت ملون مزاجی کی طرف مائل ہو گی۔

| | |
|---|---|
| برج جدی | 21 دسمبر تا 20 جنوری |
| سیارہ | زحل |
| حروف | ج، خ، گ |

7-1

اس ماہ کا پہلا ہفتہ مالی لحاظ سے بہتر ہو گا۔ بلحاظ مزاج گرمجوشی اور محنت سے کام کریں گے جنس مخالف کی طرف توجہ مبذول ہو گی اور ممکن ہے کہ عورتوں کی وجہ سے آپ کی ساکھ خراب ہو۔ لہذا کوشش کریں کہ آسائش پسندی آپ پر غالب نہ آئے۔ اتفاقی آمدنی کے حصول کے لیے کوشش کریں گے اور کسی حد تک اس میں کامیابی کے امکانات بھی ہوں گے۔

14-8

قریبی جاننے والوں سے ہوشیار رہیں اور اپنی مدد آپ کے تحت کاموں کو سرانجام دینے کی کوشش کریں۔ معاملات محبت میں پریشانی لاحق ہو سکتی ہے۔ مکان کی تعمیر کے سلسلے میں کی گئی کوششیں رنگ لائیں گئیں اور گھر والوں کے ساتھ نرم رویہ اپنائیں تو کامیابی کی راہ اور ہموار ہو گی۔ تعلیمی امور میں دلچسپی کم ہو گی۔ جنس مخالف کی طرف توجہ زیادہ مرکوز ہو گی۔

21-15

ملازمت کے حصول کے سلسلے میں کی گئی کوشش رنگ لائیں گی کسی ادارے میں سیلز، اکاونٹس سے متعلقہ شعبوں میں کوششیں کریں تو کامیابی کے امکانات اور روشن ہونگے۔ شریک حیات کے ساتھ پیار محبت بڑھے گا اور مستقبل کے بارے میں پلاننگ کرنے کا موقع ملے گا۔ اکٹھے سفر پر جانے کا موقع بھی مل سکتا ہے اس ہفتے میں آپ کالے رنگ کی کسی چیز کا صدقہ خیرات دیں آپ پر نحس عملیات کا اثر نہ ہو گا اور آپ کے مختلف رکے ہوئے کام چل پڑیں گے۔

29-22

آپ کے بزنس کو فروغ ملے گا ایسی اشیاء کی خرید و فروخت سے آمدن میں اضافہ کیا جا سکتا ہے جن کا تعلق کھانے پینے کی اشیاء کپڑے، زیورات وغیرہ سے ہو۔ آپ کا حلقہ احباب وسیع ہو گا۔ گھر والوں سے وابستہ امیدیں پوری ہونگی۔ اچانک آپ کے اخراجات میں اضافہ ہو گا جس کو کنٹرول کرنا آپ کے بس میں نہ ہو گا۔

| | |
|---|---|
| برج دلو | 21 جنوری تا 21 فروری |
| سیارہ | یورانس / زحل |
| حروف | س، ش، ث |

7-1

آپ کے بہن بھائی اور عمر سے بڑے افراد آپ کے لیے فائدہ مند ہو سکتے ہیں۔ اور آپ اپنے مقاصد کے حصول کے لیے ان سے ملیں گے۔ اخراجات میں اضافہ ہو گا۔ اس ہفتے کے دوران آپ اپنے مستقبل کے بارے میں



free copy
khalidrathore.com
UrduTech Document Processing Solutions

مختلف قسم کی سکیمیں بنائیں گے اور متلون مزاجی کی وجہ سے آپ ان سب کاموں کو پایہ تکمیل تک نہ پہنچا سکیں گے۔ اچانک دولت حاصل کرنے کا بھوت آپ کے سر پر سوار رہے گا۔

14-8

مذہبی امور کے لیے کیئے گئے سفر میں کامیابی کے امکانات بڑھیں گے۔ روپے پیسے کے معاملات کے بارے میں آپ اچھے اخلاق کا مظاہرہ کرنے کی کوشش کریں۔ گھریلو ماحول پر بدستور نحوست چھائی رہے گی اور اس وجہ سے خاص طور پر گھر کے بڑے افراد کے ساتھ آپ کی محبت میں کمی آئے گی۔ جائیداد کے حصول کا مطالبہ آپ کے لیے تنازعات لے کر آئے گا۔ لہٰذا فی الحال اس معاملے کو ابھی دبا رہنے دیں۔ تعلیمی امور کے بارے میں اپنی سرگرمیاں تیز کریں گے اور کسی نئے تعلیمی ادارے میں ایڈمیشن کے سلسلے میں کوششیں کریں گے۔

21-15

آپ کے دماغ پر چھایا ہوا بوجھ آہستہ آہستہ ہلکا ہونا شروع ہو جائے گا اور آپ اپنی صحت کے امراض پر بھی قابو پالیں گے۔ آپ کو شریک حیات کے ساتھ تعلقات بہتر بنانے میں مشکل کا سامنا کرنا پڑے گا۔ بیرونی مداخلت کی وجہ سے تعلقات مزید خراب ہوں گے۔ آپ کے چھپے ہوئے دشمن کھل کر سامنے آئیں گے اور آپ کو نقصان پہنچانے کی کوشش کریں گے۔ اپنے آپ کو بہت زیادہ سوچنے کی طرف مائل ہونے سے بچائیں چونکہ اس طرح آپ کا عملی کاموں کی طرف رجحان کم ہوگا۔

29-22

آپ کا رجحان زیادہ تر سفر کرنے کی طرف ہوگا لیکن اس ماہ کی آخری تاریخوں میں کیا گیا سفر خاص طور پر کاروباری امور کو نبٹانے کے لیے آپ کو کامیابی کی راہ سے ہمکنار نہ کرے گا لہٰذا ان دنوں میں اپنی مصروفیات کو کم ہی رکھیں۔ مختلف قسم کے لٹریچر پڑھ کر اپنے آپ کو مصروف رکھنے کی کوشش کریں گے۔ ثابت قدمی سے اپنے مقاصد کے لیے ڈٹے رہیں گے۔

| | |
|---|---|
| برج حوت | 21 فروری تا 20 مارچ |
| سیارہ | نپ چون / مشتری |
| حروف | ا، ج |

7-1

آپ اپنے کاروباری معاملات کو پرجوش طریقے سے سرانجام دیں گے اور فائدہ حاصل کرنے میں کامیاب رہیں گے۔ کاروبار میں کچھ تبدیلی بھی لے کر آئیں گے۔ آپ کو اخراجات کنٹرول کرنے میں مشکلات کا سامنا کرنا پڑے گا۔ آپ کے ملازمین آپ کے بارے میں غلط رائے قائم کریں گے۔ اس ہفتے کے دوران آپ کو قانونی معاملات کی پیچیدگیوں سے بھی واسطہ پڑ سکتا ہے۔

14-8

آپ اپنے رویے کی وجہ سے اپنے مخالفین کی تعداد میں اضافہ کریں گے کوئی بھی اہم فیصلہ کرنے سے پہلے تحمل مزاجی سے سوچیں جلدی میں کوئی فیصلہ نہ کریں۔ آپ کے مالی معاملات میں اضافہ ہوگا اور خوشحال زندگی کی طرف گامزن ہونگے لیکن ایک انجانا خوف آپ کے سر پر منڈلاتا رہے گا جس کی وجہ سے آپ کام سے اکتاہٹ محسوس کریں گے۔ اندرون ملک سفر کرنے میں مشکلات پیش آئیں گی۔ گھر والوں کے ساتھ حالات سازگار ہونگے۔

21-15

آپ سیر و تفریح کی طرف راغب ہونگے اور زیادہ تر وقت ملاقات کرنے والوں کے ساتھ ہی گزرے گا۔ آپ اپنے سوشل رویے کی وجہ سے لوگوں سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔ صحت کے امراض پر خاص طور پر توجہ دیں۔ صدقہ خیرات دیں آپ چھپے ہوئے دشمنوں سے نجات پائیں گے اور آپ کے دشمن آپ پر وار نہ کر سکیں گے۔ شریک حیات کی توجہ آپ کی جانب مرکوز ہو گی۔ شاپنگ وغیرہ پر اخراجات ہو سکتے ہیں۔ آپ کا شریک کاروبار آپ کے اخراجات میں اضافے کا باعث بنے گا۔

29-22

وراثت کے حصول کے سلسلے میں ناکامی کا سامنا ہوگا۔ جنس مخالف کی وجہ سے شہرت کو نقصان پہنچ سکتا ہے لہٰذا آپ اپنے آپ کو ایسے لوگوں سے بچا کر رکھیں۔ آپ کے ذہن میں اس وقت مختلف قسم کی پلاننگ ہوگی لیکن ان سب پر بیک وقت عمل کرنا آپ کے لیے پریشان کن ہوگا۔ آپ اپنی دماغی صلاحیتوں کے بھرپور استعمال سے دوسرے سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔ آخری ہفتے میں دوران سفر احتیاط کریں کسی حادثے سے واسطہ پڑ سکتا ہے۔

free copy khalidrathore.com Document Processing Solutions

# بسم اللہ الرحمن الرحیم

از : ایم ایس غزالی۔

## ترجمہ : ساتھ نام اللہ تعالیٰ کے جو سب سے زیادہ رحمٰن بھی ہے اور رحیم بھی۔

میں نے مندرجہ بالا ترجمہ لفظی کیا ہے لیکن میرے دیکھنے اور پڑھنے میں ہر جگہ۔ ہر مقام اور کسی بھی کتاب کے قاعدے کے اور سپارے کے شروع یہ ترجمہ نظر آیا ہے "میں شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑا رحمٰن ہے اور رحیم بھی"۔ ہر مسلمان اور مومن اسی ترجمہ کو صحیح اور ٹھیک مانتا ہے لیکن میرے لفظی ترجمے اور اس ترجمے میں صرف "میں شروع کرتا ہوں" کا فرق ہے۔ علم کی نظر میں عمل کو پہچانتے ہوئے اگر دور اندیشی کا لحاظ کیا جائے تو میرا لفظی ترجمہ ہر عمل کا قدم بہ قدم منزل تک پورا ساتھ دے گا۔ مگر "میں شروع" کا ترجمہ صرف ابتدا سے ہی کنارہ کشی کر لیتا ہے۔ عام سطح پر دونوں ترجمے ٹھیک ہیں۔ میں تسلیم کرتا ہوں۔ شروع میں بسم اللہ چاہیے مگر عمل کی انتہا پر جو یقین مردہ پایا جاتا ہے۔ اس کا ذمہ دار کون ہے۔ ہر جگہ پر اور ہر مقام پر ذات کبریا موجود ہر وقت ہے۔ مگر اپنے اعمال نامہ کو گواہ بناتے ہوئے ہم نے یہ ثابت کرنا ہے کہ نام اللہ ہر وقت ہماری زبان پر ہے جس سے برکتوں اور رحمتوں کی انتہا ہے۔

اگر آپ کے عام ترجمے کو تھوڑی دیر کے لیے عملاً ٹھیک مان لیا جائے تو یہ غلط فہمی جو عام وباء کی طرح پھیلی ہوئی ہے۔ ماننی پڑے گی کہ "بسم اللہ" کا پڑھنا صرف شروع میں ہی ہے۔ آخر میں کسی لفظ کی ادائیگی کی ضرورت نہیں ہے۔ درمیان میں کسی کی مدد کی خواہش نہیں ہے۔ بیشک ابتدا تو اللہ کے نام سے کی مگر انتہا کس کے نام سے ؟ مومن فوراً اللہ کے نام سے پکار اٹھے گا۔ مگر میرا تجربہ دعویٰ سے پکارتا ہے کہ ۱۰۰ میں سے ۹۰ مسلمان کسی بھی کام کی انتہا خاموشی سے کرتے ہیں یا اپنے آپ پر فخر کرتے ہیں یا اپنی عقل، علم اور دانشمندی پر ناز کرتے ہوئے تکبر سے کچھ اس قسم کا فقرہ فرماتے ہیں کہ "یہ کام کی انتہا جو اس خوبی سے ہوئی یہ میرے ہی بدولت ہوئی ہے"۔ یاد رکھیئے یہ فقرہ یا جملہ خدلوند کریم کے عالی دربار میں سخت ناگوار ہے۔ جس کی سزا کم از کم لازم ہے۔

اگر لفظی ترجمے کو ذرا غور و فکر سے پڑھنے کے بعد سوچا جائے تو یہ ماننا پڑتا ہے کہ ہر کام کی ابتداء ساتھ نام اللہ کے۔ ترقی اور تنزل کی کسی بھی جگہ یا منزل پر مدد صرف خدلوند کریم کی۔ راہبری اللہ کے نام کی اور منزل کے پاس پہنچنے پر بھی صرف آسرا نام اللہ کا۔ جب عملاً کسی کام کو انسان اختتام پر نیکی کے ساتھ دیکھتا ہے تو مومن کی زبان بے ساختہ "الحمد للہ" کہہ اٹھتی ہے اور اسی میں خدلوند کریم کی رضا ہے۔ مومن کا ایمان ہے کہ یہ کام کی خوش اسلوبی تجربے کا بل بوتہ۔ عقلی حکمت اور طریقہ عمل بے شک میرے ذریعہ ہوا مگر میں کسی تعریف کے قابل نہیں۔ میں کچھ بھی نہیں۔ یہ سب کچھ عنایت اور شفقت میرے مولا رب العالمین کی ہے۔ جو سب سے زیادہ رحمٰن بھی ہے اور رحیم بھی۔

ذرا بتائیے کہ قرآن کریم میں "بسم اللہ" کا ذکر کہاں پر ہے۔ اجی حضرت شروع میں نہیں ہے۔ یہ بعد میں ترتیب دیتے ہوئے تحریر کیا گیا ہے۔ اصلی ذکر قرآن کریم میں سورۃ النمل میں آتا ہے جو کہ نزولی درجہ ۲۷ رکھتی ہے۔ "النمل" کا لفظی ترجمہ چیونٹی ہے۔ سبحان اللہ خداوند کریم چیونٹی کے بیان میں اور عنوان میں بسم اللہ کا ذکر کرتا ہے۔ دوسرے لفظوں میں یہ سخت یقین بات عیاں ہو گئی ہے کہ چیونٹی کے عمل میں بسم اللہ ہے۔ کبھی آپ نے بھول کر بھی اس حقیر اور ناچیز ننھی سی جان کو غور و فکر کی آنکھ سے نہیں دیکھا۔ علم کے آئینے سے اس کے کسی عمل کو بھی نہیں پہچانا۔ پس پاؤں تلے روندتے چلے جاتے ہیں مگر عمل سے بے بہرہ رہتے ہوئے یاد رکھیئے جو قوم عمل سے بے بہرہ رہی وہ علم میں بھی نامور نہیں ہو سکتی۔

دوسری عیاں حقیقت یہ ہوتی ہے کہ اے انسان اگر تو کسی بھی کام یا عمل کو خواہ وہ چیونٹی کے برابر ہی کیوں نہ ہو بسم اللہ سے شروع کر اور الحمد للہ

free copy
khalidrathore.com
Document Processing Solutions

عملیاتی اور نجومی راہنمائی کے لیے مکمل یقین کے ساتھ رجوع کریں

# دستیاب کتب

| | |
|---|---|
| راہنمائے عملیات (ماہنامہ) | 20 روپے |
| خزینہ اعداد | 30 روپے |
| روحانی مشورے | 38 روپے |
| مستحصلہ قادر الکلام | 50 روپے |
| بانڈ ریس اور لاٹری کے نمبر | 100روپے |
| 10 سالہ جنتری | 115روپے |
| خالد روحانی جنتری 2000 | 55 روپے |
| علم الحروف | 100روپے |
| اسباق دست شناسی | 60روپے |

پر اختتام کر۔ قرآنی کام کے مطابق حضرت سلیمانؑ اسی 'بسم اللہ' سے شروع کر کے 'السبا' قوم کی شہزادی بلقیس کو خط پر چونچ ہدہد کے ارسال کرتے ہیں اور اثر بسم اللہ کا الحمد للہ کی منزل پر یوں اختتام ہوتا ہے کہ وہی شہزادی پاپیادہ چل کر حضرت سلیمانؑ کے حضور میں حاضر ہوتی ہے اور عرض کرتی ہے کہ میں مسلمان ہونے خود چلی آئی ہوں۔ سمجھے آپ بسم اللہ کا اثر۔ باطل خود چل کر حق کو چوکھٹ چومتا ہے۔ سبحان اللہ کیا شان ہے ذات کبریا کی۔ کاش مومن بسم اللہ کے عمل کو صحیح معنوں میں معمول بنالے۔

اس لئے عرض ہے کہ کسی کام یا عمل کو شروع کرنے سے پہلے 'بسم اللہ' پڑھیئے۔ اور اختتام 'الحمد اللہ' پر کریئے۔ پھر کوئی وجہ نہیں کہ اللہ تعالیٰ اپنے رحمٰن اور رحیم ہونے کا ثبوت ہمارے دشمن شیطان پر، مشرکوں پر اور کافروں پر عملاً ظاہر نہ کرے۔ تاکہ مسلمان اور مومن کا دل مطمئن رہے۔ یہی ایک چیز ہے جس کی تلاش میں دنیا کا ہر انسان سرگرداں ہے۔ اور خاص کر مومن ہر وقت ہر گھڑی اور ہر لمحہ متلاشی ہے۔ یقین جانیئے یہ آپ کو دنیا کے کسی خطے یا حصے میں کبھی بھی نہیں ملے گی۔ مگر خداوند کریم جو سب سے زیادہ رحمٰن بھی ہے اور رحیم بھی کے اس عالی دربار سے جس دربار سے آج تک کوئی سوالی خالی ہاتھ نہیں لوٹا۔ خداوند کریم اپنے حبیبؐ کے صدقے ہر ایک مومن کو صحیح معنوں میں بسم اللہ کا عامل بنائے (آمین)۔

free copy
khalidrathore.com
Document Processing Solutions

## کوکبی تقویم ماہ فروری 2000

**LONGITUDE** — **FEBRUARY 2000**

| DAY | SID.TIME | ☉ | ☽ | TRUE ☊ | ☿ | ♀ | ♂ | ♃ | ♄ | ♅ | ♆ | ♇ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | h m s | ° ' " | ° ' " | ° ' | ° ' | ° ' | ° ' | ° ' | ° ' | ° ' | ° ' | ° ' |
| 1 Tu | 8 42 5 | 11♒ 25 7 | 21♐ 32 21 | 3♌ 42.6 | 22♒ 32.2 | 8♑ 48.6 | 21♓ 32.5 | 27♈ 54.8 | 10♉ 39.2 | 16♒ 29.3 | 4♒ 20.3 | 12♐ 23.4 |
| 2 W | 8 46 1 | 12 26 2 | 3♑ 22 6 | 3 43.7 | 24 17.1 | 10 2.4 | 22 18.6 | 28 4.8 | 10 41.4 | 16 32.8 | 4 22.4 | 12 24.9 |
| 3 Th | 8 49 58 | 13 26 57 | 15 14 30 | 3 44.4 | 26 0.9 | 11 16.2 | 23 4.7 | 28 12.9 | 10 43.8 | 16 36.3 | 4 24.7 | 12 26.2 |
| 4 F | 8 53 54 | 14 27 50 | 27 13 30 | 3R 44.9 | 27 43.9 | 12 30.1 | 23 50.7 | 28 21.1 | 10 46.2 | 16 39.8 | 4 27.0 | 12 27.6 |
| 5 Sa | 8 57 51 | 15 28 42 | 9♒ 21 36 | 3 44.8 | 29 25.7 | 13 43.9 | 24 36.7 | 28 29.5 | 10 48.8 | 16 43.3 | 4 29.2 | 12 28.9 |
| 6 Su | 9 1 47 | 16 29 34 | 21 40 5 | 3 44.2 | 1♓ 6.1 | 14 57.8 | 25 22.7 | 28 38.1 | 10 51.5 | 16 46.8 | 4 31.5 | 12 30.2 |
| 7 M | 9 5 44 | 17 30 24 | 4♓ 10 39 | 3 42.8 | 2 44.7 | 16 11.7 | 26 8.7 | 28 46.7 | 10 54.2 | 16 50.3 | 4 33.7 | 12 31.5 |
| 8 Tu | 9 9 40 | 18 31 12 | 16 53 57 | 3 40.9 | 4 21.0 | 17 25.6 | 26 54.6 | 28 55.5 | 10 57.1 | 16 53.8 | 4 35.9 | 12 32.7 |
| 9 W | 9 13 37 | 19 31 59 | 29 50 33 | 3 38.6 | 5 54.6 | 18 39.6 | 27 40.5 | 29 4.5 | 11 0.1 | 16 57.3 | 4 38.1 | 12 33.9 |
| 10 Th | 9 17 34 | 20 32 45 | 13♈ 0 48 | 3 36.3 | 7 24.8 | 19 53.5 | 28 26.3 | 29 13.6 | 11 3.2 | 17 0.8 | 4 40.4 | 12 35.1 |
| 11 F | 9 21 30 | 21 33 30 | 26 25 0 | 3 34.6 | 8 51.1 | 21 7.5 | 29 12.2 | 29 22.8 | 11 6.3 | 17 4.2 | 4 42.6 | 12 36.2 |
| 12 Sa | 9 25 27 | 22 34 12 | 10♉ 3 20 | 3D 33.1 | 10 12.9 | 22 21.4 | 29 58.0 | 29 32.1 | 11 9.6 | 17 7.7 | 4 44.8 | 12 37.4 |
| 13 Su | 9 29 23 | 23 34 53 | 23 55 44 | 3 32.7 | 11 29.3 | 23 35.4 | 0♈ 43.7 | 29 41.6 | 11 13.0 | 17 11.2 | 4 47.0 | 12 38.4 |
| 14 M | 9 33 20 | 24 35 33 | 8♊ 1 41 | 3 33.2 | 12 39.9 | 24 49.4 | 1 29.4 | 29 51.2 | 11 16.5 | 17 14.7 | 4 49.1 | 12 39.5 |
| 15 Tu | 9 37 16 | 25 36 11 | 22 19 58 | 3 34.2 | 13 43.6 | 26 3.4 | 2 15.1 | 0♉ 0.9 | 11 20.0 | 17 18.1 | 4 51.3 | 12 40.5 |
| 16 W | 9 41 13 | 26 36 47 | 6♋ 47 56 | 3 35.5 | 14 40.1 | 27 17.4 | 3 0.8 | 0 10.8 | 11 23.7 | 17 21.6 | 4 53.5 | 12 41.5 |
| 17 Th | 9 45 9 | 27 37 21 | 21 22 10 | 3R 36.5 | 15 28.3 | 28 31. | 3 46.4 | 0 20.8 | 11 27.4 | 17 25.0 | 4 55.6 | 12 42.4 |
| 18 F | 9 49 6 | 28 37 54 | 5♌ 57 42 | 3 36.7 | 16 7.9 | 29 45.4 | 4 32.0 | 0 30.8 | 11 31.3 | 17 28.5 | 4 57.7 | 12 43.4 |
| 19 Sa | 9 53 3 | 29 38 25 | 20 28 45 | 3 35.6 | 16 38.1 | 0♒ 59.4 | 5 17.5 | 0 41.0 | 11 35.2 | 17 31.9 | 4 59.9 | 12 44.3 |
| 20 Su | 9 56 59 | 0♓ 38 54 | 4♍ 49 13 | 3 33.3 | 16 58.7 | 2 13.5 | 6 3.0 | 0 51.4 | 11 39.3 | 17 35.4 | 5 2.0 | 12 45.1 |
| 21 M | 10 0 56 | 1 39 22 | 18 53 37 | 3 29.7 | 17R 9.2 | 3 27.5 | 6 48.4 | 1 1.8 | 11 43.4 | 17 38.8 | 5 4.1 | 12 45.9 |
| 22 Tu | 10 4 52 | 2 39 48 | 2♎ 37 42 | 3 25.2 | 17 9.6 | 4 41.6 | 7 33.9 | 1 12.3 | 11 47.6 | 17 42.2 | 5 6.1 | 12 46.7 |
| 23 W | 10 8 49 | 3 40 13 | 15 59 3 | 3 20.5 | 16 59.8 | 5 55.7 | 8 19.2 | 1 22.9 | 11 51.9 | 17 45.6 | 5 8.2 | 12 47.5 |
| 24 Th | 10 12 45 | 4 40 37 | 28 57 17 | 3 16.1 | 16 40.2 | 7 9.8 | 9 4.6 | 1 33.7 | 11 56.3 | 17 48.9 | 5 10.2 | 12 48.2 |
| 25 F | 10 16 42 | 5 40 58 | 11♏ 33 52 | 3 12.5 | 16 11.2 | 8 23.9 | 9 49.9 | 1 44.5 | 12 0.7 | 17 52.3 | 5 12.3 | 12 48.9 |
| 26 Sa | 10 20 38 | 6 41 19 | 23 51 47 | 3 10.2 | 15 33.7 | 9 38.0 | 10 35.2 | 1 55.5 | 12 5 3 | 17 55.7 | 5 14.3 | 12 49.5 |
| 27 Su | 10 24 35 | 7 41 39 | 5♐ 55 9 | 3D 9.3 | 14 48.5 | 10 52.1 | 11 20.4 | 2 6.5 | 12 9.9 | 17 59.0 | 5 16.3 | 12 50.1 |
| 28 M | 10 28 32 | 8 41 56 | 17 48 47 | 3 9.6 | 13 56.9 | 12 6.2 | 12 5.6 | 2 17.7 | 12 14.7 | 18 2.3 | 5 18.3 | 12 50.7 |
| 29 Tu | 10 32 28 | 9♓ 42 12 | 29♐ 37 47 | 3♌ 10.9 | 13♓ 0.2 | 13♒ 20.3 | 12♈ 50.7 | 2♉ 29.0 | 12♉ 19.5 | 18♒ 5.7 | 5♒ 20.3 | 12♐ 51.3 |

عملیاتی اور نجومی راہنمائی کے لیے مکمل یقین کے ساتھ رجوع کریں

# نظرات

فروری 2000

شمس(س) قمر(ر) عطارد(د) زہرہ(ہ) مریخ(خ) مشتری(ی)
زحل(ل) یورنس(نس) نپ چون(ن) پلوٹو(ٹو)

قرآن(ن) مقابلہ(لہ) تربیع(ع) تثلیث(ث) تسدیس(س)

## فروری

| | | | |
|---|---|---|---|
| 1 | رخ | ع | 4/59 |
| 1 | رد | س | 7/23 |
| 1 | ری | ث | 18/9 |
| 2 | رٹو | س | 4/33 |
| 2 | ہل | ث | 18/8 |
| 2 | رل | ث | 19/53 |
| 2 | رہ | ن | 20/5 |
| 3 | رخ | س | 21/49 |
| 4 | ری | ع | 7/17 |
| 4 | دی | س | 14/33 |
| 4 | رن | ن | 19/23 |
| 5 | رل | ع | 7/53 |
| 5 | رٹو | س | 11/9 |
| 5 | سر | ن | 18/4 |
| 5 | رنس | ن | 19/29 |
| 6 | سنس | ن | 12/14 |
| 6 | ری | س | 18/35 |
| 7 | رد | ن | 1/53 |
| 7 | رل | س | 17/48 |
| 7 | رٹو | ع | 20/50 |
| 8 | رہ | س | 6/7 |
| 9 | رخ | ن | 0/47 |
| 9 | رن | س | 1/49 |
| 10 | رٹو | ث | 4/15 |
| 10 | رنس | س | 12/15 |
| 10 | رہ | ع | 18/38 |
| 10 | سر | س | 19/40 |
| 11 | ری | ن | 10/20 |
| 11 | رن | ع | 19/42 |
| 11 | رد | س | 5/19 |
| 11 | رل | ن | 6/57 |
| 11 | رنس | ع | 17/21 |
| 11 | دل | س | 23/30 |
| 12 | سر | ع | 4/22 |
| 12 | رہ | ث | 4/23 |
| 13 | رخ | س | 17/18 |
| 13 | رن | ث | 23/34 |
| 13 | دٹو | ع | 23/53 |
| 14 | رٹو | لہ | 12/50 |
| 14 | رد | ع | 13/29 |
| 14 | رنس | ث | 20/35 |
| 15 | سر | ث | 10/52 |
| 15 | ری | س | 17/56 |
| 15 | رخ | ع | 22/25 |
| 16 | رل | س | 12/38 |
| 16 | رد | ث | 18/47 |
| 17 | رہ | لہ | 17/52 |
| 17 | ری | ع | 19/57 |
| 18 | رخ | ث | 2/32 |
| 18 | رن | لہ | 3/22 |
| 18 | رل | ع | 14/14 |
| 18 | رٹو | ث | 16/11 |
| 18 | خن | س | 19/16 |
| 18 | ہی | ع | 22/6 |
| 19 | رنس | لہ | 0/6 |
| 19 | سر | لہ | 21/28 |
| 19 | ری | ث | 22/16 |
| 20 | سی | س | 10/59 |
| 20 | رل | ث | 16/40 |
| 20 | رٹو | ع | 18/30 |
| 21 | رد | لہ | 2/0 |
| 22 | رہ | ث | 9/3 |
| 22 | رن | ث | 9/25 |
| 22 | ہن | ن | 13/12 |
| 22 | رخ | لہ | 14/20 |
| 22 | رٹو | س | 23/13 |
| 23 | رنس | ث | 8/16 |
| 24 | ری | لہ | 9/0 |
| 24 | سر | ث | 16/46 |
| 24 | رن | ع | 16/48 |
| 24 | رہ | ع | 22/16 |
| 25 | رل | لہ | 5/53 |
| 25 | رد | ث | 13/34 |
| 25 | رنس | ع | 17/19 |
| 27 | رن | س | 3/43 |
| 27 | سر | ع | 8/55 |
| 27 | رہ | س | 16/8 |
| 27 | رخ | ث | 16/40 |
| 27 | رٹو | ن | 18/57 |
| 27 | رد | ع | 21/44 |
| 28 | ہخ | س | 4/31 |
| 28 | رنس | س | 5/29 |
| 28 | ہل | ع | 7/57 |
| 28 | ہٹو | س | 19/33 |
| 29 | خٹو | ث | 5/19 |
| 29 | دٹو | ع | 8/37 |
| 29 | ری | ث | 10/55 |
| 29 | دل | س | 20/7 |

## مارچ

| | | | |
|---|---|---|---|
| 1 | سر | س | 3/22 |
| 1 | رد | س | 6/2 |
| 1 | رل | ث | 6/57 |
| 1 | رخ | ع | 9/39 |
| 1 | رد | ن | 20/12 |
| 3 | ری | ع | 0/14 |
| 3 | سل | س | 1/19 |
| 3 | رن | ن | 5/1 |
| 3 | سٹو | ع | 8/58 |
| 3 | رل | ع | 19/7 |
| 3 | رٹو | س | 19/37 |

نئی کتب
علم الحروف
اور
اسباق دست شناسی
شائع ہو گئی ہیں

## خالد رُوحانی جنتری برائے ماہ فروری 2000 / ذلیقعد 1420 / پھاگن 2056

لاہور کراچی

| دن | فروری | ذیقعد | پھاگن | طلوع (لاہور) | غروب (لاہور) | طلوع (کراچی) | غروب (کراچی) | دَر برج | در منزل | اوقات منازل قمری | نمبر | آج کے دن پیدا ہونے والے بچے / آج کا دن عمومی حالات |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| منگل | 1 | 24 | 19 | 6-54 | 17-39 | 7-14 | 18-15 | 22-11جدی | | ذابح 22-11 | 8 | حساب سے دلچسپی، اچھی قابلیت، ذہین |
| بدھ | 2 | 25 | 20 | 6-53 | 17-39 | 7-14 | 18-15 | | | | 9 | غیر معمولی صلاحیتیں، ذہانت کی علامت، علوم مخفی سے دلچسپی |
| جمعرات | 3 | 26 | 21 | 6-52 | 17-40 | 7-13 | 18-16 | | | بلعہ 00-18 | 1 | بوجہ فضول خرچی آخر عمر میں خواری، دوسرے سے تعاون پسند |
| جمعہ | 4 | 27 | 22 | 6-52 | 17-41 | 7-13 | 18-17 | 10-32دلو | | سعود 02-03 | 2 | زیادہ مسائل، مالی پریشانی، گھر سے باہر وقت گزارنا |
| ہفتہ | 5 | 28 | 23 | 6-51 | 17-42 | 1-12 | 18-17 | | [illegible] | اخبیہ 03-29 | 3 | ادب میں بڑا نام، شہرت، بہترین یادداشت |
| اتوار | 6 | 29 | 24 | 6-51 | 17-43 | 7-12 | 18-18 | 3-21حوت | | مقدم 04-32 | 4 | حادثات، فضول خرچی، مزاجاً خوشگوار |
| پیر | 7 | ذیقعد | 25 | 6-50 | 17-44 | 7-11 | 18-18 | | | موخر 05-13 | 5 | بوجہ غیر مستقل مزاجی و لاپروائی بدقسمت |
| منگل | 8 | 2 | 26 | 6-49 | 17-45 | 7-10 | 18-19 | | | رشا 05-18 | 6 | لوگوں سے میل جول، جذباتی نہ ہونا کامیاب ہونا |
| بدھ | 9 | 3 | 27 | 6-48 | 17-46 | 7-10 | 18-19 | 5-18حمل | | شرطین 05-18 | 7 | زیر زمین معدنیات کی تلاش، اندھا اعتماد کر کے دھوکہ کھانا |
| جمعرات | 10 | 4 | 28 | 6-47 | 17-47 | 7-09 | 18-20 | | | بطین 05-08 | 8 | محنت سے کامیابی، جزوی طور پر متوازن زندگی |
| جمعہ | 11 | 5 | 29 | 6-47 | 17-48 | 7-09 | 18-21 | 11-22ثور | شرف قمر | ثریا 04-34 | 9 | بہترین تخیل و جارحیت پسند، ریاضی دان |
| ہفتہ | 12 | 6 | 30 | 6-46 | 17-49 | 7-08 | 18-21 | | | دبران 03-12 | 1 | کامیابی، سوچ بچار، مزاح سے دور |
| اتوار | 13 | 7 | پھاگن | 6-45 | 17-50 | 7-08 | 18-22 | 15-24جوزا | | ہقعہ 01-26<br>ہنعہ 23-19 | 2 | فضول خرچ، معدنیات میں دلچسپی، مزاجاً ترش و تیز غصہ ور |
| پیر | 14 | [illegible] | 2 | 6-44 | 17-51 | 7-08 | 18-22 | | | ذراعہ 20-35 | 3 | فضول خرچی، منصوبہ بندی کے بغیر فیصلہ، مشکلات |
| منگل | 15 | 9 | 3 | 6-43 | 17-52 | 7-08 | 18-23 | 17-46سرطان | ہبوط عطارد | نثرہ 17-46 | 4 | فوج میں اونچا عہدہ، کیمیادان، اچھی قابلیت، ذہانت |
| بدھ | 16 | 10 | 4 | 6-42 | 17-52 | 7-06 | 18-24 | | | طرفہ 15-05 | 5 | دھات (اسٹیل) میں کامیابی، تنگ سوچ، غصیلے |
| جمعرات | 17 | 11 | 5 | 6-41 | 17-53 | 7-05 | 18-24 | 19-12اسد | | جبہ 11-43 | 6 | سمجھ دار، خوش نصیب، عمدہ ترین صلاحیتیں کامیاب زندگی |
| جمعہ | 18 | 12 | 6 | 6-40 | 17-54 | 7-04 | 18-25 | | | زبرہ 08-18 | 7 | سنبھل کر چلنا اچھا میکینیکل انجینئرنگ، مختلف ذرائع آمدن پر انحصار |
| ہفتہ | 19 | 13 | 7 | 6-39 | 17-55 | 7-03 | 18-25 | 20-54سنبلہ | مکمل چاند | صرفہ 05-03 | 8 | ٹیکنیکل فیلڈ میں بہتر مستقبل، جذباتی غصیلے، قوت یادداشت اچھی |
| اتوار | 20 | 14 | 8 | 6-38 | 17-55 | 7-02 | 18-26 | | | عوا 02-13 | 9 | تجارت، انڈسٹری کامیابی، اچھی قسمت |
| پیر | 21 | 15 | 9 | 6-37 | 17-56 | 7-01 | 18-27 | | | سماک 00-04 | 1 | نت نئے منصوبے وقت کا ضیاع، لکھاری |
| منگل | 22 | 16 | 10 | 6-36 | 17-57 | 7-00 | 18-27 | 22-00میزان | | غفرہ 00-22<br>زبانا 23-28 | 2 | جلدی تھک جانے والے تعمیراتی اور آرٹسٹک فنکار لوگ |
| بدھ | 23 | 17 | 11 | 6-35 | 17-57 | 7-00 | 18-28 | | | اکلیل 23-15 | 3 | فوراً اعتماد کر لیتے ہیں، کفایت شعار نہیں ہوتے، آرٹسٹک لوگ |
| جمعرات | 24 | 18 | 12 | 6-34 | 17-58 | 6-59 | 18-29 | 6-59عقرب | ہبوط قمر | قلب 23-02 | 4 | ترقی یافتہ فوجی ہو سکتے ہیں، غصہ ور، بے صبرے |
| جمعہ | 25 | 19 | 13 | 6-33 | 17-59 | 6-58 | 18-30 | | | شولہ 23-30 | 5 | رسک سے بھرپور کھیل کے شوقین، اعلیٰ تخلیقی صلاحیتیں |
| ہفتہ | 26 | 20 | 14 | 6-32 | 18-00 | 6-57 | 18-30 | 17-11قوس | | | 6 | دوسروں کے لیے جذبہ ہمدردی، بہ حیثیت ڈاکٹر کامیاب |
| اتوار | 27 | 21 | 15 | 6-31 | 18-00 | 6-56 | 18-32 | | - | نعائم 00-23 | 7 | ہر فن مولا، نسبتاً انڈسٹری میں کامیاب، خوش قسمت، رومانوی |
| پیر | 28 | 22 | 16 | 6-30 | 18-01 | 6-55 | 18-33 | | | بلدہ 01-53 | 8 | مختلف حالات کا سامنا محتاط رہ کر کریں، فنکارانہ ذہن |
| منگل | 29 | 23 | 17 | 6-29 | 18-02 | 6-54 | 18-34 | 5-46جدی | | ذابح 05-46 | 9 | حاسد، متجسس، جارح لوگ، بہترین تخیلاتی طاقت کے مالک |

### داخلہ کوکب فی البروج

☆عطارد در حوت-۵ فروری دوپہر ۱ بجکر ۹ منٹ
☆مریخ در حمل-۱۲ فروری صبح ۶ بجکر ۵ منٹ
☆مشتری در ثور-۱۳ فروری صبح ۲ بجکر ۴۱ منٹ
☆زہرہ در دلو-۱۹ فروری دوپہر ۱ بجکر ۳۴ منٹ
☆شمس در حوت-۱۹ فروری دوپہر ۱ بجکر ۳۴ منٹ

### رجعت و استقامت

☆عطارد در حوت-رجعت ۲۱ فروری شام ۵ بجکر ۵۳ منٹ

### قمری حالتیں

☆نیا چاند-۵ فروری-شام ۶ بجکر ۳ منٹ
☆نصف چاند-۱۳ فروری صبح ۴ بجکر ۲۱ منٹ
☆مکمل چاند-۱۹ فروری رات ۹ بجکر ۷ منٹ
☆نصف چاند-۲۷ فروری صبح ۸ بجکر ۵۴ منٹ

### گرہن

☆سورج گرہن ۵ فروری-شام ۶ بجکر ۳ منٹ

### شرف وہبوط کواکب

☆شرف قمر-۱۱ فروری دوپہر ۲ بجکر ۵۰ منٹ
☆ہبوط عطارد-۱۵ فروری دوپہر ۱۲ بجکر ۹ منٹ
☆ہبوط قمر-۲۴ فروری ۱۰ بجکر ۴۸ منٹ

فنی اور تکنیکی حوالے سے ادارہ مزید بہتری کی کوشش کر رہا ہے اور یہ قارئین کی رائے کی روشنی میں ہی کیا جا رہا ہے۔ آپ بھی اپنی تجویز ارسال کریں۔ شکریہ

عملیاتی اور نجومی راہنمائی کے لیے مکمل یقین کے ساتھ رجوع کریں

free copy
khalidrathore.com
Document Processing Solutions

# علوم مخفی کا خزانہ

## خالد اسحاق راٹھور کی دستیاب کتب

### رعایت

سالانہ خریداروں کو تمام کتب پر 10% خصوصی رعایت دی جاتی ہے۔ ڈاک خرچ 20 روپے

### مستحصلہ قارد الکلام

علوم مخفی سے تعلق قائم ہونے کے بعد جو قواعد میرے علم اور تجربے میں آئے ان میں مستحصلہ کے حل کا سب سے بہترین اور ذاتی استعمال کا کلیہ آپ کے سامنے بلا خلل پیش کیا ہے۔ آزمائش شرط ہے (قیمت ۵۰ روپے)

### علم الحروف

علم الحروف کے موضوع پر ایسی واحد دستیاب کتاب جو اپنے اندر حروف سے متعلق نئے اور تجربہ شدہ روحانی اعمال کے ایسے کرشمے و قواعد لیے ہوئے ہے جو آپ کو چونکا دیں گے ایک لاجواب تحریر۔ (قیمت ۱۰۰ روپے)

### روحانی مشورے

روزمرہ مسائل کے حل کے آسان قابل عمل اور آزمودہ روحانی اور عملیاتی مشورے، قرآنی اور رسول ﷺ سے منسوب دعائیں اس کتاب کی سب سے بڑی خوبی ہے۔ اس لیے ہر گھر میں اس کی موجودگی ضروری ہے۔ (قیمت ۳۸ روپے)۔

### تل شناسی

انسانی جسم کا کوئی حصہ ایسا نہیں جس پر تلوں کے اثرات کو زیر بحث نہ لایا گیا ہو۔ اپنی نوعیت کی واحد کتاب۔ (زیر طبع)

### خزینہ اعداد

علم اعداد پر اس سے بہتر اور جامع کتاب آج تک آپ کی نظروں سے نہ گزری ہو گی۔ یہ ایک دعویٰ نہیں حقیقت ہے ضرور پڑھیں۔ (قیمت ۲۰ روپے)

### خالد روحانی جنتری

ہر گھر، فرد اور ماہر علوم مخفی کی ضرورت ایک جامع اور آسان فہم جنتری ہے پڑھنے کے بعد آپ اس کی تعریف کیے بغیر نہ رہ سکیں گے (قیمت ۵۵ روپے)

### ساعات حقیقی

ساعت معلوم کرنے کے درجن بھر طریقوں کے علاوہ ساعات معلوم کرنے کا مصنف کا ذاتی قاعدہ اس کتاب کا بنیادی موضوع ہے۔ کتاب میں تفصیلی جدولیں بھی دی گئی ہیں۔ جن کی مدد سے پاکستان اور دنیا کے ہر مقام کی ساعت ایک منٹ سے بھی کم وقت میں معلوم ہو سکتی ہے۔ حالات زندگی اور مختلف احکام بیان کرنے کے قواعد بھی شامل ہیں۔ (زیر طبع)

### بانڈرس اور لاٹری کے نمبر

معمولی سمجھ بوجھ یا علم والے فرد سے لے کر ماہر فن تک ہر فرد اس کتاب سے استفادہ کر سکتا ہے۔ اعداد، نجوم، جفر، رمل، ساعت، فالنامے، استخارے وغیرہ کے ذریعے انعامی نمبر وغیرہ معلوم کرنے کے مجرب کلیے (قیمت ۱۰۰ روپے)

### اسباق دست شناسی

دست شناسی کے موضوع پر یوں تو لاتعداد کتب دستیاب ہیں۔ لیکن اس کتاب کی خوبی یہ ہے کہ بغیر استاد کے یہ ایک راہنما کا فریضہ انجام دیتی ہے اور کوئی بھی فرد اس کے ذریعے علم دست شناسی سیکھ سکتا ہے۔ ہر اس طالب علم کی بنیادی ضرورت جو اس فن کے رموز سے آشنا ہونا چاہتا ہے۔ (قیمت ۶۰ روپے)

### ۱۰ سالہ جنتری ۲۰۰۱ تا ۲۰۱۰

ہر نجومی اور عامل کی ضرورت ایک ایسی جنتری جس میں ۲۰۰۱ تا ۲۰۱۰ تک تمام کواکب کی رفتاریں دی گئی ہیں۔ ہندی نجوم کے لیے بھی استعمال ہو سکتی ہے۔ (قیمت ۱۱۵ روپے)

**راٹھور پبلشرز، 2/11، محمد نگر، نزد جامعہ نعیمیہ، گڑھی شاہو، لاہور**

free copy
khalidrathore.com
Document Processing Solutions

# خالد روحانی جنتری

ماھنامہ راہنمائے عملیات کا سالنامہ خالد روحانی جنتری ہر سال شائع ہوتی ہے۔
[خا]لد روحانی جنتری ایک ایسی تخلیق ہے جو آپ کی زندگی کے ہر شعبے میں مخلصانہ راہنمائی [کر]تی ہے۔ آپ کسی بھی طبقہ حیات سے تعلق رکھتے ہوں' عورت ہو یا مرد' بوڑھا ہو یا [جو]ان' مزدور ہو یا کاروباری فرد' ملازم ہو یا مالک' نجومی ہو یا عامل کامل' علوم مخفی کا طالب [عل]م ہو یا استاد' یہ ہر فرد اور گھر کی ضرورت ہے۔ آج ہی اپنی کاپی حاصل کریں۔ قیمت 5[0] روپے۔ محصول ڈاک 20 روپے۔

# ؟

راہنمائے عملیات ہر ماہ شائع ہوتا ہے۔ آپ صرف 230 روپے ایک دفعہ ادا کریں۔ ماھنامہ راہنمائے عملیات آپ کو ہر ماہ گھر بیٹھے مل جایا کرے گا۔ اس طرح نہ بازار جانے اور نہ ہی بازار سے پرچہ تلاش کرنے کی زحمت آپ کو اٹھانی پڑے گی۔ اس معمولی رقم کے عوض قیمتی راہنمائے عملیات ہر ماہ آپ کے پاس خود پہنچ جائے گا۔

free copy
ماہنامہ راہنمائے عملیات لاہور
khalidrathore.com
LuraTech Document Processing Solutions

INP 1/1/00 5:25 PM Page 1 (1,1) Plate : Magenta

# 50% رعایت پر زائچہ پیدائش بنوائیں اور

☆ 2000 روپے سے زائد کی بچت

☆ سال بھر راہنمائے عملیات مفت

☆ 100 صفحات پر مشتمل حالات زندگی

ادارے نے قارئین کی نجومی راہنمائی کے لیے زائچہ پیدائش اور دیگر نجومی خدمات کو ایک جگہ اکٹھا کر دیا ہے تاکہ ہر فرد ان سے فائدہ اٹھا سکے۔ اس سلسلے میں ادارہ فی الحال دو سکیمیں متعارف کروا رہا ہے۔ آپ جو بھی سکیم چاہیں اختیار کر سکتے ہیں۔ کل فیس پر 50% کی خصوصی رعایت آپ کو دی جا رہی ہے۔ تاہم یہ رعایت محدود مدت کے لیے ہے۔

## زائچہ پیدائش
## کیا کچھ لیے ہوئے ہوگا

یوں تو دونوں سکیموں کی تمام خدمات واضح ہیں تاہم زائچہ پیدائش بمعہ حالات کی مزید وضاحت کی جا رہی ہے۔ اس میں شمس، قمر، عطارد، زہرہ، مریخ، مشتری، زحل، راس، ذنب، یورنس، نپ چون اور پلوٹو کی زائچے میں خانہ پری، رجعت استقامت کواکب، کواکب کا شرف و ہبوط، کواکب کے درجات، 70 سال کے دور اکبر اور دور اصغر، طالع شمسی، طالع قمری، طالع پیدائش کواکب، شمس، قمر، عطارد، زہرہ، مریخ، مشتری، زحل، یورنس، نپ چون اور پلوٹو کے حوالہ زائچہ مختلف گھروں اور برجوں میں اثرات، اہم کوکبی نظرات بمعہ اثرات اور آئندہ آنے والے دنوں کے حالات زندگی بیان کیے جائیں گے۔ زائچہ پیدائش سفید کاغذ پر، کمپیوٹر سے اردو میں ٹائپ اور خوبصورت لیزر پرنٹ میں دیا جائے گا۔ ساتھ ہی اس کو کتابی شکل دینے کے لیے جلد بھی کروا دیا جائے گا تاکہ تمام عمر کام دے۔ اس سارے کام کا الگ سے کوئی معاوضہ بھی نہیں لیا جائے گا بلکہ زائچے کی فیس میں ہی یہ خدمات بھی انجام دی جائیں گی۔

### کوکبی سکیم نمبر 1

| | |
|---|---|
| زائچہ پیدائش | 200 |
| خوش قسمتی کا پتھر | 200 |
| نام کا استخراج / کوکبی جائزہ | 200 |
| زائچہ پیدائش بمعہ حالات | 2000 |
| آئندہ ایک سال کے حالات | 500 |
| زر سالانہ | 230 |
| کل فیس | 3330 |

50% رعایت فیس جو ادا کرنی ہے 1665

### کوکبی سکیم نمبر 2

| | |
|---|---|
| زائچہ پیدائش | 200 |
| خوش قسمتی کا پتھر | 200 |
| نام کا استخراج / کوکبی جائزہ | 200 |
| زائچہ پیدائش بمعہ حالات | 2000 |
| آئندہ تین سال کے حالات | 1500 |
| زر سالانہ | 230 |
| کل فیس | 4330 |

50% رعایت فیس جو ادا کرنی ہے 2165

جواب طلب امور کے لیے جوابی لفافہ ارسال کریں

خالد اسحاق راٹھور، مکان 2، گلی 11، محمد نگر، نزد جامعہ نعیمیہ، گڑھی شاہو، لاہور

free copy
khalidrathore.com
Document Processing Solutions